یہ مجھے کیا ہوتا جا رہا ہے۔۔۔میں کیوں حور۔۔۔کے بارے میں اتنا سوچ رہا ہوں ۔۔۔۔میں تو اس کے بارے میں کچھ جانتا بھی نہیں ہوں۔۔۔۔پھر بھی مجھے حور۔۔۔کا کسی اور سے بات کرنا اچھا کیوں نہیں لگتا ہے۔۔۔۔وہ اپنے آپ سے ہی سوال جواب کر رہا تھا۔۔۔لیکن شاہد۔۔۔وہ ابھی تک محبت کے احساس سے واقف نہیں تھا۔۔۔۔یا ابھی۔۔۔۔اس جذبے کو ماننا ہی نہیں چاہتا تھا۔۔۔

لیکن بہت جلد وہ اس چیز کا اعتراف کرنے والا تھا کہ اس کو حور سے۔۔۔پہلی نظر والی محبت ہو گئی ہے۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

آج حور۔۔۔کو آفس میں کام کرتے کرتے کافی لیٹ ہو گیا۔۔۔جب وہ آفس ۔۔۔۔سے نکلی تو سڑک کنارے کسی آٹو۔۔کا انتظار کرنے لگی۔۔۔۔لیکن کافی دیر تک انتظار کرنے کے باوجود بھی اسے کوئی آٹو۔۔۔۔آتا نظر نہیں آیا تھا ۔۔۔۔اب تو وہ صحیح معنوں میں پریشان ہو گئی تھی۔۔۔۔

گھر میں تائی اور تایا کافی پریشان ہوں گے۔۔۔یہی سوچ سوچ کر واس کو مزید گھبراہٹ۔۔۔ہو رہی تھی۔۔۔اور آٹو۔۔۔۔نہ ملنے کی وجہ سے اسے رونا بھی آ رہا تھا۔۔۔۔۔جسے وہ بمشکل کنڑول کیے کھڑی تھی۔۔۔۔کافی دیر تک وہ ویسے ہی کھڑی رہی۔۔۔۔لگتا ہے آج کسی آٹو نے آنا ہی نہیں ہے۔۔۔۔۔

حور۔۔۔۔اپنے دل میں سوال کرتی ہے۔۔۔۔۔

ابھی اسے وہاں پر کھڑے کچھ دیر گزری تھی۔۔۔کہ اس کے سامنے ایک بڑی سی گاڑی آکر رکتی ہے۔۔۔۔وہ نظریں اٹھا کر دیکھتی ہے تو گاڑی میں شہریار بیٹھا۔۔۔ نظر آیا وہ گاڑی کا شیشہ نیچے کرتے ہوئے۔۔۔۔بولتا ہے۔۔۔۔مس حور۔۔۔آپ یہاں پر کھڑی ہیں آئے میں آپ کو۔۔۔۔۔آپ کے گھر تک چھوڑ دیتا ہوں۔۔۔۔

اس ٹائم یہاں پہ سڑک کنارے کھڑے ہونا اچھی بات نہیں؟؟؟؟

نہیں سر میں چلی جاؤں گی۔۔۔۔حور شہریار کے ساتھ جانا ہی نہیں چاہتی تھی۔۔۔۔وہ جانتی تھی۔۔۔۔یہ کھڑوس انسان راستے میں پھر مجھے۔۔۔۔کسی نہ کسی بات کو لے کر باتیں۔۔۔۔سنانا شروع ہو جائے گا!!!!!

دیکھیں مس حور۔۔۔موقع کی نزاکت کو سمجھیے۔۔۔۔مجھے بھی کوئی شوق ۔۔۔۔نہیں ہے۔۔۔۔آپ کو۔۔۔۔اپنے ساتھ لے کے جانے کا لیکن اب شام

ہو گئی ہے۔۔۔ یہاں سے کوئی آٹو۔۔۔ رکشہ۔۔۔۔۔ نہیں ملے گا۔۔۔۔ آپ کب تک یہاں پر کھڑی رہیں گی۔۔ گھر چلیں۔۔۔۔ آپ۔۔۔ کے گھر والے بھی پریشان ہو رہے ہوں گے !!!

مجھے اپنے گھر کا ایڈریس بتائیں ؟؟؟ میں آپ کو آپ کے گھر تک چھوڑ آتا ہوں.... تائی امی۔۔ اور تایا۔۔۔ کا سوچ کر حور اس کے ساتھ جانے کے لیے رضامند ہو گئی تھی۔۔۔۔ وہ گاڑی کا پچھلا دروازہ کھول کر بیٹھنے لگی۔۔۔۔ جب شہریار اپنی آنکھوں سے اپنے گلاسز اتارتا ہوا بولتا ہے !!!!!

مس حور۔۔۔۔ میں آپ کا ڈرائیور نہیں ہوں۔۔۔۔ اگے آ کر بیٹھے۔۔۔ حور غصے سے۔۔۔ دروازہ بند کرتے ہوئے۔۔۔ فرنٹ سیٹ پر آ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔ شہریار۔۔۔۔ حور۔۔۔۔ کے تپے تپے سے۔۔۔۔ چہرے کو دیکھتے ہوئے ۔۔۔۔ گلاسز دوبارہ اپنی آنکھوں پہ لگاتے ہوئے۔۔۔۔ گاڑی سٹارٹ کرتا ہے۔۔۔۔

حور۔۔۔اسے اپنے گھر کا ایڈریس بتاتی ہے۔۔۔اور شہریار کچھ ہی دیر میں۔۔۔اس کے گھر کی گلی کے سامنے کھڑا تھا۔۔۔

بس سر۔۔۔یہیں اتار دیں۔۔۔

کیوں؟؟؟ کیا آپ کے گھر میں مہمان نہیں آتے ہیں؟؟؟؟

سر کیوں نہیں آتے ہیں۔۔۔ مہمان تو اللہ کی رحمت ہوتے ہیں۔۔۔ حور۔۔۔دھیمے لہجے میں بولتی ہے۔۔۔

تو پھر کیا میں آپ لوگوں کے گھر نہیں آسکتا۔۔۔

یہ بات نہیں ہے سر؟؟؟ ہم لوگ مڈل کلاس گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں... ہمارے پاس سالوں کی کمائی ہوئی صرف عزت ہی ہوتی ہے۔۔۔ اگر کسی نے آپ کو دیکھ لیا تو طرح۔۔۔ طرح کی باتیں بنائیں گے !!!!

اور سر۔۔۔ میں نہیں چاہتی۔۔۔ کوئی میرے کردار پر انگلی اٹھائے۔۔۔ یا میری وجہ سے میری تائی امی۔۔۔ یا تایا ابو کو باتیں سنائیں۔۔۔۔ مظبوط لہجے سے بولتی۔۔۔ حور۔۔۔ شہریار آفندی۔۔۔ کو لاجواب کر گئ۔۔۔۔

حور۔۔۔ کی بات کو۔۔ شہریار سمجھ گیا تھا۔۔۔ ٹھیک ہے مس حور اپنا خیال رکھیے گا۔۔۔ نہ جانے کس خیال کے تحت وہ یہ بات بول گیا۔۔۔۔

حور۔۔۔ جو سر جھکائے گلی کی طرف جانے لگی تھی۔۔۔ شہریار کی بات سن کر اپنی گھنی خم دار پلکیں اٹھا کر شہریار کی طرف دیکھتی ہے۔۔۔۔ جو اسے ہی دیکھ

رہا تھا۔۔۔حور۔۔۔کا پلکیں اٹھا کر دیکھنا تھا۔۔۔۔کہ شہریار کا دل ڈوب کر ابھرا تھا!!!!

حور۔۔۔بنا کچھ بولے اپنی گلی کے اندر انٹر ہو گئ۔۔۔اور

شہریار۔۔۔ایک۔۔۔سرد سانس ہوا میں خارج کرتے ہوئے۔۔۔اپنی گاڑی کی جانب بڑھ جاتا ہے۔۔۔۔

نہ جانے حور۔۔۔اور شہریار کی زندگی ان کو کس موڑ پر لانے والی تھی۔۔۔یہ تو آنے والا وقت ہی بتانے والا تھا۔۔۔لیکن ہاں یہ تو تہہ تھا کہ ان دونوں کی۔۔۔ڈوریاں آپس میں الجھی ہوئیں تھیں۔۔۔یہ جیسے مرضی لڑتے رہے ۔۔۔لیکن انہوں نے رہنا تو ایک ساتھ ہی تھا۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

شہر یار۔۔۔آفندی کچھ دیر پہلے ہی مینشن واپس آیا تھا۔۔۔وہ فریش ہوتے ہوئے۔۔۔آئینے کے سامنے کھڑا اپنے بال بنا رہا تھا۔۔۔اور آج دن کے بارے میں سوچ رہا تھا۔۔۔۔

پہلے۔۔ صبح حور۔۔۔کو وسیم کی وجہ سے باتیں سنائی۔۔۔اس کے بعد۔۔۔آج اس کو عارم آفندی۔۔۔نے بہت ضروری فائل دی ہوئی تھی۔۔۔جس پر وہ صبح سے کام کر رہا تھا۔۔۔اس کو بھی آج اتفاق سے لیٹ ہو گیا تھا۔۔۔۔

جب وہ اپنی گاڑی لے کر آفس سے نکلتا ہے۔۔۔تو روڈ کنارے اس کو حور ۔۔۔کھڑی نظر آئی۔۔۔جو شاید کسی آٹو۔۔۔۔یار کشے کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔ مغرب کا ٹائم ہو گیا تھا۔۔۔اس ٹائم۔۔۔ٹریفک نہ ہونے کے برابر۔۔ تھی ۔۔۔پہلے تو شہر یار گزرنے لگا تھا۔۔۔

لیکن پھر نہ جانے کیوں اس کا دل نہیں کیا۔۔ حور۔۔۔ کو یوں تنہا چھوڑ کر جانا ۔۔۔اور وہ گاڑی اس کے سامنے روک لیتا ہے۔۔۔۔یہ سب سوچتے ہوئے۔۔۔۔ شہریار کو پتہ بھی نہیں چلا کہ اس کے لب مسکراہٹ میں ڈھلے تھے۔۔۔۔

یہ لڑکی کسی دن مجھے پاگل کر کے ہی چھوڑے گی۔۔۔نہ جانے ایسا کیا ہے حور۔۔۔ تم میں کے یہ دل تمہاری طرف کھینچتا ہی چلا جا رہا ہے۔۔۔وہ آئینے کے سامنے کھڑا حور سے مخاطب تھا۔۔

شہریار بھائی ڈنر تیار ہے آجائیں؟؟؟؟

ماہا۔۔۔ شہریار کو بلانے اس کے کمرے میں آتی ہے۔۔ شہریار جو آئینے کے سامنے کھڑا۔۔۔ گہری سوچوں میں گھوم تھا۔۔ماہا۔۔۔۔ کی بات سن نہ

سکا۔۔۔جب ماہا۔۔۔دوبارہ اس کے قریب آتے ہوئے بولتی ہے
۔۔۔۔چھوٹے نواب۔۔۔۔کس کی سوچ میں گم ہیں!!!!!

خود کے قریب سے ماہا۔۔۔کی آواز سن کر تو شہریار۔۔۔اپنی سوچوں کا تسلسل چھوڑ کر حال میں لوٹتا ہے۔۔۔۔۔

کچھ نہیں بھابی؟؟؟؟

کچھ تو ہے چھوٹے نواب۔۔۔۔۔ورنہ اتنی گہری سوچوں میں پہلے تو کبھی گم نہیں ہوئے آپ!!!!

بتایا ہے نا بھابی۔۔۔کچھ نہیں شہریار دھیمے سے مسکراتے ہوئے آئینے کے سامنے سے ہٹ جاتا ہے۔۔۔۔۔

کوئی کام تھا بھا بھی؟؟؟

ہاں وہ ڈنر تیار ہے۔۔۔آجائیں آپ بھی۔۔۔۔

آپ۔۔۔ چلیں میں آرہا ہوں۔۔۔

ٹھیک ہے چھوٹے نواب۔۔۔ جلدی آیئے گا۔۔۔۔ماہا۔یہ بولتے ہوئے ایک نظر شہریار کو دیکھ کر اس کے کمرے سے نکل جاتی ہے۔۔۔۔اور تھوڑی دیر بعد شہریار بھی ڈنر کرنے کے لیے ڈائننگ ٹیبل پر پہنچ جاتا ہے۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

حور کو گھر پہنچتے پہنچتے سات بج گئے تھے۔۔۔ مغرب کی اذانیں کب سے آچکی تھیں۔۔۔۔تائی ہاجرہ۔۔۔اسی کے۔۔۔انتظار میں باہر صحن۔۔میں چکر لگا رہی تھی۔۔۔۔جب حور۔۔گھر کے اندر داخل ہوتی ہے۔۔۔۔

السلام علیکم تائی امی؟؟؟؟

وعلیکم السلام۔۔۔۔اتنی دیر کہاں لگادی حور بیٹا۔۔۔میں کافی پریشان ہو رہی تھی۔۔۔۔تمہاری وجہ سے؟؟؟؟

سوری تائی امی۔۔۔۔آج۔۔۔آفس میں کام بہت زیادہ تھا۔۔۔تو مجھے لیٹ ہو گیا!!!!!

خیال رکھا کرو۔۔۔اور اس ٹائم تک گھر سے باہر رہنا۔۔لڑکیوں کے لیے اچھا نہیں ہے!!!!!

جی تائی امی۔۔۔۔میں آئندہ احتیاط کروں گی!!!!

تائی ہاجرہ۔۔۔حور۔۔۔کو صحیح سلامت دے کر سکھ کا سانس لیتی ہے۔۔۔اور اس کے پیچھے۔۔۔پیچھے کمرے میں آتی ہے۔۔۔۔حور۔۔۔۔کمرے میں آ کر۔۔۔اپنا عبایا۔۔۔اتارتی ہے۔۔۔۔اور فریش ہونے کے لیے واش روم کا رخ کرتی ہے۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر بعد وہ فریش ہوتی۔۔۔ٹاول سے اپنا منہ پہونچتے ہوئے۔۔۔۔واش روم سے باہر نکلتی ہے۔۔۔۔ٹاول کو دروازے پہ لٹکا کر۔۔۔۔حور۔۔۔۔کھانا کھانے کے لیے کچن کا رخ کرتی ہے!!!

تائی ہاجرہ نے۔۔۔۔اس کے آنے سے پہلے ہی کھانا تیار کر رکھا تھا۔۔۔آج تابش بھی گھر میں آیا ہوا تھا!!!

حور۔۔۔ جیسے کچن میں داخل ہوتی ہے۔۔۔تابش پہلے سے کچن میں موجود تھا۔۔۔وہ تابش کو سلام کرتی ہے۔۔۔۔ حور کو دیکھ کر تابش کی آنکھوں میں ہوس چمکی تھی۔۔۔۔

کیسی ہو حور؟؟؟؟

میں ٹھیک ہوں۔۔۔تابش بھائی۔۔۔آپ کیسے ہیں؟؟؟؟

کتنی بار تمہیں بولا ہے؟؟ مجھے بھائی نہیں بولا کرو.... نہیں ہوں میں تمہارا بھائی....تابش غصے سے حور کی طرف دیکھ کر بولتا ہے....

حور۔۔۔نا سمجھی سے اس کو دیکھتی ہے۔۔۔۔تابش بھائی میں نے بھی آپ سے کتنی بار بولا ہے۔۔۔۔آپ مجھ سے عمر میں بڑے ہیں۔۔۔۔میں عزت سے

آپ کو بھائی بولتی ہوں۔۔۔اور ہمارا ایسا کوئی رشتہ نہیں ہے۔۔۔کہ میں آپ کو بھائی نہ بولوں!!!!

رشتہ نہیں ہے۔۔۔تو بہت جلد بن جائے گا!!!

کیا مطلب آپ کا؟؟؟حور غصے سے تابش سے پوچھتی ہے!!!!

وہ تو تمہیں بہت اچھے سے سمجھ آجائے گا۔۔۔یہ کہتے ہوئے۔۔۔تابش۔۔۔کچن سے نکل گیا۔۔۔اور تابش کی باتوں کو سیریس نہ لیتے ہوئے۔۔۔حور ۔۔۔کھانے کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔۔۔۔

کھانا کھانے کے بعد وہ مغرب کی نماز ادا کرتی ہے۔۔۔اور تائی ہاجرہ کے پاس اس کے کمرے میں چلی جاتی ہے۔۔۔تاکہ انہیں پوچھ سکے۔۔۔اسے کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ہے۔۔۔

تائی امی۔۔۔آپ کو کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔وہ اجازت لیتے ہوئے اپنی تائی اور تایا۔۔۔کے مشترکہ کمرے میں آتی ہے!!!!

افتخار اجمل۔۔۔۔حور۔۔۔۔کا تایا تھا۔۔۔۔جس کی عمر تقریبا60 سال کے قریب تھی۔۔۔۔وہ کام کاج سے فارغ تھے۔۔۔۔ایک تو اس کو جگر کا مسئلہ تھا۔۔۔۔اسی وجہ سے مجبوری کے تحت حور کو نوکری کرنا پڑ رہی تھی ۔۔۔۔۔تابش تو کسی کام کا ہی نہیں تھا!!!!!

بوڑھے ماں باپ کے لاچار ہونے کے باوجود۔۔۔۔ بھی اس کو کام کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی تھی۔۔۔۔۔۔

نہیں حور بیٹا۔۔۔۔مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے!!!!

اچھا۔۔۔تائی امی۔۔۔میں چائے بنانے لگی ہوں۔۔۔آپ نے پینی ہے ۔۔۔۔تو بتادیں۔۔۔۔

ہاں ایسا کرو ایک کپ میرے لیے بھی بنالو۔۔۔اور ایک کپ اپنے تائے ابو کے لیے بھی بنادو۔۔۔۔جی ٹھیک ہے۔۔۔حور ایسا بولتے ہوئے کمرے سے نکل جاتی ہے۔۔۔۔

جیتی رہے اللہ اس کی زندگی دراز کرے اس کے نصیب اچھے کرے۔۔۔کتنی نیک بچی ہے۔۔۔۔تائی حاجرہ۔۔۔اپنے گھٹنوں کو دباتے ہوئے۔۔۔۔حور کو دعائیں بھی دیتی جارہی تھی۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

ہمیشہ کی طرح آج پھر حور۔۔۔۔وقت پر آفس پہنچ گئی تھی۔۔۔
حور۔۔ کو عارم آفندی۔۔۔کے آفس میں کام کرتے ہوئے۔۔۔ تین مہینے گزر چکے تھے!!

جیسے ہی وہ آفس آتی ہے شہریار۔۔۔اس کے انتظار میں پہلے ہی آفس میں موجود تھا۔۔۔۔یہ تو اب روز کا معمول بن چکا تھا۔۔جانے ان جانے میں صحیح لیکن حو۔۔۔ شہریار۔۔۔کے دل پر حکومت کرنے لگ گئی تھی۔۔۔۔

یہ بات تو شہریار خود نہیں جانتا تھا۔۔وہ جس نے آج تک کبھی کسی لڑکی کی طرف ایک غلط نگاہ ڈالنا بھی ضروری نہیں سمجھا تھا۔۔۔وہ ایک معمولی سی اپنی آفس ورکر پر دل ہر بیٹھا تھا۔۔۔۔اور ورکر بھی وہ جو پہلے سے ہی شادی شدہ رہ چکی تھی!!!!

لیکن یہاں پہ معاملہ محبت کا تھا۔۔۔ محبت دیکھ کر تو نہیں ہوتی نا محبت تو بن دیکھے ہو جاتی یہ ایسا جذبہ ہے جس میں رنگ شکل صورت امیری غریبی کو نہیں دیکھا جاتا۔۔۔ دل تو دل ہے کسی پر بھی آسکتا ہے!!!

شہریار کا بھی کچھ ایسا ہی حال تھا وہ وہ بزنس کا بے تاج بادشاہ۔۔۔ جس سے لوگ ڈیل کرنے کے لیے مہینوں انتظار کرتے تھے۔۔ وہ ایک معمولی سی لڑکی پر اپنا دل ہار بیٹھا تھا۔۔ جس کو دیکھتے ہی اس کے دن کا اغاز ہوتا تھا۔۔۔

مس حور.. آپ کو سر شہریار اپنے کیبن میں بلا رہے ہیں آفس بوائے نے جیسے ہی آکر حور۔۔۔۔ کو شہریار کا پیغام دیا۔۔۔ حور کے ماتھے پر بل پڑے تھے۔۔۔۔ یہ بندہ اس کو بہانے بہانے سے اپنے کیبن۔۔۔۔ میں بلاتا تھا!!!!

وہ جانتی تھی۔۔۔ اس کا بوس۔۔۔۔ اچھی نیت کا مالک ہے۔۔۔۔ حور کو کبھی بھی اس کی نیت میں کوئی کھوٹ نظر نہیں آیا تھا لیکن پھر بھی نہ جانے کیوں

شہر یار کے بولتی آنکھوں سے حور۔۔۔۔ہمیشہ پزل سی ہو جاتی تھی۔۔۔۔سب کے سامنے کونفیڈنس سے رہنے والی حور شہر یار کے سامنے ہمیشہ لڑکڑا جاتی تھی۔۔۔۔

یس سر آپ نے مجھے بلایا؟؟؟

حور۔۔۔۔شہر یار کے کیبن۔۔۔میں آکر نوک۔۔کرتے ہوئے پوچھتی ہے اس کے چہرے پر ہمیشہ کی طرح آج بھی حجاب تھا۔؟۔بڑی بڑی غزالی آنکھیں نکھری ہوئی رنگت کے ساتھ۔۔۔نہاہت دلکش لگ رہی تھیں۔۔۔جنہیں دیکھتے ہیں شہر یار کے دل میں سکون سا اترتا۔۔۔۔محسوس ہوا تھا وہ خود اس چیز کو سے سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ اخر اس کو کیا دن بدن اس کو کیا ہوتا جا رہا ہے۔۔۔۔حور۔۔۔اس کے لیے لازم ہو چکی تھی۔۔۔

جی میس حور۔۔۔اج سے آپ میرے انڈر میں کام کریں گی۔۔۔

شہریار۔۔۔حور کے سر پر دھماکے کرتے ہوئے۔۔۔اطمینان۔۔سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔۔۔۔پر سر میں تو عارم سر۔۔۔کے انڈر کام کرتی ہوں نا

۔۔۔۔۔

جی ہاں مجھے پتہ ہے۔۔۔ لیکن آج سے آپ میرے انڈر میں کام کریں گے۔۔۔اور میرے ہر حکم کی تعمیل کریں گی۔۔۔اوکے۔۔۔۔حور۔۔۔ کے پاس اور کوئی چارہ بھی تو نہیں تھا۔۔۔ایک اتنی اچھی نوکری اور آفس میں سب لوگ بھی حور کے ساتھ بہت اچھے سے رہتے تھے۔۔اس لیے حور۔۔۔کو شہریار کی بات ماننے میں ہی بہتری لگی۔۔۔۔۔

اوکے سے جیسا۔۔آپ کو مناسب لگے مجھے تو جاب کرنی ہے۔۔حور۔۔۔نرمی سے شہریار کو جواب دیتی ہیں!!!!

سو یہ فائل لے جائیں؟؟آج سے آپ اس پر کام کریں گی۔۔اور مجھے کام میں کوئی کوتاہی نہیں چاہیے۔۔وقت پر کام چاہیے؟؟؟

اوکے سر۔۔۔اب میں جاسکتی ہوں۔۔حور۔۔عاجز لہجے سے بولتی ہے!!!

ٹھیک ہے مس حور۔۔۔آپ جائیں۔۔۔۔شہریار بھی زیادہ دار حور۔۔۔کو اپنے سامنے کھڑا نہ کر پایا۔۔۔اور اس کو جانے کی اجازت دے دی۔۔۔۔

حور کے جاتے ہی۔۔۔وہ اپنا سر کرسی پر ٹکائے آنکھیں بند کر لیتا ہے۔۔۔۔جیسے ہی وہ انکھیں بند کرتا ہے۔۔۔چھم سے اس کی۔۔آنکھوں کے سامنے حور کا خوبصورت چہرہ آجاتا ہے!!!!

حور۔۔۔تم مجھے پاگل کر دو گی۔۔۔کسی دن وہ جلدی سے انکھیں کھولتا ہوا ۔۔۔۔منہ میں بڑبڑانے لگا!!!!

اس سے پہلے کہ وہ کچھ اور سوچتا۔۔۔اس کے نمبر پر کال آنے لگی۔۔۔۔کال اس کے سب سے اچھے دوست ساحر خان۔۔۔۔کی تھی!!!!

یار کہاں پہ ہو۔۔۔تم تو۔۔۔ نظر ہی نہیں۔۔۔اتے ہو۔۔۔شہر یار۔۔۔جیسے ہی کال پک کرتا۔۔ساحر اس کی سنے بنا ہی۔۔۔سٹارٹ ہو چکا تھا۔۔۔۔

کچھ نہیں یار۔۔۔بابا جانی نے ایک ضروری کام دیا ہوا ہے۔۔۔بس وہی کر رہا ہوں۔۔۔وہی بازی رہتا۔۔۔ٹائم ہی نہیں ملتا ملنے کا؟؟

مجھے کچھ نہیں پتا۔۔۔آج رات ہم سب دوست اکٹھے ہو رہے ہیں۔۔۔۔تو وہاں پر تم بھی لازمی اؤ گے؟؟؟

لیکن یار مجھے صبح کو ٹائم پہ آفس جانا ہوتا ہے۔۔۔

شہریار آفندی۔۔۔۔اب تم میری بات بھی نہیں مانو گے۔۔۔اور تم نے کون سا کہیں پہ جا کے نوکری کرنی ہے۔۔۔۔ تمہارا اپنا ہی آفس ہے۔۔۔جب مرضی چلے جاؤ گے!!!!

وہ بات نہیں ہے یار؟؟؟شہریار۔۔۔ساحر۔۔کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہے!!! لیکن وہ بھی اگے سے ساحر خان تھا۔۔۔شہریار۔۔۔۔ایک نہ سننے والا۔۔۔

میں کچھ بھی نہیں سننا چاہتا۔۔۔۔آنا تو تجھے ہو گا۔۔اور یہ میں تمہیں بتا رہا ہوں۔۔میں نے تجھ سے پوچھنے کے لیے کال نہیں کی شہری۔۔۔۔صرف بتایا ہے سحر اسے بولتا ہے!!!

آخر شہریار۔۔۔کو ساحر۔۔۔۔کی بات ماننے ہی پڑی۔۔۔۔کیونکہ وہ اس کا بچپن کا دوست تھا۔۔۔اور بعض جگہوں پر ہمیں اپنا من مار۔۔۔۔کر بھی دوسرے کی

بات رکھنی پڑتی ہے۔۔۔کیونکہ وہ ہماری زندگی کا ایک لازمی جزو ہوتے ہیں۔۔۔۔جن کو ہم ناراض نہیں کر سکتے۔۔۔اور ساحر خان۔۔۔۔بھی شہریار کی زندگی میں ایک لازمی جزو ہی تھا۔۔۔۔جس کی بات شہریار آفندی۔۔۔۔کبھی بھی نہیں ٹالتا تھا۔۔۔۔اور دوستی کی پہچان بھی یہی ہوتی ہے۔۔۔ایک دوسرے کی بات کو سمجھنا اور ساتھ دینا!!!

♥♥♥♥♥♥♥♥

امی آپ کب شادی کروائیں گے میری حور سے۔۔اب تو اسے طلاق بھی ہو گئی۔۔۔اب تو میری شادی کروادے۔۔تابش۔۔آج پھر صبح سویرے اپنی۔۔۔ماں کے سر پر حور سے شادی کی رٹ لگائے کھڑا تھا!!!!

پہلے کوئی کام دھندا تک کر لو پھر اس بچی کا ہاتھ تھمارے۔۔۔ہاتھ میں دوں گی۔۔۔ایسے کیسے تمہیں بن ماں باپ کے بچی کا ہاتھ تھمارے۔۔۔۔ہاتھ میں دے دو!!!

کماتے۔۔تو تم ٹکا نہیں ہو اور شادی کی تمہیں پڑی ہوئی ہے تابش۔۔۔کی ماں اس کی اچھی خاصی کر چکی تھی!!!

امی کبھی کبھی تم مجھے ایسا لگتا ہے۔۔تم میری نہیں حور کی ماں ہو جیسے تم اس کا ساتھ دیتی ہو؟؟؟

ہاں تو اور کیا کروں۔۔۔۔تم جیسے نکمے کے ہاتھ میں حور کا ہاتھ دے دوں۔۔۔۔ وہ بچی سارا دن آفس میں کام کرتی۔۔گھر آ کے گھر کے بھی سارے کام کرتی ہے۔۔۔تمہارے باپ اور میری خدمت بھی کرتی ہے۔۔۔۔۔تو پھر میں کیسے اسے ایسے کسی کے ہاتھ میں دے دوں؟؟؟

مجھے تو اللہ سے ڈر لگتا ہے کہ اگر میں اس کے ساتھ نہ انصافی کر گئی۔۔تو کل کو قیامت کے دن بھائی صاحب۔۔اور بھابھی کو کیا منہ دکھاؤں گی۔۔۔۔پہلے ہی جانے انجانے میں ہم لوگوں سے اس بچی کے ساتھ بہت غلط ہو چکا ہے۔۔۔اب میں مزید اس کے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں ہونے دوں گی!!!

امی میں آج آخری بار بول رہا ہوں۔۔۔میں۔۔۔شادی کروں گا تو حور سے ہی کروں گا۔۔۔چاہئے پھر اس کے لیے مجھے زبردستی ہی کیوں نہ کرنی پڑ جائے۔۔۔حور۔۔۔۔سے!!!!!

ہاتھ لگا کے دکھاتوں۔۔۔بچی کو تمہارے ہاتھ نا میں نے توڑ دیے تو بات ہوئی دفعہ ہو جا اب۔۔۔۔یہاں سے صبح صبح سر کھانے لگ جاتا ہے کام کرنے دے مجھے ہاجرہ بیگم اپنی آوارہ بیٹے کو وہاں سے ٹرکا چکی تھی۔۔۔۔۔

لیکن وہ یہ بات بھی۔۔اچھے سے جانتی تھی۔۔۔وہ زیادہ دیر تک تابش کی اس بات کی نہیں رد نہیں سکتی تھی۔۔۔تابش حور سے شادی کرنے کے لیے بضد تھا۔۔۔اور وہ اس کے لیے کچھ بھی کر سکتا تھا!!!

ہاجرہ بیگم۔۔۔کو اس بات کی۔۔۔بڑی پریشانی لگی ہوئی تھی۔۔۔وہ جلد از جلد۔۔۔حور۔۔۔کی شادی کسی اچھی جگہ پر کروانا چاہتی تھی۔۔۔تاکہ حور ۔۔۔کی زندگی سکون سے گزر سکے۔۔۔

آج تابش کی باتوں کی وجہ سے وہ کافی پریشان ہو چکی تھی۔۔۔دل ہی میں دل میں اللہ سے حور کی حفاظت اور اس کے اچھے نصیب کی دعائیں بھی کرتی جا رہی تھی۔۔۔اور ایسا کیسا ہو سکتا ہے۔۔۔کہ ایک ماں اپنی بیٹی کے لیے اللہ کے حضور دعا کرے۔۔۔اور اللہ اس کی دعا قبول نہ کرے!!!!

لیکن آزمائش تو شرط ہے۔۔۔آزمائش سے گزر کر ہی۔۔۔۔آسانیاں ہوتی ہیں۔۔۔جو اللہ کے دی گئی آزمائشوں پر پورا اترتا ہے۔۔۔انعام کے طور پر اللہ تعالی بھی اس کو اس کو خوشیوں نوازتا ہے۔۔۔اور حور نے بھی اپنے حصے کے ازمائشوں سے گزرنا ہی تھا گزر کر ہی راحت کے دن اس کو نصیب ہونے تھے!!!!

♥♥♥♥♥♥♥

تابش اپنی ماں سے لڑ کر اپنے دوست کے پاس آگیا۔۔وہ بھی تابش کی طرح آوارہ ہی تھا۔۔۔سارا دن جوا۔۔کھیلتے رہتے تھے۔۔اور ساتھ مل کر آتی جاتی۔۔محلے کی لڑکیوں کو چھیڑنا ان کا مشغلہ تھا۔۔۔

کیا بات ہے تابش بڑے غصے میں ہو؟؟فرحان تابش کا دوست اسے پوچھتا ہے!!!

کچھ نہیں یار۔۔ایک تو اماں کی مجھے سمجھ نہیں آتی۔۔

کیوں کیا ہوا۔۔اب؟؟

یار میں اماں سے بولتا ہوں۔۔میری حور۔۔سے شادی کروادے لیکن اماں ہے کہ کوئی میری بات ہی نہیں سنتی۔۔نہ جانے حور کے لیے کون سا شہزادہ گھوڑی پر بیٹھ کر آئے گا۔۔

اس کے دو تین اور بھی آوارہ۔۔دوست وہی بیٹھے ہوئے تھے۔۔حور کا نام سن کر ان کے چہروں پر بھی خباثت سے بھری چمک آگئی۔۔۔

یار ویسے ایک بات ہے۔۔تمہاری وہ کزن ہے بڑی پٹاخہ۔۔۔ان میں سے ایک جو شراب پی رہا تھا۔۔شراب کے نشے سے چور بولتا ہے۔۔

حور۔۔۔کا ذکر سن کر تابش کو بہت غصہ آتا ہے۔۔وہ جا کر اس کا گلا پکڑ لیتا ہے۔۔اور اس کو دباتے ہوئے بولتا ہے۔۔سالے کمینے تو میری حور۔۔۔پر نظر رکھے گا۔۔میں تیری آنکھیں نوچ لوں گا!!!!

باقی تینوں ان کو آپس میں چھڑوانے لگے۔۔یار تم لوگ کیوں آپس میں لڑ رہے ہو۔۔فرحان۔۔جو تابش۔۔کا بچپن کا دوست تھا۔۔وہ دونوں کو ایک دوسرے سے دور کرتے ہوئے بولا؟؟؟

یار یہ میرے ہاتھوں سے آج مر جائے گا۔۔اس کی ہمت کیسے ہوئی۔۔حور۔۔۔کا نام لینے کی حور۔۔صرف اور صرف میری ہے۔۔میں اس سے بچپن سے محبت کرتا ہوں۔۔فرحان۔۔۔تو تابش۔۔کا یہ روپ دیکھ کر یہ حیران رہ گیا تھا۔۔اس کو تو لگتا تھا۔۔تابش۔۔حور۔۔کی خوبصورتی کی وجہ سے اسے شادی کرنا چاہتا ہے۔۔لیکن یہاں پر تو معاملہ ہی کچھ اور نکلا تھا!!!!

اچھا۔۔اچھا؟؟ یار ریلیکس ہو جاؤ۔۔اس کو ہم سمجھاتے ہیں۔۔یاسر۔۔۔ جیسے تابش نے گلے سے پکڑا تھا۔۔وہ خونخوار نظروں سے تابش کو دیکھ رہا تھا!!!

یہ تم نے اچھا نہیں کیا تابش۔۔۔اس کا بدلہ تو میں تم سے لے کر رہوں گا۔۔۔یاسر غصے سے پھنکارتے۔۔۔ہوئے کرسی کو ٹھوکر مار کر کھڑا ہوتا ہے!!!

ہاں۔۔ہاں۔۔لے لینا بدلہ تم کر ہی کیا سکتے ہو؟؟ سارا دن تو شراب پی کر پڑے رہتے ہو... تمہارے اندر اتنی ہمت ہے کہ تم مجھ سے بدلہ لو گے؟؟

تابش۔۔ بھی غصے سے دوبارہ اس کی طرف بڑھنے لگا۔۔جب فرحان اسے رستے میں ہی روک لیتا ہے۔۔ چھوڑ۔۔تابش۔۔۔یہ نشے میں چور ہے۔۔۔اور اس کو کچھ پتہ نہیں۔۔۔یہ کیا بک رہا ہے۔۔ادھر آ تو یہاں پر آ کر بیٹھو اور مجھے

ساری بات بتا۔۔فرحان تابش کا غصہ کم کرتے ہوئے اسے اپنے ساتھ کرسی پر بٹھالیتا ہے۔۔تابش شروع سے لے کر ساری بات اس کو بتاتا ہے۔۔۔تابش۔۔ کی پوری کہانی سن کر فرحان بولتا ہے۔۔تو میں اب سمجھا۔۔یہاں پر معاملہ محبت کا ہے!!!!

مجھے تو لگا تھا تم صرف حور۔۔کی خوبصورتی سے اس کی طرف مائل۔۔ہو رہے تھے۔۔۔لیکن یہاں پر تو تم اس کی محبت میں پور پور ڈوب چکے ہو۔۔۔تابش نئ نویلی دلہن کی طرح شرمانے لگا۔۔۔۔

بس یار وہ اچھی لگتی ہے۔۔۔وہ ہے ہی اتنی اچھی۔۔کہ کوئی بھی اس سے پیار کر سکتا ہے!!!

تابش۔۔۔حور۔۔کو یاد کرتے ہوئے بولتا ہے۔۔اچھا تو پھر تو اپنی اماں کو کیسے بھی کر کے منالو نہ۔۔۔فرحان اسے مشورہ دیتا ہے!!!

اماں کہتی ہے پہلے کوئی کام دھندا تو کر۔۔ پھر حور کا ہاتھ تیرے ہاتھ میں دوں گی۔۔۔

ویسے بات تو۔۔۔ہاجرہ چچی بھی ٹھیک ہے شہزادے۔۔ کوئی کام دھندا کر لے۔۔اگر حور۔۔۔کو حاصل کرنا چاہتا ہے؟؟

یار تو۔۔ تو جانتا ہے۔۔ میرا دل ہی نہیں کرتا کام کرنے۔۔ کو اگر تمہارا دل ہی نہیں کرتا کام کرنے کو۔۔۔ تو حور تمہیں کیسے ملے گی۔۔۔

حور۔۔ کو تو میں حاصل کر ہی لوں گا۔۔ پھر چاہے انگلی ٹیڑی ہی کیوں نہ مجھے کرنی پڑی۔۔تابش بڑی دور کی سوچ کر بیٹھا ہوا تھا۔۔۔
پھر بھی تابش میں تمہارا دوست ہوں۔۔ بھلے ہم الٹے سیدھے کام کرتے رہتے ہیں۔۔ لیکن یہاں پر معاملہ لڑکی کا ہے۔۔اور اپنا تو اصول ہے دھندا۔۔۔

چاہے۔۔۔کیسا بھی ہو۔۔۔لیکن اس کے بیچ میں لڑکی کو نہیں لے کر آتے ہیں!!

میری بھی بہنیں ہیں۔۔اگر میں کسی کی بہن کے ساتھ غلط کروں گا۔۔تو میری بہنوں کے ساتھ بھی کوئی غلط کر سکتا۔۔۔

لیکن پھر بھی میں تمہیں یہ یہی مشورہ دوں گا۔۔جیسے چاچی اور چاچا کہتے ہیں۔۔۔تم ویسا۔۔کرو تم ان کا آخری سہارا ہو۔۔

حور۔۔جا کر نوکری کر رہی ہے۔۔جبکہ یہ کام تمھیں کرنا چاہیے تھا۔۔۔ فرحان ہی تھا۔۔تابش کے سب دوستوں میں جو کچھ سمجھدار تھا!!!

اب نہ جانے تابش کے پلے فرحان کی باتیں پڑھ رہی تھی۔۔یا وہ اس کی باتوں ویسے ہی ہوا میں اڑا دیتا۔۔۔

یاسر اتنی دیر میں وہاں سے اٹھ کر چلا گیا تھا۔۔۔ لیکن اس نے پکا ارادہ کر لیا تھا۔۔ کہ وہ تابش سے اپنی بے عزتی کا بدلہ لے کر رہے گا۔۔اب نہ جانے وہ تابش سے اپنی بے عزتی کا بدلہ لینے کے لیے کیا کرتا!!!

♥♥♥♥♥♥♥♥

یاسر غصے سے اپنے گھر میں آتا ہے۔۔ تو اس کی ماں کھانا بنانے کی تیاری کر رہی تھی۔۔ یاسر میں کھانا بنا رہی ہوں۔۔ کھا کے اب کہیں جانا ایسے ہی نا منہ اٹھا کے نکل جانا!!

مجھے نہیں کھانا کچھ بھی یاسر غصے سے بولتا ہے۔۔

تو نہ کھاؤ مجھے کیا لگے۔۔جو بھی آتا ہے مجھ پر غصہ جھاڑ کے چلا جاتا ہے۔۔
یاسر۔۔کی ماں منہ میں بڑبڑاتے ہوئے دوبارہ کچن کا رخ کرتی ہے۔۔

جبکہ یاسر غصے سے اپنے کمرے کی طرف آتا ہے۔۔وہ غصے سے اکر کمرے کی ہر چیز توڑنے پھوڑنے لگا۔۔اس سالے کو تو میں نہیں چھوڑوں گا؟؟ سمجھتا کیا ہے.. خود کو۔۔بہت غرور ہے نا تمہیں اپنی حور۔۔پر اس کو چھیر پھاڑ کر نہ رکھ دیا تو میرا نہ بھی یاسر نہیں ہے!!!

یاسر اس وقت غصے کی انتہا پر تھا۔۔اسے صحیح غلط کی کچھ بھی پہچان نہیں تھی۔کچھ اس کو شراب کا بھی نشہ چڑھا ہوا تھا۔۔اس حور کو اپنے نام نہ کر لیا تو میرا نام بدل دینا تابش حسین... حور تو تم اب نہیں ملنے والی تجھے وہ اپنے چہرے پر خباثت بھری مسکراہٹ سجائے بولتا ہے!!!!

وہ اپنی پینٹ کی جیب سے موبائل نکالتا ہے۔۔۔اور کسی کو کال ملاتا ہے؟؟

ہاں بھی شیدے آج تجھ سے ایک ضروری کام پڑ گیا ہے۔۔ایک لڑکی کو اٹھوانا ہے۔۔پیسے کی فکر نہیں کرو پیسہ جتنا تم کہو گے۔۔۔میں اتنا تمہیں دوں گا۔۔ لیکن لڑکی صحیح سلامت میرے تک پہنچنی چاہیے۔۔۔لڑکی کی تصویر تمہیں میں کل تک بھیج دوں گا۔۔۔کام بڑی ہوشیاری سے ہونا چاہیے۔۔کسی کو کانو کان خبر نہیں ہونی چاہیے۔۔

ٹھیک ہے۔۔ٹھیک ہے جانتا ہوں۔۔میں تمہارے کام کو اسی لیے تو تمہیں یہ کام دیا ہے۔۔شیدھے نے نہ جانے اس سے کیا کہا تھا کہ وہ اس کے اس کو جواب دیتے ہوئے کال کٹ کرتا ہے۔۔اور اپنے ہونٹوں کو اپنے ہی انگوٹھے سے سہلانے لگا تھا۔۔اب دیکھنا تمہاری حور پری کے ساتھ میں کیا کرتا ہوں۔۔نکاح بھی اس کے ساتھ کروں گا۔۔اور سہاگ رات بھی اس کے ساتھ مناؤں گا۔۔ ہاتھ ملتے نہ رہ جاؤ۔۔تم تابش حسین۔۔۔تو پھر کہنا!!۔

یاسر کا غصہ کسی طور پر بھی کم نہیں ہو رہا تھا اب وہ باقاعدہ کمرے میں ٹہلنا شروع ہو چکا تھا۔۔۔۔

یاسر کے دماغ۔۔۔میں یقینا بہت بڑا پلان چل رہا تھا۔۔جو اگے چل کر حور کے لیے۔۔بہت خطرناک ثابت ہونے والا تھا!!!!

♥♥♥♥♥

عارم آفندی۔۔ابھی ابھی۔۔۔ایک میٹنگ سے واپس آئے تھے۔ تبھی حور۔۔۔نوک کرتے ہوئے عارم آفندی کے آفس میں آتی ہے!!!

سر۔۔مجھے آپ سے کچھ بات کرنی تھی؟؟

جی۔۔ حور۔بیٹا آئیں۔۔ بیٹھیں عارم آفندی۔۔۔ حور کو اپنے سامنے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہیں۔۔۔ حور دھیمے سے چلتے ہوئے کرسی پر جا کر بیٹھ گئی!!!

وہ اپنی انگلیوں کو مسلسل مروڑ رہی تھی۔۔ عارم آفندی کو حور آج کچھ الجھی ہوئی لگی تھی۔۔۔ لیکن وہ یہ نہیں سمجھ پا رہے تھے۔۔۔ کہ حور کو کیا چیز پریشان کر رہی ہے!!!!

حور۔۔۔ بیٹا کیا بات ہے؟؟ آپ ایسے کیوں پریشان ہیں۔۔ کوئی بات ہے۔۔ کسی نے کچھ کہا ہے؟؟

نہیں سر۔۔۔ وہ مجھے آپ سے پوچھنا تھا۔۔ شہریار سر۔۔ نے آج مجھے بولا ہے کہ میں ان کے انڈر کام کروں گی۔۔ کیا آپ کو میرا کام پسند نہیں آیا ہے سر۔۔ حور۔۔۔ عارم آفندی۔۔ کی طرف دیکھ کر نم لہجے سے بولی!!!

عارم آفندی۔۔۔کو تو پتہ ہی نہیں تھا کہ شہریار نے حور کو اپنے انڈر کام کرنے کے لیے کہا ہے۔۔وہ سمجھ نہیں پا رہے تھے۔۔شہریار آخر چاہتا کیا ہے۔۔۔ لیکن وہ اتنا ضرور جانتا تھا کہ اس لڑکی میں شہریار دلچسپی لے رہا ہے۔۔لیکن ابھی عارم آفندی کو محض شک تھا یقین نہیں!!!!

حور۔۔بیٹا مجھے تو شہریار نے اس بارے میں کوئی بات نہیں کی۔۔میں شہریار سے اس بارے میں بات کرتا ہوں۔۔سر مجھے شہریار سر کے انڈر کام کرنے میں کوئی کوئی مسئلہ نہیں ہے!!!

لیکن مجھے آپ سے یہ کہنا تھا کہ۔۔مجھے پانچ بجے سے پہلے آفس سے چھٹی چاہیے۔۔سر۔۔جو پینڈنگ کام ہو گا۔۔وہ میں فائل اپنے ساتھ گھر لے جایا کروں گی۔۔میں وہاں سے اس کو مکمل کر کے لے آیا کروں گی۔۔لیکن مجھے پانچ بجے تک چھٹی چاہیے۔۔کیونکہ شام کو ٹریفک نہ ہونے کے برابر ہوتی

ہے۔۔اور مجھے گھر جانے میں بہت مسئلہ بنتا ہے۔۔گھر میں میرا تایا ابو اور تائی امی۔۔۔پریشان ہو رہے ہوتے ہیں!!!!

عارم آفندی۔۔۔حور کی پریشانی سمجھ گیے تھے۔۔۔ٹھیک ہے بیٹا اگر آپ اس طرح کمفرٹیبل ہو تو ایسے ہی صحیح۔۔مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔۔مجھے تو اپنا کام چاہیے!!!

تھینک یو سر۔۔آپ کا بہت بہت شکریہ۔۔مجھے سمجھنے کے لیے حور بیٹا میں نے آپ کو اپنی بیٹی مانا ہے۔۔اور بیٹیاں تھینکس بولتی اچھی نہیں لگتی۔۔۔

سوری سر۔۔۔اور بیٹا اپ سے ایک بات پوچھوں اگر آپ کو برا نہ لگے؟؟

جی سر پوچھیں۔۔اس میں برا لگنے والی کون سی بات ہے؟؟

وہ میں نے اس لیے کہا ہے کہ سوال کچھ آپ کی پرسنل لائف سے ہے۔۔تو آپ کو برا نہ لگے۔۔۔سر جب آپ نے مجھے اپنی بیٹی مانا ہے۔۔تو آپ بلا جھجک مجھ سے سوال کر سکتے ہیں!!!

حور۔۔۔اپ اپنے تایا ابو۔۔۔کے ساتھ کیوں رہتی ہیں۔۔۔آپ کے والدین کہاں پر ہیں۔۔۔میرا مطلب ہے۔۔کے آپ اپنے والدین کے ساتھ نہیں رہتی ہیں؟؟؟

سر میرے والدین حیات نہیں ہیں۔۔آج سے اٹھ سال پہلے ان کی ایک کار ایکسیڈنٹ میں موت ہو گئی تھی۔۔انسو۔۔حور۔کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ بہنے لگے!!!

تب سے میں اپنی تائی اور تایا ابو۔۔۔کے ساتھ رہتی ہوں!!

اور سن کر بہت افسوس ہوا عارم آفندی۔۔ کو واقعی بہت افسوس ہوا تھا۔۔اس چھوٹی سی لڑکی پر!!!

تو حور بیٹا آپ اتنی کم تعلیم کے باوجود نوکری کیوں کر رہی ہیں۔۔آپ کو تو گھر پہ ہونا چاہیے تھا۔۔آپ جیسی بچیاں تو ابھی اپنے خواب بننا شروع کرتی ہیں۔۔ تتلیوں کی طرح اڑتی پھرتی ہیں۔۔پڑھائی کرتی ہیں۔۔اپنی زندگی کو کھل کر انجوائے کرتی ہیں۔۔تو پھر اپ کو ایسی کیا مجبوری تھی کہ۔۔آپ کو نوکری کرنا پڑی۔۔۔۔

میرا یوں آپ سے پرسنل سوال کرنا برا لگ رہا ہو۔۔۔تو سوری بیٹا۔۔میرا مقصد آپ کو ہرٹ کرنا نہیں ہے۔۔ لیکن بس میں پچھلے کچھ دنوں سے آپ کو نوٹ کر رہا ہوں۔۔اس وجہ سے میں نے آپ سے پوچھ لیا!!!!

حور۔۔ سوں۔۔ سوں۔۔ کرتی ہوئی اپنے آنکھیں صاف کرتی ہے۔۔اور کہتی ہے۔۔۔ سر میرا تایا ابو بیمار رہتے ہیں۔۔۔ان کو جگر کا مسئلہ ہے۔۔وہ کوئی کام نہیں کر سکتے۔۔اب گھر کو چلانے کے لیے کسی نہ کسی کو تو کام کرنا ہی ہے نا۔۔جب وہ مجھے اپنی بیٹی کی طرح سمجھتے ہیں۔۔ کبھی مجھے اف تک نہیں کہتے تو میرا بھی تو ان کے لیے کچھ فرض بنتا ہے نا۔۔۔

حور۔۔۔اپنے ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھتے ہوئے نم مگر دھیمے لہجے سے بول رہی تھی۔۔ سر یہ جو غریبوں کی مجبوری ہوتی ہے نا۔۔یہ ہم جیسی مجبور لڑکیوں۔۔ کو چار دیواری سے نکال کر باہر بھیڑیوں کے بیچ میں لا کر کھڑا کر دیتی ہے۔۔۔ جہاں انسان نما بھیڑیئے ہم جیسی مجبور لڑکیوں کو نوچنے کے لیے تیار بیٹھے ہوتے ہیں۔۔۔سب آپ جیسے نہیں ہوتے ہیں سر۔۔ایک پھیکی سی مسکراہٹ چہرے پر لائے ہوئے۔۔ حور۔۔اپنی زندگی کی تلخ حقیقت عارم آفندی کو بتا رہی تھی!!!

اور شہریار۔۔۔ باہر کھڑا حور۔۔۔ کی زندگی کے تلخ حقیقت جان کر لب بھنچے وہیں سے واپس لوٹ گیا۔۔۔ وہ تو جانتا ہی نہیں تھا۔۔ اس نازک سی لڑکی کی کندھوں پر کتنی بڑی ذمہ داری ہے۔۔ اور وہ زندگی کو کس طرح جی رہی ہے۔۔

اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی آپ کو کہا ہے کہ میں نے آپ کو اپنی بیٹی مانا ہے۔۔ مجھے غلط مت سمجھنا لیکن ایک باپ ہونے کے ناطے میں آپ سے ایک ریکویسٹ کروں گا۔۔

سر آپ ایسا کیوں بول رہے ہیں۔۔۔ آپ حکم کریں۔۔ میں پوری کوشش کروں گی۔۔ آپ کا حکم ماننے کی !!!

آج سے آفس کی گاڑی ہی آپ کو پک اینڈ ڈراپ کرے گی۔۔ منع مت کرنا حور بیٹا۔۔ عارم آفندی نے اتنے پیار سے یہ بات کی تھی کہ حور کے پاس انکار کرنے کا کوئی جواز ہی نہیں تھا۔۔۔ حور۔۔ محض اپنا سر ہی ہلا سکی !!!

اوکے سر۔۔اب مجھے اجازت دیں؟؟

ٹھیک ہے آپ جا کر جو صبح آپ کو فائل دی تھی۔۔اس پہ کام کریں۔۔۔حور۔۔ اجازت لیتے ہوئے اپنے کیبن کی طرف بڑھ گئی۔۔۔

عارم آفندی۔۔کی پر سوچ نگاہوں نے دور تک حور کا پیچھا کیا تھا۔۔۔اور پھر فون اٹھا کر شہریار کو اپنے آفس میں آنے کا بولتا ہے۔۔ تھوڑی دیر بعد شہریار۔۔ عارم آفندی۔۔کے سامنے بیٹھا ہوا تھا!!!

شہری بچے مجھے یہ سمجھ نہیں ارہی آپ حور۔۔سے اتنی خار کیوں کھاتے ہیں۔۔

کیوں کیا ہوا بابا جانی؟؟اب میں نے کیا کر دیا ہے؟؟

آپ نے حور سے کیا بولا ہے کہ۔۔حور آپ کے انڈر کام کرے گی۔۔اب کون سا نیا بہانہ سوچ لیا ہے۔۔اس بچی کو تکلیف دینے کا!!!

عارم آفندی۔۔۔جو حور کی کہانی سن کر پہلے جزباتی ہو گئے تھے شہریار پر غصہ کرنے لگے۔۔۔۔

باباجانی۔۔آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے کہ میں حور کو اذیت دینے کے لیے اپنے ساتھ کام کرنے کا کہا ہے۔۔میں نے صرف اس وجہ سے کام اس کو اپنے ساتھ کام کرنے کا کہا ہے۔۔تاکہ وہ میری بات مان سکے۔۔کوئی بھی ایرا غیرا منہ اٹھا کر اس کے کیبن کی طرف چلا جاتا ہے۔۔۔مجھے یہ چیز اچھی نہیں لگتی۔۔اپ کو میری نیچر کا پتہ ہے۔۔۔شہریار اپنے باپ کو اپنی باتوں سے قائل کرنے لگا!!!

ایک بات میری ہمیشہ یاد رکھنا شہریار بیٹا۔۔۔ضروری نہیں ہے جیسا سامنے والا ہو وہ اندر سے بھی ویسا ہو۔۔۔کچھ لوگ اندر سے بہت ٹوٹے ہوئے ہوتے

ہیں۔۔ لیکن اپنا دکھ اپنا درد اپنی ہنسی کے پیچھے چھپا جاتے ہیں۔۔۔ جس دن تم لوگوں کی آنکھوں پڑھنا سیکھ جاؤ گے نا۔۔۔اس دن سمجھ لینا کہ تم واقعی میں بڑے ہو گئے ہو۔۔۔ کام سے پہلے انسانیت ہوتی ہے۔۔ جس انسان کے اندر انسانیت زندہ نہ ہو۔۔۔ وہ انسان کسی کام کا نہیں ہے۔۔ یہ بات میری ہمیشہ یاد رکھنا!!!!

جی باباجانی۔۔ ٹھیک ہے۔۔ جاؤ اب تم۔۔۔

باباجانی۔۔ آپ گھر کب تک جائیں گے۔۔ماہابھا بھی کا فون آیا تھا آج انھوں نے سب کے لیے سپیشل لنچ بنایا ہے۔۔۔۔ چھوٹے نواب۔۔۔اگر آپ بھی گھر چل رہے ہو۔۔۔ تو میں بھی پھر آپ کے ساتھ ہی چلا جاتا ہوں!!!!

ٹھیک ہے باباجانی۔۔۔ابھی دس منٹ تک نکلتے ہیں۔۔ مجھے کچھ کام ہے میں وہ کر لوں۔۔ شہریار آفندی یہ کہتے ہوئے عارم آفندی کے آفس سے نکل گیا۔۔

❤❤❤❤❤❤

آج زویااور ابہام۔۔۔اکٹھے ڈنر کرنے کے لیے ریسٹورنٹ میں آئے ہوئے تھے۔۔۔وہ دونوں بیٹھے ڈنر کر رہے تھے۔۔جب ایک لڑکی جس نے شارٹ ڈریس پہنا ہوا تھا۔۔وہ ان کے قریب آتی ہے!!!

ہیلو بہام کیسے ہو۔۔وہ آتے ہی ابہام کے ساتھ چپک گئی۔۔زویا کو اس لڑکی کی حرکت نہایت بری لگی تھی!!!!

اوہیلو کون ہو تم۔۔۔اور تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرے شوہر کو چھونے کی۔۔ زویا غصے سے چیخ اٹھی تھی!!!

تو تم کون ہو۔۔وہ لڑکی زویا کا اوپر سے نیچے تک معائنہ کرنے کے بعد پوچھتی ہے!!!

مسز ابہام ہوں میں۔۔زویا مسکراتے ہوئے سامنے کھڑی لڑکی کو اندر تک اگ لگا گئی۔۔۔

واٹ یہ کیا مذاق ہے ابہام آپ میرے ساتھ ایسا کیسے کر سکتے ہیں۔۔۔آپ نے شادی کر لی۔۔اور مجھے بتایا تک نہیں۔۔اور ابہام بیٹھا سوچ رہا تھا۔۔آج اس کی خیر نہیں۔۔۔ابھی ابھی تو اس کے اور زویا کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہوا تھا ۔۔۔اور اب یہ نئی مصیبت اگئی تھی!!!!!

دیکھو تم کون ہو۔۔میں تمہیں نہیں جانتا۔۔کیا تمہارے گھر والوں نے تمہیں تمیز نہیں سیکھائی۔۔کسی کے بھی آکر گلے لگ جاتی ہو۔۔ابہام تیزی سے اپنے دماغ کے گھوڑے دوڑاتا ہوا۔۔صورتحال کو بہتر کرنے کی کوشش کرنے لگا۔۔

اور وہ لڑکی پھٹی پھٹی نگاہوں سے ابہام کو دیکھ رہی تھی جو پل میں تولہ پل میں ماشہ بن جاتا تھا۔۔۔بام یہ تم کس لہجے سے مجھ سے بات کر رہے ہو۔۔۔تو اور کس لہجے سے بات کروں محترمہ؟؟اپ سے..آپ آئی ہو آ کے میرے گلے چپک گئی۔۔کیا آپ کا یہی کام ہے۔۔۔دوسروں کا گھر خراب کرنا۔۔میری بیوی سامنے بیٹھی ہوئی ہے۔۔۔وہ تو ہو گئی ہے۔۔ناغلط فہمی کا شکار۔۔جائیں جا کر کسی اور کو پھنسائیں میں اپنی بیوی سے بہت پیار کرتا ہوں!!!

زویا ابہام کی باتیں سن کر کچھ ریلیکس ہو گئی تھی۔۔اور کھانا کھانا شروع ہو گئی۔۔ابہام دل ہی دل میں اتنی خوبصورت ایکٹنگ پر خود کو داد دیتے ہوئے کھانے پر جھک گیا!!!!

وہ لڑکی تن فن کرتی ہوئی وہاں سے نکلتی چلی گئی۔۔لیکن جاتے جاتے۔۔۔ابہام۔۔۔کو خونخوار نظروں سے گھورنا نہیں بھولی تھی۔۔۔

کون تھی وہ لڑکی کھانا کھانے کے بعد جب وہ لونگ ڈرائیو رانگ کے لیے نکلتے ہیں تو۔۔۔زویا غصے سے ابہام۔۔کی طرف دیکھ کر پوچھنے لگی!!!

کون لڑکی۔۔۔ابہام نہ سمجھی سے زویا کی طرف دیکھتا ہے!!!

وہی جو ریسٹورنٹ میں تمہارے ساتھ چپک رہی تھی۔۔

مجھے کیا پتہ زویا ڈارلنگ۔۔۔اب تو مجھ پر شک کرو گی۔۔اپنے بام پر۔۔ابہام زویا کو اموشنلی بلیک میل کرنے لگا۔۔

لیکن جس طرح وہ تمہارے گلے لگی تھی۔۔اس سے تو صاف پتہ چل رہا تھا۔۔ وہ تمہاری جان پہچان کی ہی ہے!!!

افففف۔۔زویا ڈارلنگ۔۔۔ایک تو تم لڑکیوں کا کچھ نہیں ہو سکتا کوئی بھی آ کے کچھ بھی بول دے تم۔۔۔لوگوں نے بات پوری معلوم نہیں کرنی ہوتی ۔۔۔اور شک کرنا شروع کر دیتی ہو۔۔۔اور یہ شک کسی دن ہمارا رشتہ خراب کر کے رکھ دے گا!!!

ابہام۔۔۔نہایت چلاکی کے ساتھ بات پلٹ گیا۔۔زویا۔۔کو بھی اپنی غلطی کا احساس ہوا تھا۔۔سو وہ نظریں جھکا گئی!!!

سوری بام۔۔مجھے غصہ آگیا تھا۔۔میں آپ کو کسی کے ساتھ شیئر نہیں کر سکتی۔۔مجھے بھی تو سمجھو نا بیکاز آئی لو یو سو مچ زویا۔۔اس کے گلے میں باہیں واں کرتے ہوئے محبت بھرے لہجے میں بولتی ہے۔۔۔اور ابہام کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی تھی!!!

جانتا ہوں زویا۔۔۔ تم پیار کرتی ہو مجھ سے۔۔اور مجھے کسی کے ساتھ بانٹ نہیں سکتی۔۔۔ میں بھی تو تم سے پیار کرتا ہوں نا بھلا تمہارے ہوتے ہوئے مجھے کسی اور کی کیا ضرورت پڑ سکتی ہے۔۔۔ تم ہی میری زندگی ہو۔۔۔ تم ہی میری جان ہو۔۔ میرا عشق ہو۔۔۔اور یوں زویا۔۔ آج پھر ایک بار سے ابہام۔۔۔ کی میٹھی باتوں میں آگئی تھی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

عارم آفندی۔۔۔ شہریار اور صارم آفندی۔۔۔ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے کھانے کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔ کچن سے آتی کھانے کی خوشبو نے ان تینوں کی بھوک کو مزید بڑھا دیا تھا۔۔

ماہا۔۔ یار کب تک کھانا لے کے اؤ گی۔۔اب تو بھوک سے پیٹ میں چوہے بھی ناچنا شروع ہو گئے ہیں۔۔ صارم ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھا ہوا ماہا۔۔ کو آواز دے کر پوچھتا ہے!!!!

بس۔۔ابھی آئی آپ تو اتاولے ہی ہو جاتے ہیں۔۔۔دو منٹ صبر بھی نہیں کر سکتے۔۔۔ماہا ڈش پکڑے سکینہ بی کے ساتھ ڈائننگ ٹیبل پر آتے ہوئے ۔۔صارم کو گھور کر بولی۔۔

کچھ خدا کا خوف کرو ماہا۔۔۔ پچھلے آدھے گھنٹے سے ہم لوگ کھانے کا ویٹ کر رہے ہیں۔۔ کیا آپ سب کا ہی یہی ہوتا ہے۔۔دو گھنٹے کو آپ لوگ دو منٹ کا نام دے دیتے ہو!!!!

صارم بھی کون سا کم تھا۔۔اچھا اچھا باتیں نہیں کرو چلو کھانا شروع کرو سب۔۔۔ماہا بچے آپ بھی کھانا کھاؤ۔۔عارم آفندی۔۔۔ان دونوں کو ٹوم اینڈ جیری کی طرح ایک دوسرے سے بھیڑتے دیکھ کر ماحول کے تناؤ کو کم کرنے کی کوشش کرنے لگا!!!

باباجانی۔۔یہ صارم ہی مجھے تنگ کرتا ہے۔۔ماہا۔۔مصومیت سے عارم آفندی کی طرف دیکھ کر بولی۔۔واللہ دیکھیں بابا۔جانی۔۔۔کیسے سارا ملبہ مجھ پر ڈال دیا ہے۔۔آپ بھی جانتے ہیں ناکب سے ہم لوگ بیٹھے کھانے کاانتظار کر رہے ہیں؟؟؟

چلو کوئی بات نہیں صارم بھائی۔۔لیٹ بھی ہو ہی جاتا ہے۔۔کبھی شہریار نے بھی لقمہ دیناضروری سمجھا۔۔۔اوریوں ماہا۔۔باتوں باتوں میں سارا کھانا ٹیبل پر لگاچکی تھی۔۔

ماہانے آج سب کے لیے وائٹ کڑاہی سپیشل تکہ مصالحہ بریانی۔۔
قورمہ۔۔اچاری قیمہ۔۔شامی کباب۔۔سلاداور۔۔رائتہ بنایا تھا۔۔

واہ بھابی۔۔آج تو ماشاءاللہ اتنی زیادہ ڈشز لگتا ہے۔۔آج تو کھانا خوب سیر ہو کر کھایاجائے گا۔۔شہریار ٹیبل پر اتنی زیادہ ڈشز دیکھ کر ماہا کی تعریف کرتا ہے۔۔

چھوٹے نواب۔۔پہلے کھاؤ تو سہی کھا کر بتاؤ کھانا کیسا بنا ہے۔۔ماہا۔۔ مسکراتے ہوئے شہریار سے کہتی ہے!!!

آپ تو ایسے کہہ رہی ہیں۔۔ جیسے اپنے ہاتھوں سے بنایا ہوں۔۔ سکنہ بی نے بنایا ہو گا۔۔صارم۔۔ماہا۔۔کی طرف دیکھ کر لب دبائے شرارت سے بولتا ہے!!!

نہیں۔۔ بڑے صاحب آج کھانا ماہا۔۔بی بی نے بنایا ہے۔۔ سکینہ بی۔جو پانی کا جگ لے کر ابھی ابھی ڈائننگ ٹیبل کے پاس آئی تھی۔۔وہ صارم کو بتاتی ہے۔۔اور ماہا۔۔نے جتاتی ہوئی نظروں سے صارم کو دیکھا۔۔ جیسے کہے رہی ہو اب بولو!!!

سکینہ بی کی بات سن کر صارم نے حیرت سی آنکھیں پھیلائے سارے کھانے کو اور پھر ماہا کو دیکھا۔۔۔۔

اچھا۔۔اب ایسے نہیں دیکھو کھا کر بتائیں کیسا بنا ہے۔۔ماہا صارم۔۔کو گھورتے ہوئے بولی!!!

شہریار کھانا کھانے لگا تو۔۔اس کو کھانا کافی لذیذ لگا کھانا کھانے کے بعد وہ ماہا کو بولتا ہے۔۔ماہا بھابی۔۔آج تو کھانے کا مزہ ہی آ گیا قسم سے آپ تو کسی ماہر شیف کی طرح کھانا بناتی ہیں۔۔بہت زیادہ اچھا کھانا بنا میں تو آج کچھ زیادہ ہی کھا گیا ہوں۔۔۔

شکریہ۔۔شہریار بھائی۔۔۔۔ماہا خوش دلی سے شہریار کا شکریہ ادا کرتی ہے!!!

صارم۔۔۔آپ بتائیں کھانا کیسا بنا ہے۔۔ماہا۔۔۔صارم۔۔کے پاس آ کر پوچھتی ہے۔۔۔تو صارم۔۔ماہا۔۔۔کے کان میں سرگوشی کرتا ہے۔۔ماہا ڈارلنگ۔۔۔۔اس کھانے کی تعریف تو میں رات کو بیڈ روم میں کروں گا۔۔۔صارم۔۔کی بات سن کر ماہا۔۔شرم سے سرخ پڑ گئی تھی۔۔۔بہت بے شرم

انسان ہیں آپ۔۔۔اور اس کے پاؤں پر اپنا پاؤں مارتی ہے۔۔درد سے صارم۔۔۔کرولا کر رہ گیا۔۔

کیا ہوا۔۔صارم بھائی۔۔شہریار صارم۔۔کی چیخ پر اس کی طرف متوجہ ہوا۔۔

کچھ نہیں چھوٹے نواب۔۔۔شاید چونٹی نے کاٹ لیا ہے۔۔۔وہ ماہا کی طرف مسکراتی نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔خود کو چونٹی کہنے پر ماہا۔۔۔اندر تک غصے سے سلگ اٹھی۔۔

وہ تینوں کھانا کھا کر دوبارہ آفس واپس چلے گئے تھے۔۔اور ماہا بھی کھانا کھانے کے بعد سکینہ بی۔۔کو برتن سمیٹنے کا کہتی ہوئی کچھ دیر آرام کرنے کے لیے اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

رات صارم۔۔جب گھر آیا تب تک ماہا۔۔بستر میں دبکی سو رہی تھی۔۔دوپہر والی صارم کی بات سن کر اس نے۔۔تب ہی سوچ لیا تھا کہ۔۔وہ صارم کے آنے سے پہلے ہی رات کو سو جائے گی!!!

لیکن صارم جانتا تھا۔۔ماہا۔۔اتنی جلدی نہیں سوتی وہ جب اپنے کمرے میں آتا ہے۔۔تو ماہا۔۔کمبل منہ تک اوڑھے بیڈ پر سو رہی تھی!!!

صارم۔۔اتے ہی گلا کھنگار کر ماہا۔۔کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔۔لیکن ماہا۔۔بھی کمبل کے اندر سے ہی سوچ رہی تھی آج میں نہیں اٹھوں گی۔۔پھر چاہے کچھ بھی ہو۔۔۔

صارم۔۔لب دبائے مسکراتا ہوا بیڈ کے قریب آتا ہے۔۔اور ماہا۔۔کے سر پر کھڑے ہو کر بولتا ہے!!!

ماہاڈارلنگ۔۔مجھے پتہ ہے تم جاگ رہی ہو۔۔یہ ایکٹنگ بند کرواور اٹھ جاؤ۔۔لیکن ماہا۔۔ٹس سے مس نہیں ہوئی۔۔

ماہاڈارلنگ۔۔اگر میں نے اٹھایا نا تو پھر میرا طریقہ آپ کو پسند نہیں آئے گا۔۔۔صارم کے ایسا کہنے کی دیر تھی کہ۔۔ماہا جھٹ سے کمبل اتارتی ہوئی اٹھ کر بیٹھ گئی!!!!

کیا ہے صارم۔۔سونے دو مجھے اتنی نیند آرہی تھی۔۔ماہا منہ پر ہاتھ رکھے جمائی روکنے کی کوشش کرتی ہے!!!

ڈارلنگ یہ ایکٹنگ اس کے سامنے کرنا جو آپ کو جانتا نہ ہو میں آپ کو اچھے سے جانتا ہوں۔۔میری ماہا۔۔جانی اتنی جلدی نہیں سو سکتی۔۔لگتا ہے میری دوپہر

والی بات کو کچھ زیادہ ہی سیریس لے لیا ہے۔۔آپ نے صارم۔۔۔ مسکراتی نظروں سے ماہا کا چہرہ دیکھ کر بولتا ہے!!!!

آپ تو ہیں ہی۔۔ چھچھورے ماہا۔۔اس سے کہتی ہوئی بیڈ سے اترنے لگی!!!

رک جاؤ۔۔ کہاں پہ جا رہی ہو؟؟ڈارلنگ..اب بیڈ سے اترنے کی باری نہیں ہے..یہیں پہ رہو یہ کہتے ہوئے..صارم اس کے پاس آکر بیٹھتا ہے۔۔اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر بولتا ہے..تو میری بیگم مجھ سے کھانے کی تعریف سننا چاہتی تھی..تو کروں اب تعریف پوری رات ہے۔۔۔

رات بھر آپ کے کھانے کی تعریف ہی کروں گا؟؟

کیا ہے۔۔صارم۔۔ کبھی تو مجھے سکون سے سونے دیا کرو ہر روز آپ کا رومانس چالو ہو جاتا ہے۔۔میں تنگ آگئی ہوں ماہا روہانسے لہجے میں بولتی ہے!!!

بیوی اب آپ میرے رومانس سے بھی تنگ آگئی ہیں۔۔۔صارم۔۔حیرت سے ماہا کی طرف دیکھ کر بولتا ہے!!!

تو اور کیا صارم بندہ تھک بھی تو جاتا ہے نا۔۔لیکن آپ نہیں تھکتے ہیں۔۔پتہ نہیں کس مٹی کے بنے ہوئے ہیں!!!

بندہ بشر ہوں یار۔۔اتنی خوبصورت جب بیوی پہلو میں ہو گی تو بندہ بہک ہی جائے گا۔۔صارم۔۔اسے شرارت سے آنکھ مارتے ہوئے بولا۔۔۔

صارم۔۔کی بات سن کر ماہا سٹپٹا گئی۔۔اچھا آپ فریش ہو جائیں۔۔میں آپ کے لیے کھانا لگواتی ہوں۔۔ماہا اسے خود سے دور کرنے کی کوشش کر رہی تھی!!!

نہیں ماہاڈارلنگ۔۔میں کھانا کھا آیا ہوں۔۔اب تو بس آپ کو کھانا ہے۔۔
صارم۔۔پلیز آج نہیں۔۔آج میں بہت تھک گئی ہوں۔۔صبح سے کچن میں کھڑے ہو ہو کر۔۔اب میری کمر درد کر رہی ہے۔۔یو نو۔۔ڈاکٹر نے کیا کہا تھا ؟؟

ایک تو یہ ڈاکٹر پتہ نہیں کیا سمجھتے ہیں خود کو۔۔ہر چیز پر پابندی لگا دیتے ہیں۔۔
صارم۔۔۔ڈاکٹر کی بات یاد کرتے ہوئے غصے سے دانت پیس کر بولتا ہے!!!

)پچھلے کچھ دنوں ماہا۔کی طبیعت زیادہ خراب ہوئی تھی تو اس کو ایمرجنسی ہاسپٹل لے کر جانا پڑا۔۔تب ڈاکٹر نے ان کو فزیکلی ریلیشن بنانے سے منع کیا تھا(

کچھ دن تو صارم نے صبر کیا۔۔لیکن مرد تھا بہک سکتا تھا۔۔کہیں دوسری جگہ۔۔اس سے اب برداشت کرنا مشکل ہو رہا تھا۔۔ماہا۔۔بھی صارم۔۔کی

مجبوری اچھے سے سمجھتی تھی۔۔ کہاں وہ روزرومنٹک ہونے والا۔۔ کہاں اب اتنے دن سے دوری بنائی ہوئی تھی!!!!

یار یہ ڈاکٹر تو کہتے ہی رہتے ہیں۔۔ چلو آج ہم اپنی مرضی کرتے ہیں۔۔ یہ کہتے ہوئے صارم۔۔ ماہا۔۔ کو موقع دیے بنا ہی اس کے پنک لپسٹک لگے لبوں پر شدت سے اپنے لب رکھتا ہے..... ماہا۔۔ کی تو چیخ نکلتے رہ گئی تھی۔۔ وہ صارم کو پیچھے ہٹانے کی ناکام کوشش کرتی ہے۔۔ لیکن صارم تو آج جیسے ٹھان۔ کر آیا تھا۔۔ کہ آج وہ ہر حد پار کر کر ہی گزرے گا!!!!

کافی دیر تک وہ ماہا کے گلابی لبوں کا رس پیتا رہا۔۔ ماہا۔۔ کی لپسٹک بھی اس نے اپنے عنابی لبوں سے چن لی تھی۔۔ کافی دیر بعد وہ اس کے لبوں کو چھوڑتا ہوا پیچھے ہٹا... تو مایا گہرے گہرے سانس لینے لگی۔۔۔

کیا ہوا ڈارلنگ۔۔ ایک تو پتہ نہیں تمھاری رومینس سے جان کیوں جاتی ہے؟؟؟

صارم۔۔آپ جانتے ہیں نا آج کل میری طبیعت ٹھیک نہیں رہتی ہے۔۔میرا نہیں تو کم از کم۔۔ہمارے۔۔۔بے بی کا ہی سوچ لو۔۔ماہا۔۔غصے سے صارم کو بولتی ہے!!!

تو میں کیا کروں۔۔میری جان۔۔۔اتنے دن ہو گئے ہیں اب مجھ سے صبر نہیں ہو رہا۔۔آپ کیوں نہیں سمجھ رہی ہیں۔۔تو کیا آپ چاہتی ہیں کہ میں باہر جا کر کسی اور عورت کے ساتھ ریلیشن بنالوں!!!

صارم۔۔کو اب سچ مچ میں غصہ آ گیا تھا۔۔کیونکہ ماہا نے تو ڈاکٹر کی بات کو سر پر ہی سوار کر لیا تھا!!!

می۔۔۔۔میرا یہ مطلب تو نہیں تھا۔۔دوسری عورت سے ریلیشن کا سن کر ہی ماہا بکھلا گئی تھی!!!

تو پھر کیوں نہیں آنے دیتی مجھے خود کے قریب ماہا۔۔کچھ نہیں بولی۔وہ شرمندگی سے نظریں جھکا گئی۔۔

سوری صارم میں تو بس ڈاکٹر کی بتائی ہوئی بات پر ہی عمل پیرا کر رہی تھی۔۔تو میری جان میں نے میں نے کب آپ کو تنگ کیا ہے۔۔لیکن کبھی کبھار تو ہم لوگ ایک ساتھ ٹائم سپینڈ کر ہی سکتے ہیں۔۔صارم اس کو اپنے سینے سے لگاتا ہوا۔۔ایک ہاتھ سے اس کے بالوں میں انگلیاں چلانے لگا۔۔۔اور ساتھ ساتھ دھیمے لہجے سے بول رہا تھا!!

ماہا۔۔تو شرمندگی سے نظریں ہی نہیں اٹھا پا رہی تھی۔۔وہ صحیح تو کہہ رہا تھا۔۔

ماہا کے کچھ بھی نہ بولنے پر صارم کو بہت غصہ آیا۔۔۔اب جب تک تم خود نہیں کہو گی میں تمہارے قریب نہیں آؤں گا۔۔صارم یہ کہتے ہوئے۔۔اٹھ کر اپنے

کپڑے لیے واش روم میں گھس گیا۔۔۔ پیچھے ماہا۔۔اپنی جلد بازی پر پچھتاتی رہ گئی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

آج اتوار کا دن تھا۔۔ حور۔۔گھر پر ہی تھی۔۔ حور کو اتوار والے دن آفس سے چھٹی ہوتی تھی۔۔آج اس نے سوچا وہ گھر کی ساری صفائیاں کرے گی۔۔اس لیے وہ صبح سے گھر کی صفائیاں کرنے میں لگی ہوئی تھی!!!

ابھی بھی وہ تائی حاجرہ کا کمرہ صاف کر کے اس کی چادریں چینج کر کے۔۔دھونے والے کپڑے باہر لے کر نکلتی ہے۔۔جب تابش گھر کے اندر داخل ہوتا ہے!!!!

حور۔۔نے آج ہلکے فروزی کلر کا سوٹ پہن رکھا تھا۔۔جو اس کی گوری رنگت پر کافی جچ بھی رہا تھا۔۔تابش نے حور کو دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا۔۔ کوئی سادگی میں

بھی اس قدر خوبصورت لگ سکتا ہے۔۔تابش نے دل میں سوچا۔۔حور۔۔نے تابش کو دیکھا تو جلدی سے اپنا دوپٹہ جو اس نے گلے میں ڈال رکھا تھا۔۔سر پہ لیتی ہے۔۔اور کپڑے لیے مشین کی طرف چلی جاتی ہے!!!

تھوڑی دیر بعد وہ واپس آتی ہے۔۔تو تابش وہیں برآمدے میں رکھی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔۔کیسی حور؟؟؟

میں ٹھیک ہوں تابش بھائی۔۔حور یہ کہتے ہوئے دوبارہ اپنے کام میں لگ گئی۔۔ جبکہ تابش اس کو ہی نہارتے جا رہا تھا۔۔جب حاجرہ بیگم۔۔اپنے کمرے سے باہر نکلتی ہے۔۔حاجرہ بیگم۔۔تابش کو حور کو یوں گھورتے دیکھ کر بولتی ہے!!!!

تابش۔۔تم کب آئے ہو؟؟تابش اپنے سر پر اپنی ماں کو دیکھ کر ہڑبڑا کر رہ گیا..میں ابھی آیا ہوں امی!!!!

خیر ہے آج کیسے اتنی جلدی آگے گھر۔۔ہاجرہ بیگم طنز کرتے ہوئے پوچھتی ہے؟؟؟

کیوں میں اپنے گھر میں نہیں آسکتا؟؟

نواب صاحب آسکتے ہو۔۔ہم لوگوں نے کب تمہیں منع کیا ہے لیکن تم بغیر مطلب کے تو گھر میں آنا ضروری سمجھتے ہی نہیں ہوں۔۔آج کون سا مطلب تمہیں گھر لے آیا ہے۔۔ہاجرہ بیگم تابش کو بھگو کر تنز مارنے لگی۔۔

تابش کے پاس اس بات کا کوئی جواب نہیں تھا۔۔تمہارے ابو کی دوائیاں ختم ہو گئی ہیں۔۔وہ جا کے لے آؤ۔۔میرے پاس پیسے نہیں ہیں تابش ہولے سے بولتا ہے!!!

تو کوئی کام کر لو۔۔ پیسوں کی ضرورت تو پڑتی رہتی۔۔ تمہیں تو ہم بوڑھے ماں باپ کا بھی خیال نہیں ہے۔۔ایک وہ حور۔۔ بیچاری ہے جو ہم دونوں بوڑھوں کا اتنا خیال کرتی ہے۔۔ سارا دن آفس میں کام کرنے کے بعد وہ گھر آکر بھی کام کرنے میں جت جاتی ہے۔۔۔اج اس کی چھٹی تھی۔۔اور آج اس نے گھر میں سو کام نکالے ہوئے ہیں۔۔ کم از کم اس کی طرف دیکھ کے کچھ شرم کھالو!!!

ہاجرہ بیگم۔۔نے تو آج اچھے سے تابش کی کلاس لینے کا سوچا لیا تھا!!!!

امی کیا آپ ہر وقت حور۔۔ حور۔۔ کی رٹ لگائے رکھتی ہیں۔۔ میں بھی تو آپ کا بیٹا ہوں؟؟ مجھے پیدا کیا ہے.. آپ نے تابش تو غصے سے بھڑک ہی اٹھا تھا!!!

پیدا کیا تبھی تو پچھتا رہی ہوں.. تم بیٹے ہو کر بھی وہ کام نہیں کر رہے ہو.. جو وہ بیٹی نہ ہو کر بھی کر رہی ہے.. رات تھوڑی سی لیٹ ہو جائے وہ بچی دل میں گھبراہٹ سے ہونے لگتی ہے۔۔نہ جانے بچی کے ساتھ کوئی مسئلہ نہ بن گیا ہو

۔اج کل کے حالات تو دیکھ رہے ہو نا۔۔اکیلی لڑکی کو باہر بھیجنے کا کوئی حال ہے بھلا۔۔۔ لیکن نہیں تمہیں تو اس چیز کی کوئی سمجھ ہی نہیں ہے۔۔ کل کو بچی کے ساتھ کچھ ہو گیا تو پھر پچھتانے سے کیا فائدہ؟؟؟؟

تابش۔۔ سر جھکائے ماں کی باتیں سنتا جا رہا تھا۔۔جب کھانسی کرتے ہوئے افتخار اجمل کمرے سے باہر آتے ہیں۔۔ کیوں ڈانٹ رہی ہو بچے کو وہ تابش کی طرف دیکھ کر ہاجرہ سے پوچھتے ہیں!!!!!

یہ بچہ ہے 28 سال کا ہٹا کٹا۔۔نوجوان ہے۔۔اس کے جیسے اپنا کاروبار کرتے ہیں۔۔ بزنس سنبھلتے ہیں۔۔ لیکن یہ کیا کرتا ہے۔۔ سارا دن کبھی اس دوست کے پاس چلا گیا کبھی اس دوست کے پاس چلا گیا!!!!

نہیں میں یہ کہتی ہوں وہ دوست کرتے کیا ہیں۔۔جوا کھیلنا شراب پینا۔۔لوگوں کی بہن۔۔ بیٹیوں کو چھیڑنا ان کا کام ہے۔۔یہ کیوں نہیں سمجھتا میں اس کے بھلے

کاہی سوچتی ہوں۔۔کل کو یہ پچھتائے گا۔۔جب خالی ہاتھ رہ جائے گا۔۔اس سے اچھا ہے پہلے یہ سدھر جائے۔۔۔

حاجرہ بیگم۔۔تخت پر بیٹھتے ہوئے ہانپنے لگی۔۔افتخار اجمل تابش کی طرف افسوس والی نظروں سے دیکھ کر۔۔حور کی جانب جاتے ہیں۔۔۔

حور۔۔۔بیٹا بس کرو صبح سے لگی ہوئی ہو کام میں تھوڑا آرام کر لو۔۔دیکھو کیا ٹائم ہو گیا ہے؟؟؟؟

بس تایا ابو۔۔یہ تھوڑے سے کپڑے رہ گئے یہ دھولوں آپ کو تو پتہ ہے لائٹ سارا دن کتنا تنگ کرتی ہے۔۔پھر لائٹ چلی جائے گی تو کام بیچ میں رہ جائے گا۔۔میں آرام کر لوں گی آپ پریشان نہیں ہوں۔۔آپ جا کے آرام کریں۔۔آپ کی طبیعت پہلے ہی خراب ہے۔۔اگر آج میری چھٹی نہ ہوتی تو میں واپسی پر آپ

کی دوائیاں ضرور لے کر آتی۔۔ حور۔۔افتخار اجمل کا زرد چہرہ دیکھ کر نم لہجے سے بولی!!!!

کوئی بات نہیں بیٹا۔۔آج نہیں تو کل دوائیاں آجائیں گی۔۔پھر کیا ہوا ایک دن ہوتا ہے۔۔ہفتے میں چھٹی کا تم اس میں بھی گھر کے کام نکال کر بیٹھ جاتی ہو؟؟ آرام کیا کرو اپنی صحت کا خیال رکھو میرے بچے..تایا ابو.. حور۔۔کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے۔۔دوبارہ ہاجرہ بیگم کی جانب آتے ہیں!!!

کھانے میں کچھ بنایا ہے۔۔وہ حاجرہ بیگم سے پوچھتے ہیں؟؟؟

ہاں دال چاول بنائے ہیں۔۔آج

ٹھیک ہے۔۔ حور۔۔کو بھی کھانا دے دو صبح سے کام میں لگی ہوئی ہے۔۔تایا ابو۔۔ مشین سے کپڑے نکالتی حور کی طرف دیکھ کر ہاجرہ بیگم کو کہنے لگے!!!

میں نے بولا بھی تھا حور کو کہ کام بعد میں کر لینا لیکن وہ مان ہی نہیں رہی ہے۔۔

اچھا آپ یہاں پر بیٹھے۔۔میں آپ لوگوں کے لیے کھانا لے کر آتی ہوں۔۔۔ہاجرہ بیگم یہ کہتے ہوئے تخت سے اٹھ کر کچن کا رخ کرتی ہے۔۔۔

کچن میں جاتے ہوئے وہ پیچھے مڑ کر۔۔تابی۔۔ کھانا کھائے گا یا نہیں۔۔

اتنا کچھ تو کھا لیا ہے؟؟اب اور کچھ کھانے کی کسر باقی ہے!! مجھے نہیں کھانا کچھ بھی تابش غصے سے اٹھ کر اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا اور ہاجرہ بیگم کچن کی جانب؟

♥♥♥♥♥

رات کے 12 بج رہے تھے کمرے میں فل اے سی چل رہا تھا۔۔دو نفوس بیڈ پر سو رہے تھے۔۔کمرے میں ہلکی ہلکی لیمپ کی لائٹ جل رہی تھی۔۔اچانک ان میں سے ایک نفوس اپنا کمبل اتارتے ہوئے۔۔۔بیڈ سے اترتا ہے اور ساتھ والے پر ایک نظر ڈالتا ہے۔۔جو فل نیند کی گہرائیوں میں کھویا سو رہا تھا۔۔۔۔وہ اپنی چپل پہن کر آہستہ آہستہ دبے پاؤں۔۔چلتا ہوا۔۔بالکونی کا رخ کرتا ہے !!!

اور اپنا موبائل جو وہ بیڈ سے ہی اٹھا کر ساتھ لایا تھا۔۔اس سے کسی کو کال ملاتا ہے۔۔بیل تو جا رہی تھی لیکن کوئی فون نہیں اٹھا رہا تھا۔۔وہ وقفے وقفے سے ایک نظر کمرے کی جانب بھی ڈال لیتا تھا۔۔تھوڑی دیر بعد کال پک ہوتی ہے !!!

جب وہ نفوس بولتا ہے۔۔ہیلو "سارہ۔۔۔بے بی۔۔کیسی ہو؟؟

اگے سے نہ جانے اسے کیا بولا گیا۔۔جب وہ بولتا ہے۔۔ سوری میری جان مجھے ایسا کرنا بڑا مجھے ڈرامہ کرنا پڑا۔۔ تم تو میری بیوی کو اچھے سے جانتی ہو؟؟! اگر اسے بھنک بھی لگ جاتی کہ میرا تمہارے ساتھ کوئی تعلق ہے.. تو وہ مجھے ابھی کے ابھی اس خوبصورت دنیا سے نکال کر باہر پھینک دیتی!!!

تو پھر ہمارا گزارا کیسے ہوتا۔۔ تم تو جانتی ہو سارہ بے بی میں تم سے کتنا زیادہ پیار کرتا ہوں۔۔اور جلد ہم لوگ شادی کر لیں گے۔۔ایک بار اس نق چڑھی کی ساری دولت میرے ہاتھ میں آجائے بس۔۔۔ پھر ہم دونوں پوری دنیا گھومیں گے!!!

نہیں۔۔ نہیں جان۔۔۔ تم غلط سمجھ رہی ہو۔۔ میں کوئی ڈبل گیم نہیں کھیل رہا تمھارے ساتھ۔۔ میں صرف تم سے ہی پیار کرتا ہوں۔۔۔اس امیر زادی۔۔۔ سے تو پیار کرنا میری سب سے بڑی غلطی تھی۔۔اس کو اپنی دولت کا بہت زیادہ گھمنڈ ہے۔۔اس کا گھمنڈ نہ میں نے توڑ دیا۔۔ تو میرا نام بھی ابہام نہیں ہے!!!

اچھا ٹھیک ہے سارہ بے بی میں اب فون رکھتا ہوں۔۔یہ نہ ہو زویا۔۔اٹھ جائے تو وہ پھر ایک نیا بکھیڑا کھڑا کر دے گی۔۔ہاں ہاں کل میں اپنی جان سے ملنے آؤں گا۔۔ٹھیک۔۔۔ہے او کے اللہ حافظ اپنا دھیان رکھنا۔۔آئی لو یو۔۔یہ کہتے ہوئے ابہام فون بند کر کے چپکے سے جا کر زویا کہ ساتھ لیٹ گیا!!!

یہ ابہام۔۔ہی تھا جو چوری چھپکے سارہ سے بات کرنے بالکونی میں آیا ہوا تھا۔۔ وہ سارہ اور زویا۔۔دونوں کے ساتھ ہی ڈبل گیم کھیل رہا تھا۔۔۔

ابہام۔۔۔بہت شاطر انسان تھا۔۔اس کو پتہ تھا زویا اپنے باپ کی کلوتی بیٹی ہے۔۔اور ساری جائیداد زویا کی تو ہے۔۔پہلے اس نے زویا کو اپنے پیار کے جال میں پھنسایا۔۔زویا جب اس کے پیار جال میں پھنس گئی۔۔شادی ہو گئی۔۔تو بہت جلد ابہام۔۔کا زویا سے دل اکتا گیا۔۔

کیونکہ اب اس کی زندگی میں سارہ آگئی تھی۔۔سارہ اتنی امیر تو نہیں تھی۔۔ لیکن وہ غریب بھی نہیں تھی۔۔سارہ اور ابہام کی ملاقات ایک شاپنگ مال میں ہوئی تھی۔۔جہاں پر ان کی پہلی ملاقات ہوئی تھی۔۔آہستہ آہستہ وہ دونوں ایک دوسرے سے ٹکرانے لگے۔۔اور ملاقاتیوں سے پھر کال اور میسج پر شروع ہو گئے۔۔اور پھر دونوں ہی ایک دوسرے سے محبت کرنے لگے۔۔

لیکن ابہام۔۔۔یہ بات بھول رہا تھا۔۔وہ حور کو بھی پہلے چھوڑ چکا ہے۔۔اور اب زویا۔۔کو بھی چیٹ کر رہا۔۔۔جو کسی کے ساتھ غلط کرتا ہے۔۔وہ کبھی بھی خوش نہیں رہتا۔۔

زویا نے تو ابہام۔۔۔سے محبت کی تھی۔۔لیکن ابہام۔۔۔نے اس سے صرف دولت کی خاطر شادی کی تھی۔۔۔

ابہام۔۔جیسے لوگ کبھی بھی کسی کا بھلا نہیں کر سکتے۔۔لیکن وہ بھول چکا تھا۔۔
کہ مکافات عمل تو اٹل ہے۔۔۔پہلے اس نے حور۔۔جیسی شریف اور پاکیزہ لڑکی
کو۔۔چھوڑ کر زویا کو اپنایا اب زویا کو بھی دھوکہ دے کر۔۔سارہ کی طرف نکل
گیا۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

آج حور۔۔اور اس کے دوست ارم۔۔کچھ شاپنگ کرنے کے لیے مال میں آئی
ہوئی تھیں۔۔ارم۔۔اور حور۔۔ایک یونیورسٹی میں پڑھتی رہی تھیں
۔۔۔ارم۔۔۔کے پاپا۔کا بہت بڑا بزنس تھا۔۔وہ ایک امیر طبقے سے تعلق رکھتی
تھی۔۔لیکن ارم۔۔۔نے حور۔۔۔جیسی سادہ اور اچھی لڑکی کو دیکھتے ہی اس سے
دوستی کر لی!!!

ارم۔۔ایک امیر باپ کی بیٹی تھی۔۔ لیکن غرور نام کی اس کے اندر کو کوئی چیز نہیں تھی۔۔ وہ اللہ سے ڈرنے والی اور سب کا خیال رکھنے والی لڑکی تھی۔۔ یہی وجہ تھی کہ بہت جلد اس کی اور حور کی دوستی ہو گی۔۔اور وہ دوستی صرف یونیورسٹی تا کہ نہیں بلکہ آج تک قائم ہے۔۔ وہ اکثر حور کے گھر آتی جاتی رہتی تھی۔۔

ارم۔۔جب بھی حور۔۔سے ملنے آتی تھی۔اس کے لیے کچھ نہ کچھ لازمی لاتی تھی۔۔

آج حور۔۔جب آفس جانے کے لیے تیار ہو رہی تھی۔۔ تبھی ارم اس کے گھر آتی ہے۔۔اور زبردستی حور کو آفس سے چھٹی کروا کر اپنے ساتھ شاپنگ پر لے گئی۔۔۔

ارم کے بھائی کی شادی تھی۔۔ جس کی وجہ سے اسے شاپنگ کرنی تھی۔۔اس نے حور کو بھی انوائٹ کیا تھا۔۔اور وہ اچھے سے جانتی تھی۔۔ حور کسی نہ کسی بہانے سے انکار کر دے گی اس لیے وہ اپنی شاپنگ کے ساتھ آج حور۔۔ کو بھی شاپنگ کروانے کا ارادہ رکھتی تھی۔۔ لیکن یہ بات حور۔۔ نہیں جانتی تھی!!!!

ارم نے ہر مشکل میں ہمیشہ حور۔ کا ساتھ دیا تھا اس لیے آج اس نے آفس سے چھٹی کر لی تھی۔۔عارم آفندی کے نمبر پر اس نے میسج چھوڑ دیا تھا۔۔وہ لوگ شاپنگ کرنے آئی ہوئی تھیں۔۔دو گھنٹے ہو گئے تھے۔۔ان کو شاپنگ کرتے ہوئے ارم۔۔نے اتنی زیادہ شاپنگ کر لی تھی۔۔ حور۔۔کے منع کرنے کے باوجود بھی وہ اپنے ساتھ ساتھ حور کی بھی سیم چیزیں لیتی جا رہی تھی!!!!

ایک دکان سے گزرتے ہوئے۔۔ایک بلیک کلر کی لونگ فراک پر حور کی نظر پڑی۔۔وہ فراک اتنی خوبصورت لگ رہی تھی کہ حور کی نظریں اس پر ٹھہر سی

گئی تھی۔۔ارم کال پر اپنے بھائی سے۔۔ باتیں کرتے کرتے آگے نکل گئی۔۔
لیکن حور اس فراک کو تکتے جا رہی تھی۔۔۔

شہریار جو آج ساحر خان۔۔کے ساتھ اپنی شاپنگ کرنے کے لیے آیا ہوا تھا۔
اس کی نظر اچانک حور۔۔پر پڑتی ہے۔۔تو وہ اس کو دیکھتا ہی رہ جاتا ہے۔۔حور
نے آج سفید عبائے کے ساتھ مہرون کلر کا سکاف لیا ہوا تھا۔۔جس سے اس کی
گوری رنگت بہت دمک رہی تھی۔۔یا شاید شہریار کو ہی ایسا محسوس ہو رہا تھا
۔۔شہریار۔۔حور کی نظروں کی تعاقب میں دیکھتا ہے۔۔تو وہ ایک بلیک کلر کی
خوبصورت فراک تھی۔۔

جیسے حور۔۔حسرت بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔نہ جانے شہریار کو حور
کا یوں حسرت بھری نظروں سے ایک معمولی سی فراک کو دیکھنا اچھا نہیں لگا
۔۔۔

ساحر خان۔۔جو ایک ضروری کال سننے کی وجہ سے پیچھے ہی رہ گیا تھا۔۔وہ شہریار کے پاس آتا ہے۔۔ لیکن شہریار تو حور کو دیوانہ وار دیکھتا جا رہا تھا۔۔

تُو نیند سا میری آنکھ میں اُترے!!!
میں خواب سا تجھے بار بار دیکھوں!!

ساحر۔۔پہلے شہریار کو اور پھر دور کھڑی 20/18 سالہ لڑکی کو دیکھتا ہے۔۔۔
کیا بات ہے شہزادے؟؟؟

ساحر۔۔۔شہریار۔۔کے کندھے پر تھپکی دیتے ہوئے بولا۔۔تو شہریار کو ہوش آتا ہے۔۔کچھ نہیں یار چلیں۔۔پھر شاپنگ کرنے ہاں چلو شہریار حور۔۔کو ایک نظر دیکھ کر اور فراک کو دیکھ کر ساحر۔۔کے ساتھ شاپنگ کرنے اوپر والے فلور پر چلا گیا!!!

ارم۔۔جو کال بند کرتے ہوئے۔۔اس نے پیچھے دیکھا تو حور۔۔ کہیں نہیں تھی؟؟؟؟

ارے حور کی بچی کہاں پہ رہ گئی؟؟ وہ واپس اس کو دیکھتے ہوئے آ رہی تھی۔۔ جب حور ایک دکان کے اگے کھڑی نظر آئی۔۔ حور۔۔ تم یہاں پر کھڑی ہو۔۔

سوری یار۔۔ حور ارم سے بولی۔۔

کیا ہوا؟؟؟ کیا دیکھ رہی تھی۔۔ارم۔۔دکان کے اندر ایک نظر مار کر حور کو دیکھ کر بولی۔۔۔

کچھ نہیں بس ایسے ہی وہ فراک دیکھ رہی تھی۔۔ کتنی پیاری لگ رہی ہے نا۔۔ حور پر جوش ہوتے ہوئے۔ارم کو وہ فراک دکھانے لگی۔۔

بلیک کلر کی فراک کو دیکھتے ہوئے ارم بولی۔۔۔۔ سوپر یٹی ویسے تم پر بہت خوبصورت لگے گی۔۔ارم۔۔ حور کے کندھے پر اپنی تھوڑی رکھتے ہوئے محبت سے بولی!!!

نہیں یار میں نے نہیں لینی مجھے بس ویسے اچھی لگی دیکھنے میں۔۔ لیکن مجھے نہیں چاہیے۔۔مجھے بلیک کلر پسند نہیں ہے۔۔ حور اگے بڑھتے ہوئے کہتی ہے!!!

اوئے۔۔ تمہیں کب سے بلیک کلر پسند نہیں ہے۔۔ارم حیرت سے حور کی طرف دیکھتی ہے۔۔جو نظریں چرا گئی تھی۔۔بلیک کلر تو حور کا پسندیدہ کلر تھا!!!

بس یار کبھی۔۔ کبھی اپنی پسند بھی چھوڑنی پڑ جاتی ہے۔۔ حور آہستہ سے بولتے ہوئی۔۔ارم کو ساتھ لیے اگے بڑھ گئی۔۔

حور نے دراصل یہ بات اس لیے کی تھی۔۔کہ وہ نہیں چاہتی تھی۔۔کے ارم اس کو فراک لے کے دے۔۔اگر حور۔ایسا نہ کہتی تو ارم نے زبردستی اس کو فراک لے دینی تھی۔۔لیکن حور کی عزت نفس گوارا نہیں کرتی تھی کہ وہ کسی سے چیزیں لے کر پہنے۔۔

♥♥♥♥♥♥

یاسر۔۔نے پچھلے دو دن سے شیدے کو حور کی تصویر بھیج رکھی تھی۔۔حور کی تصویر لینا۔۔اس کے لیے بہت مشکل کام تھا۔۔لیکن جب پیسہ پاس ہو تو پھر کچھ بھی ممکن ہو سکتا ہے۔۔

دو دن گزر کر آج تیسرا دن تھا۔۔پر شیدے نے اسے ابھی تک کوئی خبر نہیں دی تھی۔۔یاسر فون نکالتے ہوئے۔۔کال ملاتا ہے۔۔شیدے۔۔تجھے جو میں نے کام بولا تھا۔۔توں کب تک کرے گا؟؟

بلبل۔۔یہ دروازہ کھولنا میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے جب وہ اپنے ایک ساتھی کو آواز دیتا ہے تھوڑی ہی دیر بعد دروازہ باہر سے دروازہ توڑنے کی آوازیں

صاف سنائی دینے لگی۔۔ہر ٹھوکر پر حور۔۔کا دل اچھل کر حلق میں آجاتا۔۔حور کو لگ رہا تھا۔۔آج اس کی عزت نہیں بچے گی۔۔وہ رو رو کر اللہ سے اپنے لیے مدد کے لیے فریاد کرنے لگی!!!

لیکن یہاں پہ کوئی ہوتا تو اس کی فریاد سنتا نا یہ ایک کڑی آزمائش تھی۔۔حور کے لیے جس سے حور نے گزرنا ہی تھا تھوڑی ہی دیر بعد دروازہ ٹوٹ کر گر گیا۔۔اور حور دروازے کے نیچے آتے بال بال بچی وہ جلدی سے جا کر بیٹھ کے ساتھ کھڑی ہو گئی!!!!!!!!

یاسر۔۔اپنے ہونٹوں پر اپنا انگوٹھا پھیرتے ہوئے خباثت بھری مسکراہٹ کے ساتھ دھیرے دھیرے سے حور۔۔کی جانب بڑھنے لگا۔۔جیسے جیسے یاسر۔۔"حور" کی طرف قدم بڑھا رہا تھا۔۔حور اپنے قدم پیچھے لینے لگی۔۔ لیکن کب تک آخر وہ دیوار کے ساتھ جا لگی۔۔حور کو اپنے فرار ہونے کا کوئی راستہ بھی نظر نہیں آرہا تھا۔۔

وہ اپنے آس پاس کوئی ایسی چیز ڈھونڈ رہی تھی جو جس سے وہ اپنا بچاؤ کر سکے۔۔
اس کو کچھ بھی ایسا نظر نہیں آیا اور وہ اپنی قسمت پر خاموش آنسو بہانے
لگی۔۔یاسر بالکل اس کے قریب آگیا تھا۔۔حور نے خوف سے اپنی آنکھیں بند
کرلی۔۔جیسے ہرن شیر سے بچنے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے اپنی آنکھیں بند کر
لیتی ہے!!!!

بلبل میں نے کہا تھا نا دروازہ توڑنا میرے لیے مشکل نہیں ہے تم نازک سی
جان کہاں تک میرا مقابلہ کر سکتی ہو۔۔آج میں تمہیں اپنے رنگ میں رنگ
دوں گا۔۔وہ جو تمہارا عاشق ہے نا جس کو تمہارا نام بھی کسی کے منہ سے سننا گوارا
نہیں۔۔وہ ہاتھ ملتا رہ جائے گا۔۔لیکن تم اس کی پہنچ سے بہت دور جا چکی
ہو گی!!

پتہ ہے کیوں؟؟ حور۔۔ جو دم سادھے یاسر کی باتیں سن رہی تھی۔۔ یاسر کی اس بات پر آنکھیں کھول کر ایک بار اس کو دیکھتی ہے۔۔ لیکن پھر آنکھیں بند کر گئیں!!!

کیونکہ آج رات میں تمہارے ساتھ بیتاوں گا پھر نہ جانے کتنے لوگ تمہارے ساتھ کتنی راتیں بیتائیں گے۔۔ یاسر اپنی شہادت کی انگلی اس کے پیشانی سے نیچے تک لے کے آنے لگا۔۔ ویسے تم ہو کمال چیز۔۔ بالکل کسی ایٹم بم کی طرح اچھے خاصے پیسے تمہارے مل جائیں گے۔۔۔

پلیز مجھے جانے دو؟؟ میں نے کیا بگاڑا ہے تمہارا میری کیا دشمنی ہے۔۔ تم سے کم سے کم کسی لڑکی کے ساتھ اتنا بھی برا مت کرو اللہ کے ہاں تمھیں جواب نہیں دینا کیا۔۔ حور روتے ہوئے بولی!!!

او۔۔۔بی بی۔۔۔بند کرو عالمہ بننا اور تمہیں کیا لگتا ہے تمہاری یہ باتیں سن کے میرا دل پگھل جائے گا۔۔ کبھی بھی نہیں جو میں نے سوچ رکھا ہے وہ تو میں کر کے رہوں گا۔۔

حور کو نہ جانے ایک دم سے کیا ہوا وہ کب سے اس کی منتیں کر رہی تھی لیکن یاسر نے اس کو کمزور ہی سمجھ لیا تھا عورت اگر مضبوط بننے پر آئے تو بڑے بڑے پہلوانوں کو بھی مات دے جاتی ہے۔۔ حور۔۔ایک زوردار تھپڑ یاسر کے منہ پر مارتی ہے۔۔۔ تھپڑ اتنے زور کا تھا کہ ایک بار تو یاسر بھی چکرا کر رہ گیا!!!

اس نازک سی جان کا اتنا مضبوط تھپڑ یاسر کو کہا اندازہ تھا یو۔۔ بچ۔۔ کمینی عورت تھپڑ مار رہی ہو۔۔ یاسر نے حور کے بالوں سے پکڑ کر اس کو زور زور سے جھٹکے دینے لگا۔۔ حور درد سے چیخ اٹھی۔۔۔ لیکن وہ کمزور نہیں پڑ سکتی تھی۔۔ اگر وہ اب یاسر کے سامنے کمزور پڑ جاتی تو وہ اپنی عزت کا بچاؤ کبھی بھی نہ کر سکتی!!!

ہاں مارا تھپڑ میرے بس میں ہو تو میں تمہارا یہیں پہ ٹکڑے ٹکڑے کر دوں تم مردوں نے عورتوں کو کیا سمجھ رکھا ہے گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیتے ہو۔۔چونٹیوں کی طرح تم جیسے درندے اپنے پاؤں کے نیچے عورت کو مسل دیتے ہیں کسی کی ماں کسی کی بہن کسی کی بیٹی تم لوگوں کو صرف اپنی ہوس بجھانی ہوتی ہے۔۔چاہے پھر کسی کی پوری زندگی اجڑ جائے!!!

لیکن وہ جو اوپر رب بیٹھا ہے نا اس کی لاٹھی جب ایک بار تم جیسے درندوں پر برستی ہے نا پھر تم لوگوں کو کہیں بھی چھپنے کا ٹھکانہ نہیں ملتا۔۔۔حور۔۔غصے سے چیختی ہوئی یاسر سے بولی!!!

لیکن یاسر پر اس وقت ہوس سوار ہو چکی تھی اس پر حور۔۔کی خوبصورتی کا نشہ چڑھ کر بول رہا تھا۔۔ایک حدیث میں ہے نہ کے ؟؟؟؟

حدیث مبارکہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، "جو مرد اور عورت (نامحرم) ایک ساتھ تنہائی میں بیٹھیں تو ان کا تیسرا ساتھی شیطان ہوتا ہے۔" (ترمذی)۔

بلبل۔۔جو مرضی کہو لیکن آج میں تمہارا رس پی کر رہوں گا۔۔یا سر پر سرار مسکراہٹ لیے بولا!!!

مر جاؤں گی۔۔ لیکن تم جیسے درندے کو اپنے قریب بھی نہیں آنے دوں گی۔۔ تم جیسے حوس کے بچاری۔۔ عورتوں کو کسی کھلونے کی طرح توڑ کر پھینک دیتے ہو اور سوچتے ہو تم مرد ہو۔ تمہارے ساتھ ایسا کچھ نہیں ہو گا تو یاد رکھو یہ اس دن ہو گا جس دن اس کائنات کا کوئی خدا نہیں ہو گا۔۔ عورت نہ سہی، اسے انسان تو سمجھو۔. حور چیخ کر بولی۔

تو ٹھیک ہے میری بلبل۔۔ مر جانا لیکن میری پیاس بجھانے کے بعد۔۔پہلے تو میں نے سوچا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ویسے ہی سہاگ رات منالوں گا۔۔ لیکن اب تم بھی کیا یاد کرو گی میں اتنا بھی گیا گزرا نہیں ہوں اب۔۔پہلے تم سے فرضی نکاح کروں گا اس کے بعد میں تمہاری عزت تار تار کروں گا۔۔آج میں تمہارے جسم کو چیر پھاڑ کر رکھ دوں گا۔۔ کچی کلی کو مسلنے کا بھی الگ ہی مزہ ہے ۔۔یاسر غصے سے اس کی تھوڑی کو دبوچے ہوئے بولا!!!!

اب یہ تمہارے پر ہے کہ تم نکاح کر کے مجھے اپنا آپ سنوپتی ہو یا بنا نکاح کے ہی۔۔مجھے خوش کرتی ہو سوچ لو بلبل۔۔۔ تھوڑی دیر میں نکاح خواں آجائیں گے تو میری بلبل چپ چاپ نکاح نامے پر دستخط کر دینا۔۔۔ورنہ تم مجھے ابھی تک اتنا تو جان ہی چکی ہو کہ۔۔میں کیا چیز ہوں!!!!!

تم جو کچھ مرضی کر لو نہ میں تم سے نکاح کروں گی نہ میں تمہیں اپنے قریب آنے دوں گی۔۔ حور سرخ آنکھوں سے یاسر کو وارن کرتے ہوئے بولی!!!

یہ تو تھوڑی دیر میں ہی پتہ چل جائے گا کون کس کے قریب ہے۔ایسا بول کر وہ اپنے ساتھی کو آواز دیتا ہے۔جب ایک لمبے لمبے بالوں والا کالا سیاہ ہٹا کٹا آدمی مونچھوں کو تاؤ دیتے ہوئے کمرے میں داخل ہوا۔۔اور ایک بیگ بیڈ پر رکھ کر حور کو ہوس بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے کمرے سے نکل گیا!!!!

یہ بیگ ہے اس میں نکاح کا جوڑا ہے۔اسے پہن کر جلدی سے تیار ہو جاؤ ۔۔ورنہ اگے جو کچھ بھی ہو گا اس کے ذمہ دار تم ہو اور تمہارے تیار کرنے کے لیے میں نے شہر سے ایک بیوٹیشن بلوائی ہے۔۔خبر دار اس کے سامنے تم نے کوئی بھی چوچراں کرنے کی کوشش کی۔۔یا اس کو کچھ بھی پتہ چلا تو پھر تمہاری تائی امی۔۔اور تائے ابو۔۔کی خیر نہیں یاسر حور کی دوگتی رگ پر پاؤں رکھتا ہے!!!!

کیا مطلب تم کیا کرو گے میری تائی کے ساتھ یہ تو تمہیں پتہ چل جائے گا۔۔ یاسر مسکراہٹ سنگ بولا۔۔۔

پلیز بتاؤ کیا کر رہے ہو؟؟ کیا کرنے والے ہو تم ان لوگوں کے ساتھ پلیز ان کے ساتھ کچھ بھی نہ کرنا تم جیسا کہو گے میں ویسا کروں گی۔۔ حور نے ہار مانتے ہوئے یاسر کے سامنے ہتھیار ڈال دیے!!!

واہ بے بھو کی شیر نی۔۔ تو فوراً بھیگی بلی بن گئی۔۔ یاسر مکروہ ہنسی ہنسنے لگا۔۔ حور دیوار کے ساتھ لگی آنسو بہاتی جا رہی تھی!!!!

اپنے تایا اور تائی کی زندگی کے لیے اس کو اپنی قربانی دینی پڑتی تو وہ دینے کو تیار تھی۔۔ پہلے تو میں نے سوچا تھا کہ تمہیں نہیں بتاؤں گا۔۔ لیکن تم بھی کیا یاد کرو گی تھوڑی دیر بعد بننے والا تمہارا شوہر تمہارا کتنا خیال رکھ رہا ہے۔۔ وہ اپنے موبائل سے ایک ویڈیو نکال کر حور کے سامنے موبائل لہراتا ہے جس میں ان

کے گھر کی چھت پر دو آدمی ہاتھ میں گ+ن لیے کھڑے تھے۔۔۔اگر تم نے نہ کی تو یہ گ+ن تمہاری تائی امی یا تایا ابو پر چل جائے گی!!!!

ن۔۔۔۔ نہیں۔۔پل۔۔۔یز۔۔ان ک۔۔۔۔وکچھ مت کرنات۔۔م جیسا بول رہے ہو۔۔۔م۔۔۔یں بالکل ویسا کروں گی۔۔۔حور۔۔ ہچکیوں کے درمیان روتے ہوئے بولی۔۔ لیکن حور یہ نہیں جانتی تھی کہ ان کے گھر میں تو کوئی ہے ہی نہیں۔۔ حور کا تایا زندگی اور موت کی جنگ ہسپتال میں لڑ رہا ہے۔۔۔وہ بیچاری جن کی خاطر اپنی قربانی دینے جا رہی تھی۔۔وہ تو پہلے ہی زندگی اور موت کی کشمکش میں تھا!!!!

مجھے تم سے یہی امید تھی میری بلبل۔۔یاسر یہ کہتے ہوئے کمرے سے نکل گیا۔۔۔اور حور بیڈ پر ڈھے سی گئی۔۔اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی!!!

کیوں اللہ تعالی کیوں؟؟آپ نے میرے نصیب میں خوشیاں کیوں نہیں لکھی ہیں..پہلے وہ ابہام تھا جس نے پانچ سال مجھے اپنے نکاح میں رکھا..اور پھر ایک پل میں مجھے توڑ کر چلا گیا۔۔میں نے خود کو سنبھال لیا۔۔قسمت کا لکھا سمجھ کر۔۔تو اب یہ مصیبت میرے گلے پڑ گئی۔۔اللہ تعالی میں آپ سے شکوہ نہیں کر رہی میں نے تو ہر چیز پر صبر کیا ہے ہمیشہ۔۔۔اپنی قسمت پر۔۔ہر آزمائش کو آپ کی رضا سمجھ کر قبول کیا۔۔لیکن کیوں آخر کیوں میرے ساتھ ہی ایسا کیوں ہو رہا ہے۔۔وہ بیڈ پر اوندے منہ لیٹی اللہ سے شکوے کر رہی تھی رو رہی تھی۔۔۔ سسک رہی تھی۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

نہ جانے کتنے پل بیت گئے تھے حور ویسے ہی بیڈ پر لیٹی روتی رہی اور اللہ سے شکوے شکایت کرتی رہی ابھی بھی نہ جانے کتنے اور بل بیت جاتے۔۔جب ایک 30/25 سالہ عورت ہاتھ میں بیگ پکڑے کمرے میں آئی پیچھے پیچھے وہی پہلے والا کالا کلوٹا سا آدمی تھا!!!

اسے تیار کرنا ہے اور صاحب نے جیسے جیسے بولا ہے بالکل ویسے ویسے
کرنا۔۔اگر ہوشیاری کرنے کی کوشش کی تو اس کی ذمہ دار تم ہو گی۔۔وہ اس
عورت کو دھمکی دیتے ہوئے کمرے سے نکل گیا!!!

وہ عورت بیڈ پر پڑی ایک لڑکی کو دیکھتی ہے جو مشکل 2019 سال کی
ہو گی۔۔نازک سی لڑکی جو رونے کی باعث اب ہچکیوں لے رہی تھی۔۔اور اس
کا جسم کانپ رہا تھا۔۔اس کو بے ساختہ اس بچی پر ترس آیا تھا۔۔وہ سمجھ چکی تھی
کہ اس لڑکی کے ساتھ زبردستی ہو رہی ہے۔۔۔وہ اگے بڑھتے ہوئے حور کے
کندھے پر ہاتھ رکھتی ہے۔۔اور حور پھدک کر سیدھی ہو کر بیٹھ جاتی!!!

پ۔۔۔لیز مجھے ہاتھ ٹچ مت کرنا۔۔۔وہ ڈرتے ہوئے بولی۔۔۔ جسم ابھی بھی
اس کا خوف سے کانپ رہا تھا!!!!

ریلیکس رہو بیٹا۔۔میں تمہیں کچھ نہیں کہوں گی۔۔حور کسی عورت کی آواز سن کر تھوڑی سی پر سکون ہوئی۔۔اور مدد طلب نظروں سے اس کی طرف دیکھنے لگی!!!

پلیز مجھے نہیں کرنا یہ سب کچھ؟؟میری مدد کر دیں آنٹی۔۔۔مجھے کسی طرح یہاں سے نکال دیں۔۔۔میں آپ کی بیٹی کے جیسی ہوں۔۔پلیز حور۔۔روتے ہوئے اس عورت کی منتیں کرنے لگی۔۔

اس عورت کو سچ مچ میں اس چھوٹی سی لڑکی پر بہت ترس آیا تھا۔۔نصیبہ بھی کیا کھیل کھیلتا ہے کوئی شہزادیاں محلوں میں راج کر رہی ہیں۔۔اور کوئی یوں درندوں کا شکار ہو رہی ہیں۔۔۔"ریلیکس رہو بیٹا" کچھ نہیں ہو گا قسمت میں جو ہوتا ہے..وہ انسان کو مل کر رہتا ہے اگر تمہاری قسمت میں یہاں سے نکل جانا لکھا ہے۔۔تو تم کسی نہ کسی طرح یہاں سے نکل جاؤ گی!!!

اللہ تعالی کو پکارو۔۔وہ تمہاری پکار ضرور سنے گا۔۔میں ادنی سی بندی کیا کر سکتی ہوں۔۔اور میں ان لوگوں کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتی یہ لوگ بہت خطرناک ہیں!!!

وہ حور کے آنسو صاف کرتے ہوئے اس کو تسلی دیتی ہے۔۔حور کو اچانک کچھ یاد آتا ہے تو وہ اپنی گالوں پر پھسلتے آنسو صاف کرتے ہوئے ہچکیوں کے درمیان بولی؟؟؟

آنٹی آپ کے پاس موبائل تو ہو گا نا۔۔وہ عورت آس پاس دیکھتے ہوئے ہاں میں سر ہلاتی ہے۔۔۔تو کیا میں آپ کے موبائل سے کسی کو کال کر سکتی ہوں۔۔وہ عورت اپنا بیگ رکھے کمرے سے باہر نکلنے لگی۔۔حور کو مایوسی ہوئی کہ یہاں پر بھی وہ فرار ہونے کی کوشش میں ناکام ہو گئی ہے۔۔

وہ عورت باہر جاتی ہے اور پہلے والے بندے کو اشارہ کرتی ہے وہ آتا ہے حور۔ڈر گئی تھی۔۔ کہیں یہ اس کو سب کچھ بتا نہ دے۔۔ حور۔۔اس عورت کی طرف دیکھ کر ہاتھ جوڑ کر منع کرنے لگی۔۔وہ ایک نظر حور۔کو دیکھ اس بندے کو بولتی ہے کہ صاحب جی کو بولو۔۔میں اسے تیار کرنے لگی ہوں کوئی بھی اس طرف نہ آئے میں دروازہ بند کرنے لگی ہوں۔۔ کپڑے چینج کرنے ہیں۔۔وہ ہاں میں سر ہلاتا ہوا وہاں سے چلا گیا!!!

اس کا نام عذرا تھا۔۔عذرا کمرے میں آتے ہی کنڈی لگاتی ہے۔۔اور حور کو اپنے ساتھ لیے بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔اور اپنے بیگ سے ایک چھوٹا سا موبائل نکال کر حور ۔۔سے بولی۔یہ لو جو بھی کرنا ہے جلدی کرو۔۔ہمارے پاس زیادہ ٹائم نہیں ہے۔۔میں یہاں پر تو آئی تھی کسی دلہن کا میک اپ کرنے۔۔ لیکن شاید اللہ بھی یہی چاہتا تھا کہ میں کسی مجبور کا سہارا بنو مدد کروں۔۔جب اللہ تعالی نے مجھے تمہارا وسیلہ بنا کر بھیجا ہے تو جہاں تک ہو سکا۔۔میں تمہاری مدد ضرور کروں گی!!!

حور۔۔ جلدی سے موبائل پکڑتی ہے اور افتخار اجمل کے نمبر پر کال کرنے لگی۔۔۔ لیکن ان کا نمبر بند جا رہا تھا۔۔ تابش کا نمبر حور کو یاد نہیں تھا۔۔ اور پھر حور۔۔ حاجرہ بیگم۔۔ کہ نمبر پہ کال کرتی ہے۔۔ بیل تو جا رہی تھی فون کوئی اٹھا نہیں رہا تھا۔۔ حور۔ دل میں دعا کرنے لگی۔۔ پلیز تائی امی فون اٹھائیں مجھے آپ لوگوں کی بہت ضرورت ہے!!!

لیکن تائی امی لوگوں پر تو خود قیامت ٹوٹی ہوئی تھی وہ ہر طرف سے مایوس ہو کر موبائل عذرا۔۔ کو واپس کرنے لگی تو اچانک سے اس کو اپنے محسن عارم آفندی کا خیال آیا رات کافی گہری ہو گئی تھی۔۔ لیکن اپنی عزت بچانے کے لیے حور کو کچھ بھی کرنا پڑتا وہ کر گزرتی۔۔ وہ جلدی سے عارم آفندی کا نمبر ڈائل کرتی ہے!!!!

یہ بھی اس کی خوش قسمتی تھی کہ عارم آفندی نے اس کو اپنا پرسنل نمبر دے رکھا تھا کہ۔۔جب بھی کبھی اس کو کسی مدد کی ضرورت ہو وہ بلا جھجک اس سے بات کر سکتی ہے۔۔ نمبر لیتے وقت حور۔نے سوچا تک نہیں تھا کہ اس پر ایسی کڑی آزمائش بھی آسکتی ہے۔۔کے رات کے اس پہر کبھی ایسے عارم آفندی ۔۔کو کال کرنے کی ضرورت پڑ جائے گی۔۔۔

حور عارم آفندی کے نمبر پر کال کرتی ہے۔۔تو پہلی بار کال نہیں اٹھائی گئ ۔۔لیکن وہ ہمت نہیں ہارنا چاہتی تھی۔۔وہ دوبارہ سے کال کرتی ہے۔۔اس بار کال اٹھالی گئ تھی!!!

یس عارم آفندی۔۔اسپیکنگ!!!

س۔۔۔۔رحور کی روتے ہوئے آواز موبائل میں گونجی۔۔تو عارم آفندی۔۔ جلدی سے موبائل کان سے ہٹا کر نمبر دیکھتے ہیں۔۔یہ حور کا نمبر تو نہیں پھر حور

کی آواز کیوں آئی لیکن اس کو کسی انہونی کا احساس ہوا تو وہ دوبارہ کانوں سے موبائل لگاتا ہے!!!!

حور۔۔بیٹا کیا ہوا آپ رو کیوں رہی ہیں۔۔س۔۔۔رپلیز مجھے بچالیں!!!

بیٹا آرام سے بتاؤ۔۔مجھے کیا ہوا آپ کے ساتھ۔۔۔سر کسی یاسر نے مجھے اغوا کر لیا ہے۔۔صبح سے میں بہت مشکل سے مجھے اب بات کرنے کا موقع ملا ہے۔۔ پلیز سر مجھے بچالیں یہ درندہ میری عزت نوچنے کے درپہ ہے۔۔وہ زبردستی مجھ سے نکاح کر رہا ہے۔۔

حور کی بات سن کر عارم آفندی۔۔کے پیروں تلے سے زمین سرک گئی۔۔حور بیٹا آپ کہاں پہ ہیں۔۔کچھ پتہ ہے آس پاس کوئی گھر یا کچھ اور۔۔میں کچھ نہیں جانتی سر۔۔۔۔یہاں ایک سنسان جگہ پہ فلیٹ ہے۔۔رات کافی ہے میں کچھ نہیں بتا سکتی۔

بیٹا آپ پریشان نہیں ہو ریلیکس رہو میں کچھ کرتا ہوں اتنی دیر میں باہر کسی کے قدموں کی چاپ سنائی دی تو حور جلدی سے موبائل عذرا کو پکڑا دیتی ہے۔۔ اور عذرا موبائل بند کرتے ہوئے اپنے بیگ میں موبائل کو چھپا گئی۔۔۔۔

دروازے پر دستک ہونے لگی۔۔ عذرا۔۔ حور۔۔ کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے دلاسہ دیتی ہے۔۔

آنا والا یاسر خود تھا۔ ہاں جی تیار کیا نہیں ہے مولوی صاحب آ گئے ہیں۔۔۔ کتنی دیر اور لگے گی میری بلبل کو سجنے سنورنے میں۔۔۔ یاسر دستک دیتے ہوئے بولا!!!!

جی بس دس منٹ لگیں گے تیار ہو جائے گی تیار ہی کر رہی ہوں عذرا اندر سے ہی جواب دیتی ہے!!!!

ٹھیک ہے۔۔ ٹھیک ہے 10 منٹ میں اس کولے کے باہر آجانا۔۔جی ٹھیک ہے ۔۔ حور سہمی ہوئی عذرا کی طرف دیکھتی۔۔۔ صبر کرو بیٹا اللہ سب اچھا ہی کرے گا۔۔ کوئی نہ کوئی طریقہ تو یہاں سے ہو گا نکلنے کا۔۔بس تم نے ہمت نہیں ہاری۔ عورت چاہے تو کچھ بھی کر سکتی ہے اگر عورت ہمت ہار جائے تو کچھ بھی نہیں کر سکتی عذرا کی باتوں سے حور کو کافی تسلی ہوئی تھی۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

حور۔۔ کی کال جیسے ہی بند ہوتی ہے عارم آفندی۔۔پریشانی سے کمرے میں ٹلنے لگے رات کے 12 بجنے والے تھے اس ٹائم وہ حور کے لیے کیا کر سکتے تھے۔۔اور آفندی مینشن میں سب اپنے اپنے کمروں میں سونے کے لیے جا چکے تھے۔۔عارم آفندی کافی دیر کمرے میں ٹہلتے رہے۔۔ لیکن جب انہیں کچھ بھی سمجھ نہ آیا تو وہ اپنا موبائل اٹھاتے ہوئے۔۔کمرے سے نکل گے !!!!

ان کا رخ اب شہریار کے کمرے کی جانب تھا اور جیسے ہی دروازہ نوک کرتے ہیں۔۔اندر سے فورا شہریار کی آواز آئی!!!!

کون؟؟شہریار.. جس کا دل بے چین ہو رہا تھا اس سے نیند نہیں آ رہی تھی وہ اپنے بیڈ پر لیٹا کروٹیں بدل رہا تھا جب اس کے دروازے پر دستک ہوئی!!!!

میں ہوں شہری۔۔عارم آفندی بولے!!!

باباجانی۔۔وہ جلدی سے بیڈ سے اٹھتے ہوئے دروازہ کھولتا ہے کیا ہوا باباجانی سب ٹھیک تو ہے آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے نا وہ پریشانی سے اپنے باپ کو دیکھنے لگا!!!

ہاں۔۔۔ہاں شہریار میں بالکل ٹھیک ہوں مجھے تم سے بہت ضروری بات کرنی ہے آئیں بیٹھیں بابا وہ اپنے بابا کو لیے بیڈ کی جانب بڑھا۔۔انہیں بیڈ پر بیٹھ کر سامنے شہریار خود بیٹھ گیا۔۔

کیا ہوا بابا۔۔۔اپ ایسے پریشان کیوں ہو رہے ہیں۔۔ شہریار فکر مندی سے اپنے باپ کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا!!!!

بیٹا وہ مجھے ابھی حور بیٹی کا فون آیا تھا۔۔ کیا ہوا خیریت اندر سے تو شہریار بے چین ہو گیا تھا۔۔ لیکن باہر سے اس کے تاثرات نارمل ہی رہے۔۔ خیریت ہی تو نہیں ہے بیٹا حور کو کسی نے دوپہر سے کڈنیپ کر لیا ہے۔وہ کافی پریشان تھی رو رہی تھی۔نہ جانے بچی کس حالات میں ہو گی ہمیں اس کے لیے کچھ نہ کچھ تو کرنا ہو گا ۔۔اس کو ڈھونڈنے کے لیے!!!

عارم آفندی۔۔کی بات سن کر شہریار کے پیروں تلے سے زمین سرک گئی تھی بابا یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔۔حور کو کس نے کڈنیپ کر لیا بھلا اس کی کسی کے ساتھ کیا دشمنی ہو سکتی ہے۔۔

شہری بچے۔۔تم نہیں جانتے۔۔دنیا آج کل کے لوگ اپنی بہن بیٹی کو نہیں چھوڑ رہے۔۔لوگ حور۔تو پھر کوئی پرائی تھی نہ جانے کیا بات ہے۔۔اصل بات تو مجھے بھی معلوم نہیں ہے مجھے ابھی حور نے ایک انجان نمبر سے کال کی تھی وہ تو میں ایک میٹنگ کے سلسلے میں ابھی تک جاگ رہا تھا اصل میں مجھے فارن کنٹری میٹنگ کرنی تھی جس کی وجہ سے رات 12 بجے کا ٹائم تھا۔۔تو میں نے انو نو نمبر کی کال اٹھالی ورنہ نہ جانے کیا ہوتا صبح تک!!!!

اچھا بابا آپ پریشان نہ ہوں آپ کی طبیعت پہلے ہی خراب رہتی ہے۔۔(عارم آفندی ہارٹ کے پیشنٹ تھے جنہیں زیادہ پریشانی لینے سے ڈاکٹر سختی سے منع کیا ہوا تھا)

شہریار اپنے باپ کو تسلی دیتے ہوئے بولا بابا آپ پریشان نہ ہو میں ساحر۔۔ کو فون کرتا ہوں ہم انشاءاللہ صبح سورج نکلنے سے پہلے مس حور۔۔ کو ڈھونڈ لیں گے۔۔ہاں اللہ تمہاری مدد کرے شہری بیٹا!!!

شہریار بیڈ کے سائیڈ ڈیبل سے اپنا موبائل اٹھاتا ہے اور ساحر۔۔ کو کال ملانے لگا ابھی دو ہی بیل گئی تھی کہ فون اٹھا لیا گیا!!!!!!!

ہاں بھئی شہزادے۔۔آج آدھی رات میری کیسے یاد آگئی اگے سے خوش باش ساحر خان کی آواز فون میں گونجتی ہے۔۔ساحر۔۔تم کہاں پہ ہو۔۔میں گھر میں ہوں۔شہریار کی پریشان سی آواز گونجی تو ساحر فورا سنجیدہ ہو گیا!!!

چھوٹے نواب کیا ہوا سب خیریت تو ہے ایک تو تم نے اس ٹائم مجھے کال کی اوپر سے پریشان لگ رہے ہو!!!

تم جہاں پر بھی ہو جلدی سے آفندی مینشن میں آجاؤ بہت ارجنٹ کام ہے۔۔
ایسا بول شہریار کل بند کر گیا۔۔دوسری طرف ساحر۔۔پریشانی سے اپنا موبائل
اور وائلٹ لیتا ہوا گاڑی نکالے گاڑی کا رخ آفندی مینشن کی جانب کر گیا۔شہریار
کا تو بس نہیں چل رہا تھا وہ اڑ کر حور کے پاس چلا جائے۔۔جیسے تیسے بھی کر کے وہ
حور کو ڈھونڈ نکالنا چاہتا تھا!!!

شہریار بیٹا جو بھی کرنا ہے جلدی کرو حور۔بتا رہی تھی وہ درندہ اس سے زبردستی
نکاح کرنے کی کوشش کر رہا ہے بابا آپ پریشان نہ ہوں۔۔اگر حور کو ناخن
برابر بھی خروش آئی تو جس نے بھی حور کو اغوا کیا ہے میں اس کو زمین میں زندہ
گاڑ دوں گا۔۔۔۔

شہریار کی آنکھیں اس وقت خون لہو چھلکانے کے قریب تھی عارم آفندی ۔۔تو اپنے بیٹے کا یہ روپ دیکھ کر اپنے پریشانی بھول ہی گیا تھا۔۔آج عارم آفندی کو یقین ہو گیا تھا۔۔ حور۔۔ شہریار کی زندگی میں بہت معنی رکھتی ہے۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

تابش اور فرحان نے یاسر کو ڈھونڈنے کے لیے چپا چپا چھان مارا تھا۔۔جہاں جہاں اس کے ملنے کے امکان تھا۔۔وہ سب جگہ پر پہنچ چکے تھے لیکن یاسر کو زمین کھا گئی تھی یا آسمان نگل گیا۔۔کچھ بھی پتہ نہیں چل رہا تھا یاسر کے سب دوستوں سے بھی فرحان نے باتوں باتوں میں پوچھ لیا تھا لیکن کسی کو بھی یاسر کے بارے میں کچھ بھی معلوم نہیں تھا!!!

ادھی رات گزر چکی تھی۔۔تابش اور فرحان بے مقصد سڑکوں پر گاڑی دوڑا رہے تھے۔۔تابش کا بس نہیں چل رہا تھا وہ یہیں پہ رو دے۔۔وہ اپنا سر ہاتھوں

میں گرائے گاڑی میں بیٹھا ہوا تھا۔۔انکھیں ضبط کے مارے لال سرخ ہو چکی تھی۔۔وقفے وقفے سے فرحان اس پر ایک نظر ڈال لیتا اور دوبارہ اپنی نگاہیں سامنے سڑک پر مرکوز کر جاتا!!!

تابش کی حالت دیکھ کر فرحان کو اپنے دوست پر بہت زیادہ ترس آرہا تھا۔۔یہ محبت اچھے اچھوں کو نکارہ اور بے بس بنا دیتی ہے۔۔حور کی جدائی تابش کو کھائی جا رہی تھی۔۔

یاسر۔۔کو تابش اچھے سے جانتا تھا وہ ہوس زدہ نہ جانے اب تک کتنی لڑکیوں کی زندگی برباد کر چکا تھا۔۔وہ حور کو بھی برباد کرنے میں پل نہیں لگائے گا۔تابش نے تو سوچا بھی نہیں تھا اس دن کی معمولی سی لڑائی حور کے لیے اتنی خطرناک ثابت ہو گی۔۔ورنہ وہ کبھی یاسر۔جیسے درندے کے ساتھ منہ ماری نہ کرتا۔۔لیکن کہتے ہیں نا منہ سے نکلی بات اور کمان سے نکلا تیر۔۔واپس نہیں آتا۔۔اب پچھتانے سے کیا فائدہ!!!!

اسی لیے تو اسلام میں غصے کو حرام قرار دیا گیا ہے کیونکہ انسان غصے میں کچھ بھی بول جاتا ہے جس کی برپائی اس کو بعد میں بڑی قیمت چکا کرنی پڑتی ہے!!!

تابی۔۔پریشان نہ ہو ہم حور کو ڈھونڈ لیں گے۔۔چور بھی اپنی چوری کر کے کوئی نہ کوئی تو سراخ چھوڑ ہی جاتا ہے یا سرنے بھی کوئی نہ کوئی تو غلطی کی ہو گی۔ہم اس کو جلدی ڈھونڈ لیں گے!!!

قسم ہے۔مجھے ہماری دوستی کی ایک بار یاسر مل جائے اس کو میں ایسی عبرت ناک سزا دوں گا کہ۔۔ائندہ وہ کسی بھی لڑکی کی طرف غلط نگاہ ڈالنے سے پہلے ہزار بار سوچے گا فرحان۔۔اسٹرنگ پر اپنا ہاتھ مارتے ہوئے غصے سے بولا!!!

♥♥♥♥♥♥♥

حور۔اس وقت سرخ لہنگے میں دولہن بنی سرخ دوپٹے پر سوگوار موڈ لیے بیٹھی ہوئی تھی۔۔"حور" نے کبھی بھی اتنا زیادہ میک اپ نہیں کیا تھا.. لیکن عذرا۔۔نے اس کو اتنی خوبصورتی سے تیار کیا تھا کہ وہ بالکل کسی چودویں کے چاند کی طرح جگمگا رہی تھی!!!!

عذرا۔۔نے اس کے میک اپ کو آخری ٹچ دیتے ہوئے۔۔حور کو سر سے لے کر پاؤں تک دیکھا۔۔وہ نازک سی لڑکی اس وقت کوئی اسپرا ہی لگ رہی تھی۔۔ لیکن نصیبوں کی اتنی ہی ماری تھی نہ جانے اس کی قسمت میں کیا لکھا تھا۔۔۔عذرا۔۔ایک سرد آہ بھرتے ہوئے اپنا سامان سمیٹنے لگی!!!!

یاسر۔۔نے جب سے حور کو اس کی تائی ہاجرہ کی اور تایا ابو کو مارنے کی دھمکی دی تھی۔۔حور تو تب سے پتھر کی مورت بن گئی تھی۔۔اس میں تو اتنی ہی ہمت نہیں تھی کے وہ یاسر جیسے درندے کا مقابلہ کر سکے۔۔اس نے اپنی تمام تر ہمت چھوڑ دی تھی!!!

لیکن جو دل کے اچھے ہوتے ہیں جنہوں نے کبھی کسی کا برا نہ چاہ ہو۔۔ بھلا ان کے ساتھ کیسے برا ہو سکتا۔۔ نکاح خواں آ چکے تھے یاسر نے گواہ کے طور پر اپنے دوستوں کو بھی اپنے ساتھ شامل کر لیا تھا۔۔ اور یوں کچھ ہی دیر بعد حور۔۔ گھونگھٹ اوڑھے۔۔ یاسر کے ساتھ بیٹھی نکاح پڑھنے کے لیے تیار تھی !!!!!

حور کے دل میں کیا چل رہا تھا۔۔ کوئی بھی نہیں جانتا تھا یہاں تک کہ یاسر کو بھی اس چیز کا پکا یقین ہو گیا تھا کہ حور اب کچھ نہیں کر سکتی۔۔ اس لیے وہ بھی ریلیکس سا بیٹھا فتح کے نشے میں چور نکاح پڑھنے کے لیے تیار بیٹھا تھا۔۔ اس کو تو صرف یہ تھا کہ جلدی سے یہ کاغذی کاروائی ہو۔۔ اور وہ حور کو نوچ پھینکے !!!

حور۔۔ گھونگھٹ کے پیچھے یہاں سے نکلنے کا اپنا بنایا گیا پلان پر کام کرنے کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔ ساتھ ساتھ اس کی تیز نظریں آس پاس بھی دیکھ رہی تھیں!!!

اچانک حور۔۔ کی نظر اس کے ساتھ کھڑے ایک موٹے آدمی پر پڑی۔۔۔ جس کی پینٹ کی جیب میں پسٹل لٹکتا حور کو نظر آیا؟؟؟

بس وہ ایک لمحہ تھا۔۔۔ جب حور نے آر یا پار کرنے کا سوچا وہ ایک پل میں کھڑی ہوتے ہوئی اس آدمی کو سنبھلنے کا موقع دیے بنا اس کی جیب سے پس+ٹل کھینچ چکی تھی۔۔ اور سیدھی پس+ٹل کی نال یاسر پر تان گئی!!!!

سب یہ سب کچھ اتنا اچانک سے ہوا تھا کہ کسی کو بھی سوچنے سمجھنے کا موقع تک نہیں ملا۔۔ یاسر تو حور۔ کی اس جرات پر ہکا بکا سا دیکھتا رہ گیا!!!

بلبل پس+ٹل نیچے کرو یہ چلانا تمہارے بس کی بات نہیں ہے وہ اپنی حیرانگی پر قابو پاتے ہوئے غصے سے بولا!!!!

بس یاسر۔۔بہت ہو گیا بہت نچالیا تم نے مجھے اپنے اشاروں پر میں نے تم سے بولا تھا نا کہ میں مر جاؤں گی لیکن تم جیسے درندے سے نکاح نہیں کروں گی۔۔تم نے کیا عورت کو اتنا ہی کمزور سمجھ رکھا ہے۔۔ماردوں گی تم سب کو۔۔ایک۔ ایک کو میں ماردوں گی۔اگر کوئی بھی میرے قریب آیا دو آدمی پیچھے سے اس کی طرف بڑھنے کی کوشش کر رہے تھے.. لیکن حور۔ان کی طرف بھی پس+ٹل تھام کر چیخ کر بولی!!!!

نکاح خوان کو جب پتہ چلا کہ یہ نکاح کے لیے لڑکی کی ساتھ زبردستی ہو رہی ہے۔۔تو وہ یاسر سے بولا۔۔۔صاحب اسلام میں نہ ہی ولی کے بنا نکاح جائز قرار دیا گیا اور نہ ہی لڑکی کی مرضی کے بغیر زبردستی نکاح کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔۔ایسے تو یہ نکاح ہو گا نہیں۔۔چاہے آپ زبردستی نکاح کر بھی لیں

گے۔۔ لیکن یہ زنا میں مرتب ہو گا تو میں یہ نکاح نہیں بڑھا سکتا۔۔۔ معذرت یہ کہتے ہوئے وہ یاسر کی بات سنے بنا ہی اپنا رجسٹر اٹھاتا ہوا نکل گیا !!!!!

ایجاب و قبول نکاح کے لئے شرط ہے اسلام میں کسی مرد یا عورت کی مرضی و اجازت کے بغیر نکاح قرار نہیں پا سکتا چنانچہ ارشادِ ربانی ہے ''یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا لَا یَحِلُّ لَکُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ کَرْھًا'' اے ایمان والو تم کو حلال نہیں کیا کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ (۱۱)۔ لفظ کرہا کا اطلاق بہت سے معنوں میں ہوتا ہے مثلاً زور زبردستی جبر دباؤ وغیرہ۔ اسی طرح کسی مرد کا نکاح کسی عورت سے اس کی مرضی و اجازت کے بغیر نہیں ہو سکتا چونکہ عموماً عورت باختیار نہیں ہوتی ہے۔ اس لئے عورت کی اجازت و مرضی کا ذکر وضاحت سے کر دیا گیا ہے اور اس سے بتانا مقصود ہے کہ اسلام نے نکاح میں عورت کو رضامندی پسند ناپسند کا پورا حق دیا ہے۔

دو گواہ:

نکاح میں دو گواہ کا موجود ہونا بھی شرط ہے۔ نکاح میں شہادت نہایت ضروری ہے۔اس لئے کہ اس سے بدکاری بے حیائی کا راستہ بند ہو جاتا ہے۔ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے عَنِ بْنِ عَبَّاسٍ ''اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَغَایَا الَّتِیْ یَنْکِحْنَ اَنْفُسَھُنَّ بِغَیْرِ بَیِّنَۃٍ''عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورتیں چوری چھپے نکاح کرلیں وہ حرام کار ہیں (۱۲)۔

ولی کی اہمیت:

عورت کے لئے نکاح میں رضامندی کے ساتھ ولی (سرپرست) کا ہونا بھی ضروری ہے۔ عورت کا نکاح بغیر ولی کے نہیں ہو سکتا چنانچہ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے ''عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ قَالَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ''حضرت ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا کہ ولی کے بدون نکاح نہیں (۱۳)۔ عورت کا شرف اور مقام اسی میں ہے کہ وہ کسی کی سرپرستی میں نکاح کرے۔اس طرح بہت سی سماجی اور معاشرتی خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔اس میں بہت سی حکمتیں اور مصلحتیں ہیں۔اگرچہ نکاح کرنے یا نہ کرنے کا اختیار پورا عورت کو حاصل ہے ولی اس کی مرضی اور رائے کے بغیر نکاح نہیں کر سکتا۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

اس سے پہلے کہ یاسر حور کی طرف قدم بڑھاتا حور نے کانپتے ہاتھوں سے یاسر پر گولی چلادی۔۔جو سیدھی یاسر کے پاؤں میں لگی اور وہ لڑکھڑا کر وہی صوفے پر گر گیا۔وہ جو دونوں آدمی جو دونوں ڈر کے مارے دور کھڑے ہوئے تھے۔۔وہ جلدی سے یاسر کی طرف لپکے۔۔۔

یہ ایک موقع تھا حور کا یہاں سے بھاگنے کا حور۔۔بنا کسی چیز کی پرواہ کیے وہاں سے بھاگ نکلی۔۔۔سالوں پکڑو اس کیمنی کو سا+لی بھاگ گئی ہے۔۔۔کمینی کسی بھی

حال میں مجھے واپس چاہیے۔۔اس کو تو میں سبق سکھاؤں گا۔۔اس کی ہمت کیسے ہوئی مجھ پر گولی چلانے کی۔۔یاسر درد اور غصے سے چیختے ہوئے اپنے آدمیوں سے بولتا ہے!!!!

حور بھاگتے ہوئے گیٹ کے قریب پہنچ چکی تھی۔سد شکر کے دروازے پر کوئی بھی گارڈ وغیرہ نہیں تھا۔۔دروازے پر صرف کنڈی لگی ہوئی تھی۔۔لوک نہیں وہ دروازہ کھولتے ہوئے جلدی سے فلیٹ سے باہر نکل گئی۔۔۔رات کا نہ جانے کون سا پہر تھا ہر طرف خاموشی کا راج تھا کتے اور گیدڑوں کے بھونکنے کی آوازیں ماحول کو کافی ہیبت ناک بنا رہیں تھیں۔۔۔حور پر ڈر سے زیادہ پکڑے جانے کا خوف سوار تھا!!!

وہ اللہ کو یاد کرتے ہوئے سامنے سیدھی سنسان سڑک پر بھاگنے لگی۔۔اب اللہ ہی اس کا سہارا تھا وہ بھاگتی جا رہی تھی۔اور بار بار پیچھے بھی مڑ کر دیکھ لیتی تھی۔۔بھاگ بھاگ کر حور کا سانس پھول چکا تھا۔۔جب اس کو پیچھے سے وہ

دونوں کالے ہٹے کٹے بندے آتے نظر آئے۔۔ حور کو اپنی موت صاف نظر آرہی تھی!!!

لیکن وہ آخری سانس تک لڑنا چاہتی تھی ہمت نہیں ہارنا چاہتی تھی ورنہ اس کو ساری عمر یہی افسوس رہتا کہ اگر وہ ہمت کر جاتی تو آج اپنی زندگی اچھے سے جی رہی ہوتی۔ اور یاسر کا کیا بھروسہ وہ اس کے ساتھ اب کیا کرتا حور لہنگے کو دونوں ہاتھوں سے پکڑے بھاگتی جا رہی تھی۔۔ دوپٹہ بھی نہ جانے کہاں راستے میں گر گیا تھا۔۔ ننگے سر وہ ننگے پاؤں۔۔ رونے کی وجہ سے کاجل آنکھوں سے بہہ بہہ کر چہرے پر پھیل گیا تھا پسینے کی وجہ سے بال پیشانی اور گردن پر چپک گئے تھے!!!

حور کی حالت اس وقت قابل رحم تھی۔۔ بس سڑک پر بھاگتی ہی بھاگتی جا رہی تھی۔۔ سنسان سڑک پر حور کو کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔۔ ایک جگہ پر حور کو ٹھوکر لگی اور وہ نیچے گر پڑی۔۔ حور کے پاؤں میں شدید درد کی لہر اٹھی پر وہ

اپنا درد کو نظر انداز کرتے ہوئے۔۔ جلدی سے اٹھنے کی کوشش کرنے لگی۔۔
اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ دونوں ادمی اس کے سر پر پہنچنے والے تھے۔۔۔

وہ درد سے کراہنے لگی اور پھر تیز تیز بھاگنے لگی وہ بھاگتے ہی جا رہی تھی جب ایک جگہ پر اس کو کچھ جھاڑیاں نظر آئی وہ زیادہ دیر تک ان سے بھاگ نہیں سکتی تھی۔۔ لڑکی ذات تھی کمزور کب تک ان دونوں ہٹو کٹوں کا مقابلہ کر سکتی تھی وہ جھاڑیوں کے قریب چھپ گئی اور اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا تاکہ اس کی سانسوں کی آواز یا ہچکیوں کے بعد ان تک نہ پہنچ سکے۔۔ وہ دونوں اس کے سر پر پہنچ چکے تھے!!!!

لیکن رات کے اندھیرا ہونے کے باعث ان کو جھاڑیوں میں چھپی حور نظر نہ آئی
ارے ڈھونڈ کہاں پہ چلی گئی وہ سا+لی اگر وہ نہ ملی تو یاسر صاحب ہمیں چھوڑیں گے نہیں۔۔ ایک آدمی دوسرے سے کہتا ہے ڈھونڈ تو رہے ہیں اتنا اندھیرا ہے کہاں پہ نظر آئے گی۔۔۔ موبائل ہے نا تیرے پاس ٹارچ اون کر کہیں پہ تو نظر

آئے گی نا یہیں کہیں جھاڑیوں میں چھپی ہو گی۔۔اور کہاں پہ ہو جا سکتی ہے۔۔۔
بلبل!!!

ویسے ہے بڑی خوبصورت اگر مل میں نے تو سوچا تھا مجھے بھی ہاتھ صاف کرنے کا موقع مل جائے گا ان میں ایک خباثت بھری مکروہ ہنسی ہنستے ہوئے بولا!!!

یار بات تو تمہاری صحیح ہے واقعی پٹاخہ تھی لیکن ہاتھ سے نکل گئی اب کیا کر سکتے ہیں ڈھونڈنا تو ہو گا نا۔۔وہ آپس میں باتیں کر رہے تھے اور حوران کے پاس ہی نیچے جھاڑیوں میں بیٹھی۔۔خوف سے تھر تھر کانپ رہی تھی اسے تو ابھی بھی امید نہیں تھی کہ وہ ان کے چنگل سے آزاد ہو سکتی ہے..وہ جیسے ہی ٹارچ اون کرتا ہے بد قسمتی سے ٹارچ سیدھی حور پر پڑتی۔۔۔وہ دیکھو وہ سا+لی چھپی ہوئی ہے۔۔ٹارچ اون کرنے والا ادمی دوسرے کو بولتا ہے!!!

اس سے پہلے کہ وہ حور تک پہنچتے۔۔ حور وہاں سے بھاگ نکلی اور پھر بھاگنا شروع ہو چکی تھی۔۔۔ حور کے پاؤں زخمی ہو گئے تھے ننگے پاؤں بھاگتے بھاگتے لیکن وہ بھاگتے ہی جا رہی تھی جب اچانک سے اسے دور سے ایک گاڑی آتی دکھائی دی۔۔ حور کو جلد از جلد اس گاڑی تک پہنچنا تھا!!!

حور۔۔نے ایک نظر پیچھے دیکھا اور پھر گاڑی کی اور دوڑ لگا دی۔ لیکن اب بس ہو گئی تھی حور کی اور گاڑی بھی آہستہ آہستہ حور کے قریب آتی جا رہی تھی۔۔ حور اچانک سے گاڑی کے سامنے آتی ہے اور گاڑی والا گاڑی سنبھل نہیں پاتا۔۔ حور کو ٹکر مار دیتا ہے۔۔۔ حور وہیں ہوش سے بیگانہ زمین پر خون میں لت پت گرتی چلی گئی!!!

وہ دونوں اس کو دیکھتے ہی وہاں سے بھاگ چکے تھے ان کو لگا اب حور ایکسیڈنٹ میں ماری گئی ہے۔۔

گاڑی میں سے دو لڑکے جلدی سے نکلتے ہیں اور اس انجان لڑکی کی طرف بھاگتے ہیں گاڑی کی لائٹیں ابھی بھی چل رہی تھیں۔۔انے والے نے جب سامنے پڑی لڑکی کو دیکھا تو اس کے قدم وہیں جم۔۔۔

وہ کوئی اور نہیں شہریار اور ساحر خان تھے جو حور کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے تھے۔۔ شہریار کے فون کرنے کے آدھے گھنٹے بعد ہی ساحر آفندی مینشن پہنچ چکا تھا۔ جب شہریار اس کو اپنی ایک ورکر کے بارے میں بتاتا ہے لیکن ساحر سمجھ گیا تھا۔۔ شہریار کے بدلتے رنگوں اور پریشان چہرے کو دیکھتے ہی۔۔ معاملہ صرف آفس ورکر کا ہی نہیں یہاں پر معاملہ محبت کا ہے۔۔اس لیے وہ بنا کوئی دوسرا سوال کیے اپنے دوست کے ساتھ ادھی رات کو اس انجان لڑکی کو ڈھونڈنے نکل پڑا!!!!

وہ کافی دیر سے مختلف جگہ پر حور کو ڈھونڈ رہے تھے لیکن ان کو کچھ بھی نہیں پتہ مل رہا تھا۔۔ ساحر۔۔ شہریار سے کہتا ہے شہریار یہیں کئی جنگل کی طرف دیکھتے

ہیں ایک بار ایسے لوگ لڑکیوں کو ایسی ہی جگہوں پر لے کر آتے ہیں۔۔ شہریار ابھی سنسان سڑک پر اپنی گاڑی ڈالتا ہے۔۔ جب ان کو دور سے ایک سرخ لہنگے میں بھاگتی ہوئی لڑکی نظر آئی۔۔ اس سے پہلے کہ شہریار بریک لگاتا۔۔ وہ لڑکی گاڑی کے اگے آئی اور ٹکر لگنے سے زمین پر گر گئی!!!

شہریار کو حور کی بھی پریشانی تھی لیکن وہ اس لڑکی کو بھی یوں چھوڑ کے نہیں جا سکتے تھے۔۔ لیکن وہ نہیں جانتا تھا جسے وہ بچانے کے لیے مارا مارا پھر رہا ہے قسمت خود اس کو اس کے قریب لے آئی ہے۔۔ خون میں لت پت حور کو دیکھ کر شہریار کے قدم لڑکھڑائے تھے۔۔ اس نے کب سوچا تھا ہمیشہ حجاب میں رہنے والی لڑکی کو وہ یوں بھی دیکھے گا۔۔ نہ سر پر دوپٹہ نہ پاؤں میں جوتی۔۔ گورے چٹے پاؤں اس وقت خون سے لال ہوئے پڑے تھے۔۔

حو۔۔۔۔رررررررررر

شہر یار گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھتے ہوئے۔۔ جلدی سے حور کو اپنی بانہوں میں بھرتے ہوئے گاڑی کی جانب بھاگا۔۔۔ ساحر بھی اس کے پیچھے پیچھے بھاگتے ہوئے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر گاڑی ہسپتال کی جانب بھگا کر لے گیا!!!

شہر یار۔۔ اپنی گود میں حور کا سر رکھے بار بار اس کے گالوں کو تھپتھپا رہا تھا حور پلیز آنکھیں کھولے پلیز حور اوپن یور آئیز۔۔ میں کچھ نہیں ہونے دوں گا آپ کو۔۔ حور بس ہمت نہیں ہارنا۔۔ حور۔ کے سر سے بہتا خون شہر یار کی سفید شرٹ کو پل بھر میں سرخ کر گیا تھا۔۔۔

حور ہوش میں ہوتی تو آنکھیں کھولتی اگر وہ شہر یار کا یہ روپ دیکھ لیتی تو ویسے ہی مر جاتی کیسے وہ دیوانہ وار حور کو بلا رہا تھا حور کی یہ حالت دیکھ کر شہر یار پل پل مر رہا تھا ساحر خان شیشے میں سے شہر یار کو دیکھتا ہے اور اس چھوٹی لڑکی کی قسمت پر ساحر کو رشک محسوس ہوا تھا جس کے لیے اس کا انا پرست دوست کیسے دیوانہ بنا جا رہا تھا جس نے آج تک کسی لڑکی کو اپنے قریب بھی نہیں آنے دیا تھا آج وہ

ایک لڑکی کو اپنی گود میں لٹائے اس کی سلامتی کے لیے کچھ بھی کر گزرنے کو تیار تھا!!!

اور ساتھ ساحر خان کو اس لڑکے پر ترس بھی آیا تھا جس نے حور کے ساتھ یہ سب کچھ کیا تھا نہ جانے شہریار آفندی اب اس کے ساتھ کیا کرنے والا تھا۔۔

راہِ عشق میں واپسی کے راستے نہیں رہتے!!
جو اس راہ میں بھٹک جائیں وہ کہیں کے نہیں رہتے!!

محبتوں میں دوریاں کوئی معنی نہیں رکھتیں !!
دل جو دل کے قریب ہوں تو فاصلے نہیں رہتے!!

محبت خود ہی سکھا دیتی ہے راضی بارضا ہونا!!
جب عشق کامل ہو جائے تو پھر گلے نہیں رہتے-------

♥♥♥♥♥♥♥♥

چڑڑڑڑڑڑڑڑ____

ایک جھٹکے سے گاڑی۔۔۔ہاسپٹل کے سامنے آکر روکی ساحر خان۔۔ جلدی سے نچلے اترتا ہے۔۔اور بیک سائیڈ کا دروازہ کھولتا ہے شہریار آفندی۔۔ حور کو گود میں اٹھائے ہوئے گاڑی سے باہر نکلتا ہے اور تیز قدموں سے بھاگنے کی طرح ہاسپٹل کے اندر داخل ہوتا ہے۔۔

وہ جیسے ہی ہاسپٹل کے اندر قدم رکھتا ہے۔زور زور سے ڈاکٹروں کو آوازیں دینے لگا۔۔ڈاکٹر۔۔۔ڈاکٹر۔۔کوئی ہے لیکن شاید سب اپنے کام میں بزی تھے

کسی نے بھی اس کی طرف توجہ نہ دی جب وہ ایک دھاڑ کے ساتھ بولا کہاں مر گئے آج سارے کے سارے ہاسپٹل والے ایک ڈاکٹر جلدی سے ان کی جانب آتا ہے!!!

سامنے شہریار آفندی کو (آفندی انڈسٹریز) کے مالک کے عارم آفندی کے بیٹے کو دیکھ کر وہ ایک پل میں گڑبڑا سا گیا تھا دو لڑکے جلدی اسٹریچر لاتے ہیں حور کو اس پہ لٹا کر ڈاکٹر ان کو ICU میں لیجانے کا بولتا ہے۔۔ شہریار خالی نظروں سے دور جاتی حور کو دیکھ رہا تھا!!!

ڈاکٹر اگر اس کو کچھ بھی ہوا نا تو میں تمھارا یہ ہسپتال بند کروادوں گا۔۔۔ شہریار دونوں ہاتھوں سے ڈاکٹر کے گریبان کو پکڑے غصے سے بولا۔۔۔۔ ساحر۔ ڈاکٹر کو شہریار سے ازاد کرواتا ہے اور اس سے معذرت کرتے ہوئے۔۔ شہریار کو لے کر وہ سامنے پڑے بنچ پر بیٹھ گیا!!!

کیاہو گیاہے شہری؟؟ تمہیں تم کیوں بکھلا گئے ہو کچھ نہیں ہو گا حور کو حور انشاءاللہ جلدی ٹھیک ہو جائے گی!!!

ت۔۔۔ تم نہیں جانتے ساحر میرے دل پر اس وقت کیا گزر رہی ہے مجھے خود نہیں پتا مجھے کیاہو گیاہے وہ لڑکی جس سے کبھی مجھے چڑ ہوا کرتی تھی آہستہ آہستہ نہ جانے کب وہ میرے دل کے قریب ہوتی چلی گئی۔۔ لیکن اب اس کو اس حالت میں دیکھا ہے تو مجھے ایسا لگ رہا ہے جیسے میری زندگی میرے ہی ہاتھوں سے ریت کی مانند پھسلتی جا رہی ہے۔۔ ہر گزرتا منٹ مجھے حور سے دور لیتا جا رہا ہے!!

تم تو جانتے ہو میں نے آج تک کبھی کسی لڑکی کو اپنے دل کے قریب نہیں آنے دیا کیونکہ میں جس سے بھی محبت کرتا ہوں وہ مجھ سے چھن جاتی ہے پہلے میری ماں اور اب حور اس لیے میں نے کبھی کسی کو بھی اپنی زندگی میں اتنی اہمیت نہیں دی!!!!

لیکن؟ یہ لڑکی زبردستی میری زندگی میں آگئی ہے اس کو میں کھو نہیں سکتا

شہریار آفندی۔۔بے بسی سے ہاتھوں میں سر گرائے وہیں بنچ پر ڈھسا گیا۔۔۔ساحر کو اپنے دوست کی حالت پر ترس آرہا تھا وہ اس کے کندھے پر تھپکی دیتے ہوئے بولتا ہے۔۔یار اللہ سب کچھ ٹھیک کردے گا تم ناامید نہیں ہو اللہ اپنے نیک بندوں کو ہی آزماتا ہے۔۔اور جو بندے اس کی آزمائش پر پورا اترتے ہیں۔۔وہ ان کو انعام سے ضرور نوازتا ہے اور تم تم پر بھی یہ ازمائش ہے انشاءاللہ تم اس کو پار کر جاؤ گے!!!انشاءاللہ

ساحر نے عارم آفندی کو فون کر کے حور کے مل جانے کی اطلاع دے دی تھی۔۔عارم آفندی کو بھی سکون آگیا تھا اب مسئلہ تھا حور کے گھر والوں کو حور کے بارے میں بتانے کا لیکن شہریار کے پاس نہ حور کے گھر کا ایڈریس تھا نہ ہی فون نمبر۔۔تو ان کو اطلاع کیسے دیتا اس سے بھی پریشانی ہو رہی تھی۔۔کہ اس کے گھر والے نہ جانے کس حال میں ہوں گے۔۔لیکن یہ شاید اتفاق ہی تھا یا

قدرت کا ہی فیصلہ کہ جس ہاسپٹل میں حور کو لایا گیا تھا اسی ہاسپٹل میں افتخار اجمل بھی ایڈمیٹ تھے.. لیکن ابھی ان کا آمنا سامنا نہیں ہوا تھا!!!!

وہ دونوں وہیں پریشانی سے بیٹھے ہوئے۔۔ڈاکٹرز کب سے اندر حور کا تو ٹریٹمنٹ کر رہے تھے۔۔ابھی تک حور کے بارے کچھ خبر نہیں مل رہی تھی۔۔ابھی بھی شہریار ICU کے دروازے سامنے بچینی سے چکر کاٹ رہا تھا۔۔جب ساحر بولتا ہے یار میں کچھ کھانے کو لے کے آتا ہوں۔۔جب تک تم فریش ہو جاؤ شہریار ہاں میں سر ہلاتا ہے اور ساحر باہر ناشتہ لینے کے لیے ہاسپٹل سے باہر نکل گیا!!!

شہریار ائی سی یو کے دروازے کے سامنے جاتا ہے وہ ایک نظر اندر ڈالتا ہے تو اندر مشینوں میں جھکڑی حور جس پر ڈاکٹر جھکے ہوئے تھے وہ مسلسل اپنا کام کرتے جا رہے تھے حور کی بلیڈ نگ ابھی بھی رکنے کا نام نہیں لے رہی تھی اس کی پیشانی سے خون ابل ابل کر باہر نکل رہا تھا شہریار سے حور کی حالت دیکھی نہیں گئ

۔۔وہ وہیں سے اپنے قدم پیچھے لینے لگا۔۔وہ جیسے ہی پیچھے مڑتا ہے اچانک سے اس کی کسی کے ساتھ ٹکر ہو جاتی ہے۔۔سامنے ہی ایک لڑکی جس کے ہاتھ میں دوائیوں والا شاپر تھا وہ نیچے گر جاتا ہے اور کچھ دوائیاں جو شاید کانچ کی شیشیاں تھی وہیں وہ گرتے ہی ٹوٹ گئ!!!

لڑکی شاید جلدی میں تھی۔۔دیکھ کے نہیں چل سکتے ہیں اتنا میرا نقصان کر دیا ہے پہلے اتنی مشکل سے دوائیاں مجھے ملی تھی وہ بنا شہریار کی طرف دیکھے بولنے لگی شہریار نے ارم کو دیکھا تو اس کو اچانک سے اس دن مال میں وہ لڑکی یاد آگئ جو حور سے باتیں کرتی جا رہی تھی!!!

آپ حور کی دوست ہیں نا حور کا نام سنتے ہی جھٹ سے ارم سر اٹھا کر شہریار کی طرف دیکھتی ہے بال بکھرے ہوئے انکھیں رات بھر جاگنے کی وجہ سے سرخ ہوئی پڑی تھی سیفد شرٹ جو اس وقت جگہ جگہ سے خون سے لال ہوئی پڑی تھی

چہرہ پریشان سا ارم ایک نظر اس کا بھرپور جائزہ لیتی ہے اور پھر بولتی آپ کیسے حور کو جانتے ہیں!!!!

میں نے آپ سے پوچھا آپ حور کی دوست ہیں۔۔شہریار نے ایک بار پھر کنفرم کرنا چاہا!!

ہاں میں حور کی دوست ارم ہوں لیکن آپ حور کو کیسے جانتے ہیں۔۔حور یہی سامنے ICU میں اپنی زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہی ہے۔۔شہریار تھکے تھکے سے لہجے میں ارم کو بتاتا ہے!!

آپ کو حور کہاں پہ ملی۔۔ارم اگے بڑھ کر شیشے میں سے پٹیوں میں جھکڑی اپنی جان سے پیاری دوست کو دیکھتی ہے اور پیچھے مڑے شہریار سے سوال کرتی ہے!!

یہ بہت لمبی کہانی ہے ابھی یہ جاننے کا وقت نہیں ہے ابھی صرف یہ جاننے کا وقت ہے کہ حور کیسی ہے تو بتاؤ نا حور کیسی ہے ارم جھٹ بولتی ہے بس دعا کریں کہ حور جلدی سے ٹھیک ہو جائے وہ بالکل بھی ٹھیک نہیں ہے زندگی اور موت کے بیچ میں وہ جھول رہی ہے شہریار اس کو بتاتا ہے لیکن مجھے سمجھ نہیں ارہی اس کے گھر والوں کو اطلاع کیسے دوں کیونکہ میں ان کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتا ہوں یہ صرف میرے آفس میں کام کرتی ہے مجھے اتنا پتہ ہے شہریار ارم سے نظریں چراتے ہوئے۔۔آدھی سچی کہانی اسے بتاتا ہے!!!!

حور کے تایا کا بھی حور کے لاپتہ ہونے کی وجہ سے بی پی شوٹ کر گیا تھا جس کی وجہ سے ان کو اسی ہسپتال ایمرجنسی میں ایڈمیٹ کروانا پڑا۔۔وہ سب فیملی یہیں پہ ہے میں ابھی ان کو بتا کر آتی ہوں۔۔یہ بول ارم جانے لگی۔۔

اچھا سنیں آپ یہ پرچی مجھے دیں میں یہ دوائیاں آپ کو لا دیتا ہوں ارم دوائیوں والی پرچی شہریار کو پکڑا دیتی ہے اور شہریار وہ دوائیوں والی پرچی لیے میڈیکل

سٹور کی جانب اپنا رخ کرتا ہے جبکہ ارم بھاگنے کے انداز میں یہ خوشخبری سنانے کے لیے افتخار اجمل کے کمرے کا رخ کرتی ہے۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

جیسے ہی ارم کمرے میں داخل ہوتی ہے پھولی سانسوں کے ساتھ وہ ہاجرہ بیگم کے پاس پہنچتی ہے۔۔آنٹی میں نے آپ سے کہا تھا نا کہ حور مل جائے گی۔۔حور مل گئی ہے۔۔خوشی سے آنسو اس کی گالوں پر پھسل رہے تھے۔۔تابش جو ابھی ابھی کمرے کے اندر انٹر ہو رہا تھا۔۔حور کے ملنے کی خبر سن کر اس کے اندر تک سکون سا اتر گیا۔۔وہ جلدی سے ارم کے سامنے آتا ہے!!!

کہاں پہ ہے حور اور تمہیں کس نے بتایا حور مل گئی ہے حور مل تو گئی ہے لیکن ۔۔یہ بول ارم نظریں جھکا گئی!!

لیکن کیا بتاؤنا جلدی تابش بے صبرہ پن سے پوچھنے لگا۔۔حاجرہ بیگم بھی اٹھ کھڑی ہوئی جبکہ افتخار اجمل دوائیوں کو زیر اثر نیند میں تھے۔۔حور مل گئی ہے لیکن حور کافی زیادہ زخمی ہے۔۔وہ ائی سی یو۔۔اس کو ہماری دعاؤں کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔۔ابھی ابھی مجھے اس کے بوس نے بتایا ہے اس کے بوس کو ہی کہیں پہ حور ملی۔۔۔ارم بتاتے ہوئے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی!!!

مجھے جلدی لے جاؤ بیٹا مجھے میری حور کے پاس جانا ہے حاجرہ بیگم۔۔تو وہیں پہ دہائیاں دینا شروع ہو گئی تھی آنٹی ریلیکس کریں آپ اپنی طبیعت خراب نہیں کریں کیا یہ کافی نہیں ہے کہ حور مل گئی ہے۔۔ہمیں اللہ سے دعا کرنی چاہیے حور وہ جس ٹروما سے نکل کر آئی ہے اگر ہم روتے ہوئے اس کے سامنے جائیں گے تو وہ اس کی حالت اور بگڑ جائے گی ہمیں اس کے ساتھ جو کچھ بھی ہوا ہے اسے پیار سے ہینڈل کرنا ہے تاکہ وہ اپنا غم اپنا دکھ ہمارے ساتھ شیئر کر سکے یہ نہیں کہ اس کو اپنے اندر دبا کر گھٹ گھٹ کر جیے!!

میری بات سمجھ رہے ہیں نا آپ لوگ ارم تابش اور ہاجرہ بیگم کی طرف دیکھ کر بولتی ہے جی میں سمجھ گیا ہوں وہ سر ہلاتا ہے اور مجھے امید ہے تم حور کو پریشان اور تنگ نہیں کرو گے ارم ایک طنزیہ نظر تابش پر ڈال کر ہاجرہ بیگم کو دیکھنے لگی بیٹا آپ دوائیاں نہیں لے کر آئی۔۔

سوری آنٹی وہ غلطی سے حور کے باس سے میری ٹکر ہو گی تو دوائیاں گر کر ٹوٹ گئی لیکن وہ لینے گئے ہیں دوائیاں۔۔اچھا ٹھیک ہے بیٹا چلو مجھے حور کی پاس لے کر چلو جب تک میں اپنی بچی کو اپنی انکھوں سے نہیں دیکھوں گی مجھے سکون نہیں ائے گا۔۔آئیں آنٹی میں اپ کو لے کر چلتی ہوں ارم ہاجرہ بیگم کو لیے حور کی جانب بڑھ جاتی ہے!!

ارم حاجرہ بیگم کو لیا ICU کے قریب جاتی ہے۔۔حاجرہ بیگم شیشے کے پار سے اندر دیکھتی ہے جہاں پہ حور کا آپریشن چل رہا تھا تمام ڈاکٹر حور پر جھکے ہوئے

سرنجوں اوزروں سے نہ جانے کیا کیا کر رہے تھے۔۔ حور کو اس حالت میں دیکھ کر ہاجرہ بیگم خود پر قابو نہ رکھ سکی اور چکرا کر نیچے گر گئی!!!!

آنٹی آنٹی کیا ہوا اپ کو ارم بکھلا ہی گئی تھی۔۔اس کی ابھی اتنی عمر نہیں تھی کہ وہ ان تمام صورتحال کا مقابلہ کر سکتی جہاں پر اس کی پرورش ہوئی تھی جو ماحول اس کو ملا گیا تھا اس نے تو کبھی ایسی پریشانیاں دیکھی بھی نہیں تھی جو وہ کل رات سے وہ دیکھ رہی تھی۔۔اب تو اس کی ہمت جواب دینے لگی تھی لیکن وہ اپنی دوست کو یوں بیچ رہا میں بھی نہیں چھوڑ سکتی تھی دوستی نبھانہ بھی کسی کسی کو آتا ہے دوستی نبھانا ہر بندے کے بس کی بات نہیں ہوتی!!!

اور اصل دوست وہی ہوتا ہے جو مشکل میں آپ کے ساتھ کھڑا رہے خوشی میں تو دوست شامل ہوتے ہی ہیں لیکن اصل دوست وہی ہوتا ہے جو دکھ میں بھی آپ کے ساتھ کھڑا ہو آپ کے دکھ کو اپنا دکھ محسوس کرے اور ارم بھی انہی دوستوں میں سے تھی جسے نہ اپنے کھانے پینے کا ہوش تھا نہ اپنے ڈریسنگ کا جس

نے کبھی اپنے کپڑوں پر ایک بل بھی نہیں آنے دیا تھا اس وقت وہ مٹی سے اٹے شدہ کپڑے پہنے بال بکھرے سے ہوئے کاجل آنکھوں پر پھیلا سا ہوا تھا!!!

ہاجرہ بیگم نے اسے صبح کافی اصرار کیا تھا وہ گھر چلی جائے تھوڑی دیر ریسٹ کر لے لیکن اس نے اس کی ایک نہیں سنی کہ حور کل کو یہ نہ بولے کہ میری غیر موجودگی میں وہ اس کے گھر والوں کا خیال نہ رکھ سکی۔۔ حاجرہ بیگم کو اس بچی پر ڈھیروں پیار آیا تھا جو اپنی نہ ہو کر بھی اس کا اپنوں سے بڑھ کر خیال رکھ رہی تھی کل سے ایک پل ایسا بھی نہیں تھا جب ارم نے ان لوگوں کو اکیلا چھوڑا ہو افتخار اجمل کے علاج کا سارا خرچہ ارم اٹھا رہی تھی۔۔۔۔

♥♥♥♥♥

زویا آج اپنی دوستوں کے ساتھ لنچ کرنے کے لیے قریبی ریسٹورینٹ میں آئی ہوئی تھی وہ سب دوستیں ایک ٹیبل پر بیٹھی کھانے کا ویٹ کر رہی تھی۔۔

جب زویا کی ایک دوست بولتی ہے۔۔ زوئی وہ دیکھو وہ تمہارا بام ہے نہ جب زویا

اس کی تلقید میں دیکھتے ہوئے سامنے دیکھتی ہے تو ان سے کچھ فاصلے پر ابہام ۔۔کسی لڑکی کے ساتھ بیٹھا ہنس ہنس کر باتیں کر رہا تھا!!!

یہ لڑکی کون ہے اس کے ساتھ دوسری دوست اس کے بولتی ہے لڑکی کی پشت زویا کی جانب تھی اس لیے وہ اس کا چہرہ نہ دیکھ سکی۔۔ لیکن ابہام کے ساتھ کسی اور لڑکی کو دیکھ کر زویا اندر تک جل اٹھی تھی۔۔اس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ وہاں جا کر اس کا منہ توڑ دے لیکن پبلک پلیس پر وہ کوئی بھی تماشہ نہیں کرنا چاہتی تھی۔اگر وہ ابہام یا اس لڑکی کو برا بھلا بولتی بھی۔۔تو اس میں اس کی خود کی بھی بے عزتی تھی اتنے ہائی لیول سٹینڈرڈ رکھنے والی ایک معمولی سی بات پر اپنے شوہر سے جھگڑا کر رہی ہے!!!!

لوگوں کو تو موقع چاہیے ہوتا باتیں بنانے کا اس نے معاملہ گھر پر حل کرنے کا سوچ کر اپنی دوستوں کے ساتھ بزی ہو گی لیکن وہ اندر سے بجھ سی گئی تھی۔۔

شوہر کا دھوکہ تو کوئی عورت بھی برداشت نہیں کرتی ہے چاہے وہ کتنی ہی ماڈرن کیوں نہ ہو!!!

زویا بتایا نہیں کس کے ساتھ ہے جیجو۔۔اس کی دوسری دوست نے پوچھا ۔۔۔ارے یار کیا ہو گیا کس دور میں جی رہی ہو یہ ماڈرن دور ہے جیسے ہم لڑکیوں کو اپنی مرضی سے زندگی جینے کا پورا حق چاہیے ہوتا ہے اس طرح مردوں کو بھی چاہیے ہو سکتا ہے اس کی کوئی جاننے والی ہو کوئی رشتہ دار ہو کوئی مہمان ہو چھوڑو تم ان باتوں کو ہم لوگ اب اتنے دنوں کے بعد اکٹھی ہوئی ہیں۔۔ چلو گپ شپ کرتے ہیں کھانا کھاتے ہیں زویا سب کو سب کا رخ وہاں سے ہٹا کر باتوں میں کر لگا گئی تھی!!!

لیکن وہ اپنا من کیسے ہٹا دیتی جو بار بار پلٹ پلٹ کر ابہام کی جانب بھی جا رہا تھا اس سے صحیح طرح سے کھانا بھی نہیں کھایا گیا تھا تانیہ یہ سب کچھ دیکھ رہی تھی

اور محسوس بھی کر رہی تھی لیکن اگر زویا اس معاملے کو دبانا چاہ رہی ہے تو وہ اس کو نہیں اٹھا سکتی تھی اس لیے وہ بھی چپ رہی کھانا کھانے لگی۔۔۔۔

کھانے کے بعد سب دوستیں وہاں سے نکلتے ہی۔۔ شاپنگ کے لیے نکل گئی جی بھر کر شاپنگ کرنے کے بعد تانیہ اور زویا الگ گاڑی میں اور باقی سب اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے زوئی تم نے ابہام کو جب کسی لڑکی کے ساتھ دیکھا تو وہاں پر ٹوکا کیوں نہیں تانیہ زویا کی طرف دیکھ کر اس سے پوچھتی ہے!!!!!

تو تم کیا چاہتی ہو میں پبلک پلیس پر تماشہ کرتی اپنا بھی تماشہ بناتی تمہیں پتہ ہے میرے بابا کو پورا شہر جانتا ہے اور یہ میڈیا میں اگر خبر چلی جاتی تو کیا ہوتا۔۔ اگر یہ خبر جھوٹ ہی ہوئی تو۔۔ اور میڈیا نے اس خبر کو مزید مرچ مصالحہ لا کر اچھالنا تھا میں نہیں چاہتی یہ چھوٹی سی بات پیچھے میرے بابا کو پریشانی ہو اور یہ ہمارا میاں بیوی کا مسئلہ ہے اس کو میں خود گھر پہ حل کروں گی اگر ابہام سچ میں مجھے چیٹ کر

رہا ہے تو میں اس کو چھوڑوں گی نہیں وہ آنکھوں پر چشمہ لگاتے ہوئے پر عزم لہجے سے بولی۔۔۔تانیہ بس اس کو دیکھ کر رہ گئی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

دوپہر سے شام ہو چکی تھی لیکن حور کو ابھی تک ہوش نہیں ایا تھا۔شہریار تب سے ہاسپٹل میں ہی تھا ساحر خان نے کافی اس کو زور لگایا تھا کہ وہ ایک بار گھر چلا جائے فریش ہو جائیں۔۔تاکہ اس کی طبیعت خراب نہ ہو لیکن شہریار نے اس کی ایک نہیں سنی وہیں بینچ پر بیٹھا رہا۔۔۔جب ڈاکٹر باہر نکلتا ہے شہریار اگے بڑھ کر اس کے قریب جاتا ہے!!!

ڈاکٹر کیسی ہے حور۔۔دیکھیں شہریار صاحب میں آپ سے کوئی جھوٹ نہیں بولوں گا۔۔پیشنٹ کو کافی زیادہ ذہنی ٹوچر کیا گیا ہے اس کو کافی ڈرایا دھمکایا گیا

ہے۔۔ جس کی وجہ سے ان کا دماغ کام کرنا چھوڑ چکا ہے۔۔ وہ ابھی بھی خود کو اسی جگہ محسوس کر رہی ہے جہاں ان پر تشدد کیا گیا تھا۔۔ وہ خود ہی جینا نہیں چاہتی ۔۔ ہم نے تو اپنی طرف سے پوری کوشش کی ہے لیکن ان کے دماغ سروے ہی نہیں کر پا رہا ہے۔۔ پیشنٹ ہوش میں نہیں آ رہا۔۔ اگلے 24 گھنٹے ان کے لیے بہت ضروری ہے اگر اس دوران ان کو ہوش نہ آیا تو وہ کوما میں بھی جا سکتی ہے!!!

ہاجرہ بیگم تو یہ سب کچھ سن کر وہیں بینچ پر بیٹھی رونے لگی تھی۔۔ میری معصوم بچی کے ساتھ نجانے کیا کیا ہوا ہو گا۔۔ کیڑے پڑے تجھے یاسر تو موت مانگے تجھے موت نہ آئے۔۔ ہائے میری حور۔۔ حاجرہ بیگم۔۔ رونے کے ساتھ یاسر کو بھی کوسے جا رہی تھی۔۔۔ ارم کے بھی آنسو نکل رہے تھے ہر کوئی اپنی اپنی جگہ پر پریشان تھا یہ بیٹھے بٹھائے اس نازک سی جان پر کون سی قیامت آ گئی تھی۔۔

تابش مرے مرے قدم لیتا ہوا اگے بڑھتا ہے اور حور کی جانب دیکھتا ہے۔۔ حور ابھی بھی سفید پٹیوں میں جھگڑی لیٹی ہوئی تھی!!!

جب تک ان کو ہوش نہیں اتا ہم ان کو ICU میں ہی رکھیں گے ہوش آنے کے بعد ہی ان کو پرائیویٹ روم میں شفٹ کیا جائے گا ڈاکٹر یہ کہہ کر وہاں سے چلا گیا۔۔اور شہریار شکست خور قدموں سے واپس بینچ پر جا کر بیٹھ گیا۔۔اس کو تو سمجھ ہی نہیں آرہی تھی زندگی اس کے ساتھ کیا مذاق کر رہی ہے!!!!!!!!!!!!

زندگی کے رنگ تو ابھی اس نے دیکھنے چاہیے تھے ابھی تو میٹھا میٹھا سر درد اس کے دل میں اٹھنے لگا تھا کسی کے لیے فیلنگ اس کے دل میں ابھرنے لگی تھی اور وہ سب کچھ شہریار کو ٹوٹتا ہوا نظر آرہا تھا۔۔کیا وہ حور کو ہمیشہ کے لیے کھو دے گا۔۔یہ سوچ آتے ہی شہریار آفندی کے دل میں ڈھس سی اٹھی۔۔۔

ساحر خان۔۔اس کے پاس بیٹھتے ہوئے شہریار کو اپنے حصار میں لیتا ہے اور بولتا ہے یار توں تو میرا جگر ہے توں تو ہمیشہ سب کو ہرانے والوں میں سے ہے۔۔اب

کیوں مایوس ہو رہا ہے ابھی سے ہمت چھوڑ رہا ہے سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا ابھی تو 24 گھنٹے ہیں نا ہمارے پاس 24 گھنٹے بہت ہوتے ہیں!!!

تم پریشان ہو۔۔اللہ سے دعا کرو اللہ ضرور سنے گا جب ہم اللہ کو سچے دل سے پکارتے ہیں تو وہ ہمیں خالی ہاتھ نہیں لٹاتا ہے۔۔ہم انسان ہی ہیں جو اللہ کو پکارتے نہیں ہیں اللہ تو ہماری شہ رگ سے بھی قریب تر ہے۔اسے ایک بار پکار کے تو دیکھو وہ پکار نہ سنے تو تب کہنا ساحر خان۔۔شہریار کو سمجھاتا ہے شہریار کو بات سمجھ آگئی تھی۔۔وہ کیا کہنا چاہتا ہے!!!

شہریار وہاں سے اٹھتا ہے ویسے بھی ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا تھا شہریار ویسے تو پانچ وقت کی نماز نہیں پڑھتا تھا کبھی کبھار ہی نماز پڑھ لیتا تھا لیکن ہم انسان بھی بہت منافق ہیں جب ہمیں اپنا مطلب ہو ہم اللہ کے حضور سجدے پر سجدے دیتے رہتے ہیں جیسے ہی ہمارا مطلب نکل جاتا ہے ہم اللہ کو بھول جاتے ہیں۔۔لیکن وہ اللہ ہمیں نہیں بھولتا۔۔

ہم چاہے سالوں بعد اس کے در پر اپنا سر جھکائے خاموشی سے کچھ نہ بھی بولے خاموشی کے دو آنسو بہالے وہ ہماری ہر غلطی کو معاف کر دیتا ہے۔۔لوگوں کی طرح طعنے نہیں دیتا۔۔۔تو انسانوں کی بجائے ہمیں اپنا دکھ شیئر اللہ سے ہی کرنا چاہیے!!!!

شہریار جا کر وضو کرتا ہے اور نماز پڑھنے کے لیے ہسپتال کی مسجد کا رخ کرتا ہے وہ جیسے ہی مسجد میں جاتا ہے وہاں اکا دکا اس جیسے ہی مجبور اور مطلبی لوگ مسجد میں بیٹھے نماز پڑھنے کے لیے تیار تھے تھوڑی دیر بعد امام صاحب آ کر جماعت کرواتے ہیں اور نماز پڑھنے کے بعد شہریار وہیں پر بیٹھے اپنے ہاتھ اٹھائے اللہ کی بارگاہ میں خاموش لبوں سے دعا مانگنے لگا!!!!

اے اللہ توں تو میرے دل کا حال جانتا ہے میں نے ہمیشہ کسی غیر محرم کو دیکھنے سے اعتراض کیا تھا لیکن نجانے حور۔کیسے میری دل میں آ بسی میں اس کو اپنا بنانا

چاہتاہوں میرے مالک۔۔اسلامی و شریعت کے حساب سے اس کو اپنی زندگی میں لانا چاہتاہوں اے اللہ آج یہ بندہ تیرے در پر آیا ہے مجھے خالی ہاتھ مت لوٹانا میرے مالک۔۔مجھے میری حور واپس کر دے۔۔توں تو سب کے دلوں کا حال جانتا ہے۔۔میرے مالک۔۔ہمیشہ جو بھی مجھے ملا ہے میں نے شکر ادا کیا ہے۔۔ مجھے زندگی میں کبھی کسی چیز کی کمی نہیں آئی میرے مالک۔۔میں آپ سے سوال کر رہا ہوں ایک جان کی۔۔مجھے میری حور واپس لوٹا دے اے اللہ!!!

وہ مضبوط مرد اس وقت بے بسی کی انتہا پر تھا آنسو نجانے کب سے اس کی آنکھوں سے نکل کر اس کی داڑھی میں جذب ہو رہے تھے۔۔اسے بھی نہ پتہ چلا جب ایک سفید داڑھی والا سفید سوٹ پہنے ایک درویش اس کے ساتھ اکر بیٹھ گیا!!!

وہ ایک ہاتھ سے اپنی تسبیح گھماتے جا رہا تھا اور شہریار کو دیکھتے جا رہا تھا شہریار اپنی دعا مکمل کر کے اپنی ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرتا ہے تو ساتھ میں بیٹھے بزرگ کو دیکھ

کر سیدھے ہو کر بیٹھ گیا۔۔وہ درویش اس کو مسکرا کر دیکھ رہا تھا۔۔۔بیٹا لگتا ہے بہت مجبور ہو کر اس در پر آئے ہو جو بھی اس در پر آتا ہے وہ رب کی ذات کبھی کسی کو خالی ہاتھ واپس نہیں جانے دیتی۔۔۔۔تمہاری دعائیں بھی سن لی گئیں ہیں ۔۔۔بس اس کے کن کا انتظار ہے۔۔۔

میرے بچے جتنی آزمائشوں سے تم نے گزرنا تھا گزر گئے لیکن ایک بات میری ہمیشہ یاد رکھنا اس بچی کا ساتھ کبھی بھی بیچ رہا میں نہ چھوڑنا۔۔اس نے پہلے ہی بہت زیادہ دکھ دیکھے ہیں۔۔شہریار نہ سمجھی سے اس بزرگوں کو دیکھ رہے تھے وہ کیسے اس کا دل کا حال جان گیا۔۔شہریار کے چہرے پر نہ سمجھی دیکھ وہ بزرگ دھیرے سے مسکرائے۔۔اور بولے بیٹا ہم درویش ہیں یہاں پہ آنے والوں کے دلوں کا حال اچھے سے جانتے ہیں!!!

کوئی خوشی سے مسجد میں اللہ کے حضور نہیں آتا ہمیشہ اپنے مطلب سے ہی آتا ہے شہریار کو بزرگ کی باتیں سن کر بہت شرمندگی محسوس ہو رہی تھی۔۔وہ

بھی تو اپنے مقصد کے لیے یہاں پر آیا تھا ورنہ اس نے کب کبھی پانچ وقت کی پوری نماز پڑھی تھی۔۔وہ احساس شرمندگی سے اپنا چہرہ جھکا گیا!!!

میرا مقصد آپ کو شرمندہ کرنا نہیں تھا بیٹا اللہ آپ کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔۔ایسا بول وہ بزرگ وہاں سے اٹھتے ہوئے چلیں گے۔۔شہریار کی نظروں نے دور تک اس درویش کا تعاقب کیا تھا۔۔۔شہریار کو مسجد میں آئے کافی دیر ہو چکی تھی وہ وہاں سے اٹھتا ہوا دوبارہ حور کی جانب اپنے قدم بڑھاتا ہے!!!

شہریار ICU کے پاس آتا ہے وہاں اس وقت کوئی بھی نہیں تھا۔۔ارم ہاجر بیگم کو لیا گھر گئی ہوئی تھی۔۔انھوں نے حور کی ضرورت کی چیزیں لے کر انی تھی۔۔جبکہ تابش افتخار اجمل کی کمرے میں تھا کیونکہ اس وقت افتخار اجمل کے دوائیوں کا ٹائم تھا۔جو تابش نے ان کو دینی تھی!!!

شہریار مرے مرے قدم لیتا ہوا کمرے کے اندر داخل ہوتا ہے جیسے ہی وہ کمرے کے اندر داخل ہوتا ہے اس کی نظر بیڈ پر پڑی حور پر پڑتی ہے حور اس وقت سفید پٹیوں پہ جکڑی ہوئی تھی اس کا سفید رنگ اس وقت پیلا زردی مائل ہو چکا تھا۔۔دو دن ہی میں وہ کیا سے کیا بن گئی تھی ہر وقت ناک پر غصہ سجائے رکھنے والی حور۔۔اس وقت بے بس لاچار بیڈ پر پڑی ہوئی تھی۔۔جب اس کو ہوش آتا نہ جانے اس پر کیا بیتتی!!!!!

گر میرے اختیار میں ہو تمہیں گلے لگا کے چاروں طرف محبت کی اک لکیر کھینچ دوں
کوئی دُکھ تم تک پہنچ نہ سکے، کوئی غم تمہیں کبھی نہ ستائیے۔خواب حقیقت میں بدل سکوں۔

شہریار چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا ہوا حور کے قریب آتا ہے اور اس کا ایک ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر اس کو غور سے دیکھنے لگا اور پھر بولتا ہے۔۔حور۔تمہاری

تقدیر صرف اور صرف شہریار آفندی کے ساتھ جوڑی ہوئی ہے۔۔جب تم شہریار کی ہو تو پھر تمہیں کوئی اور کیسے ٹچ کر سکتا ہے۔۔میں اس انسان کو زندہ نہیں چھوڑوں گا۔۔جس نے تمہیں تکلیف پہنچانے کی کوشش کی ہے۔۔میں اس کو پاتال میں سے بھی ڈھونڈ نکالو گا۔۔۔زندہ گاڑ دوں گا۔۔ایسے تمہاری آنکھ سے نکلے ایک ایک آنسو کا حساب ایسے دینا ہی ہو گا!!!

شہریار آفندی۔۔غصے سے بولتے ہوئے۔۔حور کے ہاتھوں کو اٹھاتے ہوئے اپنے لبوں کے قریب لے کر گیا اور اس پر اپنے لب رکھتا ہے۔۔میں تم سے وعدہ کرتا ہوں حور میں بہت جلد تمہیں اپنی زندگی میں شامل کر لوں گا پھر چاہے تمہاری اس میں مرضی ہو یا نہ ہو وہ ایک عزم سے کہتے ہوئے ایک نظر حور کو دیکھ کمرے سے نکل گیا۔۔۔۔

♥♥♥♥

زویا۔۔گھر پہ آتی ہے تو ابہام ابھی تک گھر نہیں آیا تھا وہ اپنے شاپنگ بیگز الماری میں رکھتے ہوئے۔۔ابہام کو فون کرنے لگی پہلے تو فون اٹھایا ہی نہیں گیا۔۔لیکن اس نے دوبارہ کال کی تو ابہام۔۔نے فون اٹھالیا!!!

بام کہاں پہ ہیں آپ۔۔

زویا ڈارلنگ۔۔میں ایک ضروری میٹنگ کے سلسلے میں آیا ہوا ہوں میں بہت بزی میں تم سے بات میں بات کروں گا۔۔زویا کی بات سنیں بغیر ہی ابہام ۔۔کال کٹ کر گیا!!!

ابہام۔۔اس وقت سارا کے ساتھ اس کے فلیٹ پر موجود تھا کون تھا بے بی۔۔سارا ابہام کے سینے سے چپکی پوچھنے لگی!!!

وہی نک چڑی امیر زادی ایک تو اس نے ناک میں دم کر رکھا ہے جب دیکھو تب ہی جاسوسی کرنا شروع کی ہوتی ہے۔۔اس نے میں تو تنگ آگیا ہوں اس سے۔۔ابہام اکتاے ہوئے لہجے سے بولا!!!!

تو بام ڈارلنگ چھوڑ دو نا اس کو۔۔سارا اب ابہام کے دل کے مقام پر انگلی چلاتے ہوئے مدم لہجے سے بولی!!!!

نہیں میں اپنی منزل کے بہت قریب ہوں اب اس کو نہیں چھوڑ سکتا۔۔بس اب کچھ ہی عرصے کی بات ہے۔۔پھر سب فنش ٹاٹا گڈ بائے ہو جائے گا۔۔ابہام مکروہ ہنسی ہنستے ہوئے بولا!!!

دوسری جانب زویا ابہام کی اس طرح کے لہجے پر غصے سے پیچ تاب کھا کر رہ گئی۔۔

شہریار کو حور کے اس قدر سفید جھوٹ پر ہنسی تو کافی آ رہی تھی۔۔ لیکن وہ اپنی ہنسی کو دبا گیا۔۔ جبکہ وہ اچھے سے جانتا تھا حور کو پتہ تھا ان لوگوں کے آنے کا !!!

حور۔۔ بیٹا جاؤ مہمانوں کے لیے کوئی چائے پانی کا انتظام کریں۔ ہاجرہ بیگم حور کو بولتی ہے !!

جی تائی امی۔۔ حور اٹھ کر کچن میں جانے لگی جب ماہا بھی اٹھ کھڑی ہوئی۔۔ آنٹی میں بھی حور کے ساتھ جاتی ہوں۔۔ ماہا حور کے ساتھ اندر کچن کے اندر داخل ہو گی !!

باقی تمام لوگ وہیں پر بیٹھے باتیں کرنے لگے۔۔اتنی دیر میں افتخار اجمل بھی جمعے کی نماز پڑھ کر گھر آگئے تھے گھر آتے ہی اس کی نظر عارم آفندی کے ساتھ ساتھ صارم اور شہریار پر پڑی۔۔تو وہ خوشگوار حیرت لیے اگے بڑھ کر ان سے مصافحہ کرتے ہوئے۔۔ان کے ساتھ ہی چرپائی پر بیٹھ گئے!!!

ماشاءاللہ آج تو ہمارے گھر میں کافی رونق لگی ہوئی ہے افتخار اجمل بولے۔۔جی جی افتخار صاحب اصل میں آج ہم بہت اہم کام سے آپ کے پاس آئے ہیں۔۔ یوں سمجھ لیں آپ کی بہت قیمتی چیز آپ سے لینے کے لیے آئے ہیں۔۔عارم آفندی اپنا گلا کھنگارتے ہوئے بات کا اغاز کرتے ہیں!!!

افتخار اجمل اور ہاجرہ بیگم ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں اور پھر عارم آفندی کی طرف دیکھ کر افتخار اجمل بولے جی بھائی صاحب بات کریں آپ۔۔۔جو بھی بات ہے آپ بلا تکلف ہم سے کر سکتے ہیں!!!

تو بات یہ ہے افتخار صاحب۔۔میں زیادہ لگی لپٹی بات نہیں کروں گا۔۔ہم اپنے بیٹے شہریار کے لیے حور کو آپ سے مانگنے آئے ہیں۔۔اور ہمیں پوری امید ہے کہ آپ انکار نہیں کریں گے!!

عارم آفندی کی بات سن کر تائی ہاجرہ نے بے ساختہ آسمان کی طرف دیکھا تھا جیسے اس کی دعائیں سن لی گئی ہو۔۔لیکن وہ خود سے کوئی فیصلہ نہیں کر سکتی تھی بھلے حوران کے کسی بھی فیصلے سے اختلافات نہیں کرتی تھی۔۔لیکن حور کو بھی اپنی مرضی جینے کا پورا حق تھا۔۔پہلے بھی ان لوگوں نے اپنی مرضی کر کے دیکھ لی تھی!!!

افتخار اجمل کچھ دیر چپ کر گئے اتنا بڑے گھر سے رشتہ آیا تھا بے شک ہر ماں باپ یہی چاہتا ہے کہ اس کی بیٹی اعلی گھر میں جائے پیسے کی ریل پیل ہو شوہر کمانے والا خوبصورت ہو امیر کبیر ہو جوان کی بیٹیوں کو شہزادیوں کی طرح رکھے!!!

کیاہوابھائی صاحب میں نے کچھ غلط بول دیاہاجرہ بیگم اورافتخاراجمل کویوں خاموش دیکھ کرعارم آفندی بولے..ان کویوں خاموش دیکھ کرشہریارکے دل کی دھڑکن تیزہوچکی تھی!!

نہیں نہیں بھائی صاحب ایسی بات نہیں ہے لیکن ہم بھی بیٹی والے ہیں ہمیں بھی سوچنے کے لیے کچھ ٹائم چاہیے۔۔افتخاراجمل دھیمے سے بولے!!!

ہمارابیٹاآپ لوگوں کے سامنے ہے حورہمارے کمپنی میں کام کرتی ہے آپ لوگ اچھے سے ہم لوگوں کوجانتے ہیں اتنے عرصے سے ہم ایک دوسرے سے مل رہے۔۔اتناتوانسان کواندازہ ہوہی جاتاہے۔۔کے سامنے والاکیساہے۔رہی بات شہریارکی تواس کی گارنٹی میں آپ کودیتاہوں جس طرح ماہاکوہم نے اپنی بیٹی بناکررکھاہے اس طرح حورکو بھی ہم اپنی بیٹی ہی بناکررکھیں گے۔۔عارم آفندی اتناکہے کرخاموش ہوگئے!!!

جی آفندی صاحب ہمیں اس چیز پر کوئی شک نہیں ہے بلاشبہ آپ بہت اچھے انسان ہیں اور آپ کے بیٹے بھی بہت اچھے ہیں۔۔ ہم حور سے بات کر کے اس کی مرضی جانے بنا کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے کیونکہ زندگی تو حور نے گزارنی ہے نا حاجرہ بیگم بولی!!!

انکل آپ حور سے بات کر لینا ہم جلد سے جلد حور اور شہریار کا نکاح کرنا چاہتے ہیں۔۔ رخصتی بھلے آپ جب مرضی کر دینا صارم بیچ میں ہی بول پڑا۔۔ کیونکہ شہریار نے آتے وقت اس کو سختی سے یہ تاکید کی تھی کہ وہ آج کسی بھی حال میں حور سے نکاح کی بات فائنل کر کے ہی جائیں گے۔۔ اور ایسے کیسے ہو سکتا تھا کہ نواب صاحب شادی کے لیے مان جاتے اور یہ لوگ دیری کرتے!!!

افتخار اجمل ہاجرہ بیگم کی طرف دیکھتے ہیں ہاجرہ بیگم ان کا اشارہ سمجھتے ہوئے۔۔کچن کی جانب جاتی ہے حور بیٹا ادھر آئیں مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے۔۔

تائی امی۔۔بس چائے کو ابال آنے والا ہے۔۔آپ دو منٹ رکیں میں آتی ہوں۔۔حور چائے کی طرف دیکھتے ہوئے بولی!!

حور آپ جاؤ چائے میں دیکھ لیتی ہوں فریشنگ کا سامان تھال میں سجاتے ہوئے ماہا حور کی طرف مسکراتے ہوئے دیکھ کر بولی۔۔اور ساتھ ایک آنکھ بی ونگ کر گئی۔۔حور گڑبڑا کر نظریں جھکا گئی۔۔اور تائی ہاجرہ کے پیچھے پیچھے اس کے کمرے کا رخ کرتی ہے!!!!

کمرے میں جا کر ہاجرہ بیگم بیڈ پر بیٹھ گئی اور حور بھی اپنی انگلیاں مروڑتے ہوئے آہستہ آہستہ چلتی ہوئی۔۔اس کے سامنے جا کر بیٹھ گئی۔۔ہاجرہ بیگم ایک نظر حور

کی طرف دیکھتے ہوئے۔۔اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر بولنے لگی۔۔ حور ہم نے ہمیشہ سے تمہیں اپنی بیٹی سے بڑھ کر جانا ہے۔۔ہم نے کبھی بھی تم میں کوئی فرق نہیں کیا۔۔ہمیشہ اپنی بیٹی سمجھا بھلے بھائی صاحب اور بھابھی اس دنیا میں نہیں ہے لیکن " کبھی بھی میں نے تمہیں یتیمی کا طعنہ نہیں دیا؟؟میرے لیے تم تابی سے بھی بڑھ کر ہو!!!

تائی امی میں اچھے سے جانتی ہوں آپ نے کبھی بھی مجھے غیر نہیں سمجھا آپ کی تربیت پر آپ کی مخلصی پر مجھے کوئی شک نہیں ہے۔۔اتنا پیار تو شاید میرے سگے ماں باپ بھی مجھے نہ دیتے جتنا آپ نے اور تایا ابو نے مجھے دیا ہے جو بھی بات ہے آپ کھل کر مجھ سے کریں "یوں پہیلیاں نہ بجھوائیں مجھے اچھا نہیں لگ رہا۔۔ حور ہاجرہ بیگم کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے بولی!!!

تو ہاجرہ بیگم کو کچھ حوصلہ ہوا. حور تمہیں پتہ ہے تمہارے عارم سر اور باقی سب یہاں پر کیوں آئے ہیں؟؟حور نظریں چرا ہی گئی تھیں..اور پھر بولی نہی "تائی

امی" مجھے نہیں پتہ.. وہ لوگ اپنے چھوٹے بیٹے شہریار کا تمہارے لیے رشتہ لے کر آئے ہیں۔۔ ہمیں تو اس رشتے میں کوئی قباحت نظر نہیں آرہی لڑکا بھی خوبصورت ہے اور میری بھی کہیں نہ کہیں یہی خواہش تھی۔۔ تم بتاؤ تم کیا چاہتی ہو حور کی دل چیخ چیخ کر اس رشتے سے انکار کرنے کو کہہ رہا تھا۔۔ وہ جو کل سے پکا ارادہ بنا کر بیٹھی ہوئی تھی کہ وہ اس رشتے سے انکار کر دے گی۔۔ لیکن تائی ہاجرہ کا یوں مان سے پوچھنا اور اتنی عزت دینا وہ ان کا مان توڑ نہیں سکتی تھی یہاں پر بھی ایک بیٹی ہار گئی۔۔۔

ہم لڑکیاں بھی عجیب ہوتی ہیں چپ چاپ ٹوٹ جاتی ہیں مگر اپنی آہیں اپنی سسکیاں کسی کے کانوں میں پڑنے نہیں دیتیں۔۔۔ بہت بار تو ایسا بھی ہوتا ہے گھر کے کام کاج بھی کرتی رہتی ہیں اور سوچوں کی چٹیا بھی گوندھتی رہتی ہیں!!!

قمیض کی آستین سے نا جانے کتنے ہی آنسو رگڑ کر گالوں سی نیچے گرنے ہی نہیں دیتیں۔۔۔ مجھے لگتا ہے کہ ہم لڑکیوں کے سینے میں بہت مضبوط دل رکھا گیا ہے۔۔۔ جو لہجوں کی ضربیں کھاتا ہے مگر اس چوٹ کا درد چہرے تک نہیں آنے

دیتا۔۔۔طعنے سن کر مسکرا دینے کا ہنر بھی اللہ نے ہم لڑکیوں میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہے۔۔۔

مجھے دکھ اس وقت ہوتا ہے۔۔۔جب لڑکی لڑکپن سے عورت بننے کا سفر طے کرتے وقت اپنے اندر کی معصومیت کھو دیتی ہے۔۔۔۔میرا ماننا ہے کہ زندگی کتنی بھی زہر بھری ہو ہم لڑکیوں کو اپنی معصومیت کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

تھوڑی دیر بعد وہ سب لوگ ہنسی خوشی سے چائے پینے میں مصروف تھے۔حور کی حامی بھرتے ہی نکاح کی تاریخ رکھی گئی تھی۔۔کل شہریار اور حور کا نکاح تھا یہ سب کچھ اتنا اچانک ہو رہا تھا کہ حور کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی قسمت اس کے ساتھ اب کون سا کھیل کھیلنے جا رہی ہے لیکن اس نے خود کو قسمت کے دھارے پر چھوڑ دیا تھا!!!

حور کو یہ بات اندر ہی اندر کھائی جا رہی تھی کہ جب تابش کو ان سب چیزوں کا پتہ چلے گا تو اس کے دل پر کیا گزرے گی حور کو تابش کے لیے برا بھی لگ رہا تھا لیکن

وہ کچھ کر نہیں سکتی تھی۔۔ قسمت سے ہم لڑ نہیں سکتے کیونکہ ہمارا نصیب جس کے ساتھ جڑا ہوتا ہے وہاں جڑ کر ہی رہتا ہے چاہے لاکھ ہم اختلاف کر لیں!!!

ماہا جب سے حور کے ساتھ ہی بیٹھی ہوئی تھی وہ وقفے وقفے سے اس کو چھیڑ رہی تھی اور ساتھ شہریار کی بھی تعریفیں کرتی جا رہی تھی۔۔

بس کرے ماہا بھی اتنے اچھے بھی نہیں ہیں وہ آپ کے کھڑوس سے دیور حور ناک منہ چڑھاتے ہوئے بولی!!

ارے ارے حور آپ ایسے کیسے میرے چھوٹے نواب کو بول سکتی ہیں وہ بہت اچھے انسان ہیں ہاں وہ لڑکیوں سے بہت الرجک تھے لیکن نہ جانے تم نے ایسا کیا ان پر جادو کیا ہے کہ وہ حور۔۔ حور کی مالا جپتے رہتے ہیں!!!

ہاں میں جانتی ہوں وہ کتنے اچھے انسان ہیں حور منہ میں بڑبڑائی۔۔ماہا کو حور کا یوں شہریار کو بار بار برا کہنا اچھا نہیں لگ رہا تھا لیکن پہلی ملاقات تھی وہ حور کو کچھ کہہ نہیں سکتی تھی۔۔ لیکن اس سے پورا یقین تھا حور کچھ عرصہ شہریار کے ساتھ رہے گی تو اس کو شہریار کی اچھائیاں خود ہی نظر آنے لگ جائیں گی!!

ویسے بھی شہریار جس طرح حور کے ساتھ برتاؤ کرتا تھا حور کو تو وہ سخت کھڑوس قسم کا اور بدمزاج انسان ہی لگا۔۔

ٹھیک ہے بھائی صاحب اب ہمیں اجازت دیجیے ہم جاتے ہیں اور کل ہم نکاح کے لیے گھر کے لوگ ہی آئیں گے پھر رخصتی اور ولیمہ دھم دھام سے کریں گے ۔۔عارم آفندی افتخار اجمل کے گلے لگ کر بولے!!

بات تو نکاح کی ہوئی تھی لیکن افتخار اجمل بھی نہیں چاہتے تھے حور کے ساتھ پہلے جو کچھ ہو چکا ہے وہ دوبارہ ہو کیونکہ ان کو کہیں نہ کہیں یہ ڈر ابھی بھی بیٹھا ہوا تھا

کہ یاسر پھر اس کے ساتھ کچھ بھی کر سکتا ہے وہ اتنی جلدی تو بیٹھنے والا نہیں تھا اس لیے افتخار جمل نے کل شام نکاح کے ڈیٹ رکھی اور آج سے ٹھیک ایک مہینے بعد رخصتی کی ڈیٹ دے دی تھی۔۔تاکہ ایک مہینے میں وہ حور کے ہی شادی کی اچھے سے تیاریاں کر سکے!!

حالانکہ عارم آفندی نے تو یہ بات سختی سے کی تھی کہ ان کو حور کے علاوہ کچھ نہیں چاہیے لیکن افتخار اجمل اور ہاجرہ بیگم اپنی بیٹی کو یوں خالی ہاتھ بھی تو نہیں بھیج سکتے تھے۔۔اس لیے انہوں نے ایک مہینے کا ٹائم لے لیا تھا۔۔اور ایک مہینہ شہریار کا کیسے گزرنا تھا یہ تو شہریار خود بھی نہیں جانتا تھا۔۔لیکن ایسے ایک بات کہ تسلی بھی تھی کہ کل حور ہمشہ ہمیشہ کے لیے اس کے نام لکھ دی جائے گی۔۔اور پھر حور پر صرف اور صرف اس کا حق ہو گا!!

اور حور وہاں خاموش تماشائی بنی اپنی قسمت کے فیصلے پر رو بھی نہیں سکتی تھی۔۔۔

بیٹیوں کے دکھ بڑے گونگھے اور بہرے ہوتے ہیں۔
انتہاء کے دکھ پہ اپنی اذیت اپنے اندر جزب کر لیتیں ہیں .
آنکھوں کی دہلیز پہ آنسوؤں کا جھرمٹ ہوتا ہے اور ہلکی سی کسی کی آہٹ پہ وہ آنسو دہلیز پار کیے بناء ہی اندر گرا لیتیں ہیں جیسے کچھ ہوا ہی نہیں !!!

♥♥♥♥

آج کا دن شہریار آفندی کے لیے بہت بڑا دن تھا۔۔آج اس کی محبت اس کو ملنے والی تھی۔ جس کا احساس الگ سے ہی شہریار آفندی کا دل دھڑکائے جا رہا تھا!!!

ماہابھابھی میرے کپڑے کدھر رکھے ہیں۔۔ شہریار اپنے کمرے میں آتا ہے تیار ہونے کے لیے لیکن اس کو بیڈ پر اور صوفے پر کہیں پر بھی اپنا سوٹ نظر نہیں آتا ۔۔تو وہ وہیں کھڑے ماہا کو آوازیں دینے لگا۔

ماہا۔۔ بھرے بھرے جسم کے ساتھ آہستہ آہستہ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اوپر آتی ہے۔۔ شہریار بھائی آپ کے کپڑے میں نے الریڈی واش روم میں لٹکا دیے تھے۔۔ آپ جا کر تیار ہو جائیں دیر نہیں کریں جلدی جانا ہے۔۔ بابا بانی بول رہے ہیں!!!!

جی بھابھی میں بس ابھی تیار ہو کر نیچے آیا۔۔ ماہا مسکراتے ہوئے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی۔۔

جہاں صارم آفندی نہ جانے کون سی تیاریوں میں بزی تھا جو دو گھنٹے سے اس کی تیاریاں مکمل ہونے کا نام نہیں لے رہی تھیں!!!

صام یار کب آپ تیار ہوں گے۔ بابا جانی نیچے بلا رہے ہیں آپ کو۔۔صام آپ کو سب سے پہلے تیار ہونا چاہیے تھا وہاں شہریار بھائی بھی ابھی تک تیار نہیں ہوئے ۔۔رات کافی ہو چکی ہے۔ حور کے گھر والے انتظار کر رہے ہوں گے۔۔مایا کمرے میں آتے ہی بولنا شروع ہو چکی تھی!!!

ماہا میری جان ریلکس "میں بالکل تیار ہوں صارم بات کرتے ہوئے جیسے ہی پیچھے مڑتا ہے۔۔ماہا کو دیکھتے دیکھتا ہی رہ گیا۔۔ماہا نے اس وقت بھاری کامدار مکیسی پہن رکھی تھی۔۔ جس کا دوپٹہ اس نے سلیقے سے اپنے سر پر جمائے۔ ہلکا پھلکا میک اپ کیے بھرے بھرے جسم کے ساتھ وہ سیدھی صارم آفندی کو اپنا دیوانہ بنا گئی تھی!!!

صارم آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے۔ماہا کے قریب آتا ہے۔ماہا مسکراتے ہوئے صارم کو اپنی طرف آتا دیکھ رہی تھی۔۔صارم ماہا کے سامنے کھڑا ہوئے

اپنی انگلی کے پور سے اس کی آنکھوں سے کاجل لیتا ہے۔اور اس کے کان کے پیچھے لگا دیتا ہے۔ماشاءاللہ میری جان کتنی خوبصورت لگ رہی ہے۔بالکل کسی اسپرا کے جیسی "اور اگے جھکتے ہوئے اس کی پیشانی پر اپنے لب رکھ گیا!!!

تھینک یو جان، آپ سچ میں دنیا کے سب سے اچھے ہسبنڈ ہیں مجھے ہر وقت خاص محسوس کرواتے ہیں آپ ماہا محبت سے لبریز لہجے سے بولی!!

میری جان سب شوہروں کو ایسا ہی ہونا چاہیے ایک عورت اپنا گھر بار اپنا ماں باپ سب کچھ چھوڑ کے کس کے لیے آتی ہے۔۔اپنے شوہر کے لیے تو شوہر کو بھی چاہیے کہ اپنی بیوی کو عزت ؛۔مان دے۔۔کیونکہ وہ صرف آپ کی بیوی نہیں آپ کے بچوں کی ماں بھی ہوتی ہے۔۔جو اپنی جان داؤ پہ لگا کر آپ کی نسل پیدا کرتی ہے۔صارم اس کی تھوڑی کو محبت سے چھوتے ہوئے بول رہا تھا!!!!!

ماہا۔نم انکھوں سے اگے بڑھ کر صارم کے سینے سے لگ گئی!!

) کتنا اچھا لگتا ہے ناجب آپ کا محرم "آپ کا ہمسفر" آپ کو اس قدر چاہتا ہو؟
آپ کا اتنا خیال رکھتا ہو. ایک لڑکی کے لیے اس سے بڑھ کر کیا ہو سکتا ہے (

صارم اور ماہا دونوں تیار ہوئے نیچے آتے ہیں عارم آفندی پہلے ہی تیار
ہوئ۔۔حال میں کھڑے ملازموں سے مٹھیاں اور تحفے طوائف گاڑی میں رکھوا
رہے تھے۔۔ تھوڑی دیر بعد ہی شہریار نیچے آتا ہے۔ شہریار نے آج پھر بلیک کلر
کی ہی ڈریسنگ کی ہوئی تھی۔۔ جس میں وہ اس وقت نہایت خوبصورت لگ رہا
تھا!!!!

عارم آفندی نے اپنے دونوں جگر کے ٹکڑوں کو دیکھ کر دل ہی دل میں ماشاءاللہ
بولے۔اپنی بیوی کے جانے کے بعد اس کی پوری دنیا صارم آفندی اور شہریار
آفندی کے گرد ہی گھومتی تھی۔۔اس نے صرف باپ بن کر ہی نہیں بلکہ ماں

بن کر بھی شہریار اور صارم۔۔ کو پال پوسا تھا۔۔ یہ دونوں اس کے دل کے بہت قریب تھے۔۔

شہریار آفندی تو کچھ زیادہ ہی عارم آفندی کو عزیز تھا۔۔ ماشاءاللہ چھوٹے نواب۔۔ آپ بہت خوبصورت لگ رہے ہیں صارم اگے بڑھتے ہوئے شہریار کو گلے لگاتا ہے۔۔ اور محبت سے بولا۔۔۔ تھینک یو بڑے۔۔ اور یوں تھوڑی دیر بعد آفندی مینشن کے لوگ حور کے گھر کے لیے نکل گئے تھے۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

ماشاءاللہ۔۔ حور آپ بہت خوبصورت لگ رہی ہیں۔۔ ارم میک اپ کا فائنل ٹچ دیتے ہوئے۔۔ حور کا رخ اپنی طرف کرتے ہوئے محبت سے بولتی ہے۔۔ حور پھیکا سا مسکرائی اور نظر اٹھا کر شیشے کی طرف دیکھنے لگی۔۔ آج وہ دوسری بار دلہن بنی تھی ایک وقت وہ تھا جیسے وہ یاد بھی نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔ اور ایک آج کا وقت ہے جسے وہ چاہا کر بھی خوشگوار نہیں بنا پا رہی تھی!!

حور نے آج نکاح کے حساب سے ہلکا پھلکا سوٹ پہنا تھا(شہریار کی طرف سے ڈیمانڈ آئی تھی نکاح کا ڈریس لینے کا لیکن حور نے منع کر دیا)۔۔البتہ ارم نے اس کے نہ کرنے کے باوجود اس کو جولری اور میک اپ کے ساتھ نہایت خوبصورت بنا دیا تھا۔۔وہ اس وقت دونوں کمرے میں اکیلی تھی۔۔

ارم سوچوں میں کھوئی ہوئی حور کی طرف دیکھ کر اس کو کندھے سے پکڑ کر جھنجھوڑتے ہوئے بولی۔حور کیا تم اس رشتے سے خوش نہیں ہو!!

کیوں تمہیں ایسا کیوں لگا؟؟حور ارم کی طرف دیکھے بنا ہی بولی؟؟

کیونکہ تمہیں دیکھ کر کوئی بھی ایسا سوچ سکتا۔ورنہ لڑکیاں تو اپنے اس خاص موقعے پر بہت اکسیڈڈ ہوتی ہیں اپنی آنے والی زندگی کو لے کر اپنے شوہر کو لے کر۔۔لیکن تمھارے چہرے پر تو کوئی خوشی مجھے نظر نہی آ رہی۔۔

ارم مجھے نہیں پتہ میرے لیے کیا صحیح ہے کیا غلط ہے زندگی میرے ساتھ کیا کھیل کھیل رہی ہے میں خوش ہونا چاہتی ہوں لیکن میں خوش نہیں ہو پا رہی۔۔ ایک عجیب سی فیلنگ ہے جو مجھے اندر ہی اندر مجھے کھائی جا رہی ہے۔۔ لیکن میں خوش ہوں تائی امی اور تایا ابو کو میرے لیے کافی فکر تھی۔ وہ اس رشتے سے مطمئن ہیں تو مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں ہے۔ حور نے تابش والی بات ارم کو نہیں بتائی تھی!!!

مجھے تو تمہاری باتیں سمجھ میں ہی نہیں آتی۔۔ارم حور کا دوپٹہ صحیح کرتے ہوئے بولی۔۔اچھا حور تابش کدھر ہے وہ کیوں نہیں آیا۔۔اس موقع پر اسے تو گھر ہونا چاہیے تھا نا؟؟

ارم جب سے حور کے گھر آئی تھی۔تابش اس کو کہیں پر بھی نظر نہیں آیا تھا۔۔ تابش کو دیکھتے ہی ارم کے اندر ایک عجیب احساس جاگنا شروع ہو جاتا تھا۔۔ارم کو

خود بھی سمجھ نہیں اتا تھا اس کے ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے۔۔حالانکہ تابش نے تو کبھی اس کو نظر بھر کر دیکھا بھی نہیں تھا۔۔

پتہ نہیں وہ کہاں پر ہے ان کا کچھ پتہ نہیں ہے نہ ہاں آئے تو مہینہ مہینہ گھر نہیں آتے۔۔حور اپنے مہندی لگے ہاتھوں کی انگلیوں کو مسلتے ہوئے بولی!!!

اتنی دیر میں ہاجرہ بیگم کمرے میں آتی ہے۔ارم بیٹا حور کو تیار کر دیا۔۔ماہا کا فون آیا تھا وہ لوگ پہنچنے والے ہیں۔۔جی آنٹی حور تیار ہو گئی ہے۔۔

حاجرہ بیگم حور کے سامنے آتی ہے اور اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں بھر کے نم آنکھوں سے بولی ماشاءاللہ میری بیٹی کتنی پیاری لگ رہی ہے۔۔کسی کی نظر نہ لگے اللہ تمہارے نصیب اچھے کرے۔بیٹا ہم لوگوں نے سوچ سمجھ کر ہی تمہارے لیے فیصلہ کیا ہے۔ کبھی بھی ہمارے فیصلے پر شک مت کرنا!!

تائی امی آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں ایسے نہیں بولو مجھے آپ پر اور تایا ابو پر پورا یقین ہے آپ لوگ کبھی میرا برا نہیں سوچ سکتے حور اپنے مہندی بھرے ہاتھوں سے ہاجرہ بیگم کے آنسو صاف کرتے ہوئے بولی!!!

اچھا اچھا سیڈ مومنٹ نہیں بناؤ یہ تو خوشی کا موقع ہے ارم جوان دونوں ماں بیٹی کا پیار دیکھ رہی تھی اگے بڑھ کر ماحول کو خوشگوار بنانے کے لیے بولی۔۔ حور ہاجرہ بیگم سے الگ ہوتے ہوئے ٹشو پیپر سے اپنی آنکھوں کو صاف کرنے لگی اور ہاجرہ بیگم کمرے سے باہر نکل گئی۔۔ کیونکہ مہمان آنے ہی والے تھے اس کو باقی تیاریاں بھی دیکھنی تھی۔۔

کچھ دیر بعد ان کے دروازے پر بیل ہوتی ہے۔۔ تو حاجرہ بیگم نے جا کر دروازہ کھولا۔۔ سامنے آفندی مینشن کے لوگ سجے سواری ان کے دروازے پر مسکراتے ہوئے مسکراہٹ لیے کھڑے تھے!!

حاجرہ بیگم تو کے تو ہاتھ پیر پھول رہے تھے اتنی جلدی میں سب کچھ ہو رہا تھا کسی کو بلانے اور بتانے کا موقع بھی نہیں ملا تھا یہ شہریار کی ضد ہی تھی جس نے ایک دن پہلے نکاح کی ڈیمانڈ رکھ دی تھی!!!

افتخار اجمل نکاح خواں کو بھی بلا لائے تھے رات کافی ہو چکی تھی ٹریفک میں پھنسنے کی وجہ سے آفندی مینشن کے لوگ کافی لیٹ آئے تھے۔۔اس کی وجہ سے نکاح خواں کو افتخار اجمل پہلے ہی بلا کر لا چکے تھے!!!

السلام علیکم انٹی کیا حال ہے۔ماہا۔اگے بڑھ کر حاجرہ بیگم کے گلے لگتے ہوئے محبت سے بولی!!

وعلیکم السلام۔۔میں ٹھیک ہوں آپ سناؤ ماہا بیٹی ہاجرہ بیگم بھی خوش اخلاقی سے ماہا سے ملی۔۔اور پھر باقی سب کو سلام کرتے ہوئے ان کو باہر صحن میں ہی لے گی چونکہ موسم آج کل ٹھنڈا تھا"نہ گرمی تھی نہ سردی تھی اس لیے انہوں نے

سارا انتظام صحن میں کیا ہوا تھا حور کی فیملی مڈل کلاس فیملی تھی اتنی امیر کبیر نہیں۔۔اس وجہ سے ان لوگوں نے گھر پر ہی سب کچھ ارینج کیا ہوا تھا!!!

حور کدھر ہے آنٹی ماہا ادھر ادھر دیکھتے ہوئے بولی حور اپنے کمرے میں اس کی دوست اس کو تیار کر رہی ہے ٹھیک ہے آنٹی میں وہیں پہ ان کو جا کر مل لیتی ہوں۔۔بھائی صاحب آپ لوگ بیٹھے ہیں نا۔۔جی جی بہن عارم آفندی یہ کہتے ہوئے وہ تینوں بابیٹا صحن میں پڑی ہوئی چارپائیوں پر بیٹھ گئے۔۔

❤❤❤❤❤❤

حور ولد بنت اسفندیار آپ کا نکاح شہریار آفندی۔والد عارم آفندی کے ساتھ 50 لاکھ حق مہر طے پایا گیا ہے۔۔کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔حور سرخ دوپٹے کا گھونٹ اوڑھے جالی دار پردے کے اس پار بیٹھی تھی!!!

ارم اس کے ساتھ ہی بیٹھی تھی ارم نے کانپتی ہوئی حور کے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے تسلی دی دبا کر تسلی دی۔۔اور حور بہتے آنسوں کے ساتھ بولتی ہے!!!

قبول ہے"

حور اسفندیار آپ کا نکاح شہریار آفندی کے ساتھ حق مہر 50 لاکھ طے پایا گیا ہے۔کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے!ں

قبول ہے"

تیسری بار بھی حور سے تصدیق کرنے کے بعد اب نکاح خواں نے یہی عمل شہریار آفندی۔سے دوہرایا!

شہریار آفندی والد عارم افندی آپ کا نکاح حور اسفندیار کے ساتھ 50 لاکھ حق مہر طے پایا گیا کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے؟؟

قبول ہے"

شہریار آفندی کی خوشی سے لبریز آواز صحن میں گونجی تھی اس کے دل کو جیسے قرار سا آگیا تھا۔۔ایک الگ سا سکون ایسے ملا تھا حور کو اپنی دسترس میں لیتے ہوئے۔۔

نکاح نامے پر دستخط کروانے کے بعد سب کو مبارکباد دیتے ہوئے نکاح خواں اٹھ کھڑا ہوا۔۔اور اپنا رجسٹر لیتا ہوا وہاں سے چلا گیا!!

صارم آفندی۔اگے بڑھ کر شہریار کو گلے لگاتا ہے اور اس کو مبارکباد دیتا ہے۔
حور کی سوں سوں ابھی بھی جا رہی تھی۔ارم حور کو گلے لگا کر مبارکباد دیتی

ہے۔۔خوش رہو میری جان اگے خوشیوں بھری زندگی تمہاری منتظر ہے۔حور کوئی جواب نہیں دیتی۔۔ارم کی بات کا چلو حور میں تمہیں کمرے میں لے جاؤں تم تھک گئی ہو گی۔۔حور اٹھتے ہوئے کمرے کی جانب رخ کرتی ہے۔اور کمرے میں جاتے ہی اپنا گھونٹ اٹھا دیتی ہے!!!

افففف؟؟

کیا ہوا ارم۔حور ارم کی طرف دیکھ کر پوچھنے لگی۔۔

یار میں اپنا موبائل باہر ہی بھول چکی۔میں وہ لے کے آتی ہوں تم تب تک بیٹھو۔ اور ہاں چینج مت کرنا میں نے اکے تمہاری کچھ پکچرز لینی ہیں۔ارم یہ کہتے ہوئے باہر چلی گئی۔حور وہی ڈریسنگ کے سامنے کھڑی ہو کر اپنے ڈریسنگ کی چیزوں کی سیٹنگ کرنے لگی۔۔حور اپنے آپ میں مگن جب شہریار اس کے کمرے میں آتے ہوئے کمرے کی کنڈی کو بند کر گیا!!

کمرے کی جیسے ہی کنڈی لگنے کی آواز ائیث حور نے مڑ کر دیکھا تو سامنے شہریار آ فندی۔اپنی بھرپور پرسنلٹی کے ساتھ اس کی طرف مسکراتی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔شہریار کی نظروں میں ایسا کچھ تھا کہ حور کے پورے جسم میں سنسناہٹ پھیل گئی تھی۔۔یہ شاید بدلتے رشتے کا ہی اثر تھا کہ حور کی زبان گنگ کر رہ گئی۔۔وہ کچھ بول نہ پائی!!!

شہریار آفندی چھوٹے چھوٹے قدم لیتا ہوا حور کے قریب جا کھڑا ہوا۔۔اور سب سے پہلے وہ اگے بڑھ کر حور کی پیشانی پر اپنے لب رکھتا ہے۔۔اور بولتا ہے؟؟؟

Welcome to my life my beautiful wife ❣

اوراس کاہاتھ پکڑ کراس کی انگلی میں ایک ڈائمنڈ کی رنگ پہنادیتاہے۔۔یہ میری طرف سے نکاح کا چھوٹاسا تحفہ امید ہے آپ کواچھالگے گا۔۔حور کی خوبصورت نرم وملائم انگلیوں میں ڈائمنڈ کے رنگ جگمگارہی تھی۔۔شہریار آفندی۔جھکتے ہوئے اس رنگ پر بوسہ دیتاہے۔۔

حور سے توکچھ بولاہی نہیں جارہاتھالیکن۔۔دوہی پل لگے تھے واپسی حور کواپنے خول میں سمٹنے کو۔۔اور بولتی ہے مسٹر شہریار آفندی۔۔آپ نے مجھ سے نکاح توکرلیاہے لیکن میں آپ کو پسند نہیں کرتی ہوں۔نہ میں کبھی آپ کو شوہر تسلیم کروں گی!!!

حور کے بات سن کر شہریار آفندی کے بڑھتے قدم کچھ پل وہیں پر مجمند ہوگئے تھے۔۔یہ کیاہوگیاتھاجس کواتنی چاہوں اتنی محبت سے اپنی زندگی میں شامل کر رہاتھا۔۔وہ تواس کو پسند ہی نہیں کرتی تھی۔۔اور یہ بات مرد کی انا پر گہری چوٹ ثابت ہوتی ہے۔۔حور جس ٹروما سے نکلی تھی۔شہریار نے اپنے آپ کو پہلے ہی

اس وقت کے لیے تیار کیا ہوا تھا وہ بنا حور کی بات کا برے منائے حور کو دیوار کے ساتھ پن کرتے ہوئے دونوں سائیڈوں پر اپنے ہاتھ رکھ کر اس کی جائیں فرار کے تمام راستے بند کر گیا!!

اور اگے جھک کر اس کی ناک پر اپنے ناک رگڑتے ہوئے بولا تو مسز کیا ہوا آپ مجھے پسند نہیں کرتی۔۔شادی کے بعد مجھے پورا یقین ہے میں تمہیں پسند آجاؤں گا۔۔جب تم میری دسترس میں آجاؤ گی تو؟؟میں تمہیں خود سے پیار کرنے پر مجبور کر دوں گا!!

حور کی آنکھیں رونے کی وجہ سے لال سرخ ہو چکی تھی موٹی موٹی آنکھیں جس میں کالی کجلے کی دھار جو بہ کر کچھ چہرے پر بھی بکھر گیا تھا۔۔اس وقت قیامت خیز منظر ڈھا رہا تھا۔۔شہریار اس کی آنکھوں پر باری باری اپنے لب رکھتا ہے۔ اور بولتا ہے کیوں کیوں ظلم ڈھایا اتنی خوبصورت آنکھوں پر پتہ ہے۔جب

تمہیں میں نے پہلی بار دیکھا تھا تب ہی تمہاری یہ خوبصورت آنکھوں نے مجھے اپنا دیوانہ کر دیا تھا۔۔

مجھے کب تم سے محبت ہوئی میں خود بھی نہیں سمجھ سکا لیکن تم سے محبت ہو گئی ہے بے انتہا ہو گئی ہے اب تم دور رہنا تمہارے بنا زندہ رہنا مشکل ہے۔۔یہ کہتے ہوئے وہ شدت دیوانگی سے حور پر چھا گیا۔۔اور اس کے چہرے پر جا بجا بوسے دینے لگا!!!

حور جو اس کی باتوں کی سحر میں کھو گئی تھی اچانک اس افتاد پر بکھلا کر رہ گئی۔۔اور اپنے اپ کو شہریار کی جکڑ سے چھڑوانے لگی۔۔ لیکن شہریار نے اس کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر اس سختی سے جگڑ لیا۔اور اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں لے کر سک کرنے لگا۔۔کافی دیر تک وہ اپنی من مانی کرتا رہا۔ حور کو سانس لینا مشکل ہو رہا تھا۔۔ حور شہریار کے حصار میں پھڑ پھڑا رہی تھی۔ لیکن شہریار آفندی۔ کی تشنگی تھی کے ختم ہونے کی بجائے بڑھتی ہی جا رہی تھی!!

بہت نمکین ہو تم کیوٹی۔ شہریار ساتھ ساتھ حور کے کانوں میں میٹھی میٹھی سرگوشیاں بھی کرتا جارہا تھا!!!

وہ اپنی من مانی کر کے ہی پیچھے ہٹا اور بہکتی نگاہوں سے حور کے لال سرخ چہرے کو دیکھنے لگا۔ جو اس کی اتنی سی قربت میں لہو چھلکانے جیسا ہو گیا تھا۔۔ تم تو میری اتنی سی بھی قربت برداشت نہیں کر سکی۔۔ مسز "تو سوچو جب مکمل میری دسترس میں آجاؤ گی تو پھر کیا کرو گی مجھے برداشت کیسے کرو گی میری کیوٹی ؟؟

شہریار آفندی۔ اپنے انگوٹھے سے حور کے ہونٹوں کو سہلاتے ہوئے۔ پوچھ رہا تھا۔۔ حور شرم وحیا سے نظریں جھکا گئی۔۔

حور کے کچھ نہ بولنے پر شہریار اگے بڑھتے ہوئے اس کے دوپٹے کو سائیڈ پر کرتا ہے اور اس کی فرنٹ سائیڈ کو دیوار کے ساتھ پن کر گیا۔۔اور حور کی بیک سائیڈ پر فراک کی ڈوریاں کھول دیتا ہے۔ جیسے ہی فراک کی ڈوریاں کھولتی ہیں۔۔ حور کی فراک کندھوں تک سرک گئی!!

شہریار آفندی۔۔ حور کے دونوں ہاتھوں کو دیوار پر لگائے اس کی ننگی کمر پر اپنے لب رکھتا ہے۔۔ جیسے ہی شہریار حور کی کمر پر لب رکھتا ہے۔۔ حور کے پورے جسم میں سنسناہٹ سے دوڑ گئی۔اور وہ اپنے آپ سے میں سمٹنے لگی۔۔ شہریار نے اس کی ننگی کمر کو جگہ جگہ سے چومنا شروع کر دیا اور آہستہ آہستہ اس کا رخ حور کی گردن کی طرف تھا۔۔ حور کی گردن پر آکر اس نے حور کی لمبی صراہی دار گردن پر اپنے لب رکھے گردن پر دو چمکتے تل تھے۔ شہریار کو حور کی سفید گوری گردن پر دو کالے تل نہایت ہی بہار ہے تھے۔۔

شہریار کو حور کے یہ تل بہت پیارے لگے تھے وہ اگے بڑھ کر ان تلوں پر باری باری لب رکھتا ہے۔۔یہ تمہارے تل مجھے اپنے دشمن محسوس ہو رہے ہیں وہ حور کے کام میں سرگوشی کرتے ہوئے اس کی کان کی لو کو کاٹ گیا۔۔ گرم گرم سانسیں حور کے اندر عجیب سا اتھل پتھل کر رہی تھیں شہریار کی قربت میں حور بس پھڑ پھڑا کر رہ گئی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

اگر میں تم سے محبتوں کا
شمار چاہوں تو کیا کہو گے ؟

بہت ہی بے تاب زندگی ہے
قرار چاہوں تو کیا کہو گے ؟

جو کہہ رہے ہو کہ مانگ دیکھو
میں جان مانگوں تو کیا کہو گے ؟

ہزار باتیں ہیں وجہ وحشت
جو وحشتوں میں ساتھ مانگوں
تو کیا کہو گے ،؟

حور نہ جانے شہریار کے بھیجے گئے میسج کو کتنی بار پڑھ چکی تھی "وہ کب سے موبائل کو گھورے جا رہی تھی جیسے موبائل نہیں شہریار کو گھور رہی ہو ! ! شہریار کا میسج پڑھتے ہی حور کے دل کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی تھیں ! !

آج کل اس کی دھڑکنیں خود اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی "اس کو سمجھ نہیں آ رہا تھا .. اس کے ساتھ ہو کیا رہا ہے .. شہریار تو نکاح کے بعد سے کتنی بار حور سے

اپنی محبت کا اظہار کر چکا تھا۔۔ لیکن شہریار آفندی۔۔ کی محبت کو ایکسیپٹ کر پانا
"حور" کے لیے نہایت مشکل کام لگ رہا تھا!!

ابھی بھی حور انھی سوچوں میں گم تھی۔۔ جب ایک بار پھر موبائل پر میسج کی
بیپ ہوئی۔۔ پہلے ہی شہریار کی یادیں اس پر سوار تھی اوپر سے اس نے میسج کر۔۔
کر اس کی جان اور مشکل میں ڈال رکھی تھی!!

وہ غصے سے میسج اوپن کرتی ہے لیکن میسج پڑھ کر تو اس کا پارہ مزید چڑھ گیا۔۔

میری دھڑکن تجھ سے ہے
میری سانسیں تجھ سے ہیں
تیرے لیے لڑ جاؤں دنیا سے
مجھے اتنا عشق تجھ سے ہے!!!

کل سے وہ شہریار کی نکاح کے بعد والی حرکت سوچ سوچ کر اس کا دماغ سن ہو گیا تھا۔۔ایک عجیب سی فیلنگ نے اس کے اندر دل گھر کر لیا تھا۔۔ حور جب بھی شہریار آفندی۔۔ کی بے باکیاں یاد کرتی تو چہرے سے پیر تک سرخ ہو جاتی۔۔ شہریار جیسے جیسے اس کو کل چھو رہا تھا۔۔ حور لمحہ لمحہ۔۔ پگھلتی گئ۔۔ یا شاید نکاح کے پاک بندھن میں بندھنے کے بعد کا ہی اثر تھا کہ حور کا دل بھی شہریار آفندی۔۔ کو قبول کر رہا تھا۔۔ لیکن حور یہ بات ابھی سمجھ نہیں پا رہی تھی۔۔

ایک میٹھا میٹھا سا درد حور کے اندر اٹھنے لگا تھا جانے انجانے میں حور۔۔ شہریار کے بارے میں سوچنے لگی تھی ابھی بھی وہ اس کی کل والی حرکتوں کو سوچ کر اپنا منہ کمبل میں چھپا گئ۔۔ جبکہ چہرے پر ایک پیاری سی مسکان تھی۔۔اور نیند تو جیسے اڑ سی گئ تھی!!

وہ نہ چاہ کر بھی شہریار آفندی۔۔ کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔۔ لیکن اس کو تابش کا خیال بھی رہ رہ کر آ رہا تھا۔۔ بھلے اس نے تابش کو آج تک بھائیوں جیسا

مان دیا تھا۔۔ لیکن جانے انجانے میں وہ تابش کے ساتھ ایک وعدہ کر گئی تھی۔۔
اور جب تابش کو حقیقت کا پتہ چلنا تھا نہ جانے اس کے دل پر کیا گزرتی۔۔اتنے
بیتے دنوں میں یہ بات تو حور بھی اچھے سے جان گئی تھی کہ تابش اس کے لیے
کس قدر جنون رکھتا ہے۔۔
حور اپنی تمام تر سوچوں کو بھاڑ میں جھونکتے ہوئے سونے کے لیے آنکھیں موند
گئی!!!

♥♥♥♥♥♥

حور اپنے کیبن میں بیٹھی ایک ضروری فائل پر کام کر رہی تھی جب شہریار بنا
دستک کیے اس کے کیبن میں آتا ہے اور آتے ہی اس کے ہاتھ سے پین پکڑ کر
سائیڈ پہ رکھتا ہے اور فائل بند کرتے ہوئے بولتا ہے۔۔ حور جلدی کرو ہمیں جانا
ہے۔۔ لیکن کہاں پہ جانا ہے حور اس کو گھور کر دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔

میں گھر جارہاہوں آپ کو بھی گھر ڈراپ کر دیتاہوں ویسے بھی چھٹی ہونے میں کچھ ہی ٹائم ہے چلو چلتے تو میں ساتھ لے جاؤں!!

لیکن مجھے کسی صورت میں بھی آپکے ساتھ جانا منظور نہیں۔ حور اسے جواب دیتے ہوئے اپنے موبائل میں مصروف ہو گئ!!!

اگر میں چاہوں تو زبردستی بھی لے جاسکتاہوں اور باخدا دنیا کی کوئی بھی طاقت مجھے ایسا کرنے سے نہیں روک سکتی لیکن میں نہیں چاہتا یہاں تماشا ہو اور اس آفس میں موجود لوگوں کی نظروں کا مرکز بنو شہریار نے اسے درمیانی آواز لیکن سخت لہجے میں وارن کیا تو حور ناچاہتے ہوئے بھی پاؤں پٹختی باہر کی طرف بڑھ گئ!!!

اور شہریار مسکراتے ہوئے اس کے ہم قدم ہوا. اسکے بعد شہریار نے حور کو مزید تنگ نہیں کیا لیکن بار بار کسی اپنی ناراض سی محبوبہ کو دیکھ رہا تھا جو اسے مکمل طور

پر اگنور کر رہی تھی۔ کیفے کے قریب جب گاڑی پہنچنے والی تھی تو حور نے ناراضگی اک طرف رکھ کر اپنے موبائل فون کے کیلئے ہاتھ آگے کیا۔۔۔

شہریار جو سمجھ چکا تھا کہ وہ فون مانگ رہی لیکن پھر بھی دل کی مانتے ہوئے کے اسکا ہاتھ تھام کر اپنے لبوں سے لگا گیا۔۔ حور کو تو جیسے کرنٹ لگ گیا ہو جلدی سے ہاتھ پیچھے کر لیا لیکن شہریار آفندی۔ کو اسکا عمل بالکل بھی پسند نہیں آیا تو اسکے رد عمل میں ہاتھ سے اسکی کمر کو حصار میں لیتے جھٹکا دے کر خود کے قریب کرتے ہوئے اسکے ہونٹوں پر جھک کر سزا دینے لگا۔ حور کی سانسوں کو قطرہ قطرہ خود میں انڈھیل کر جیسے سکون حاصل کر رہا ہو۔ شہریار نے اک بار جو اسکے ہونٹ جکڑے تو چھوڑنا ہی بھول گیا۔!!!

اسکے عمل میں شدت محسوس کرتے حور اسکے کالر تھام گئی شہریار مزید جنونی ہوتے ہوئے اپنے عمل میں شدت بڑھاتے ہوئے اسے اپنی گود میں شفٹ کر گیا! اور وہ بے رحم سا پھر اسکی گردن میں جھک کر اپنا لمس بکھیرنے لگا!!

حور۔۔اسکی شدتوں سے نڈھال ہو رہی تھی لیکن وہ اسکی سانسیں پینے میں مصروف تھا پھر مزید جھک اسکی دھڑکنوں کو اوپر سے کاٹا تو حور سسکاریاں بھرنے لگی۔۔ شہریار اسکی سسکیوں سے مزید بہک رہا تھا آنکھوں میں خماری چھا رہی تھی ایسا نہیں تھا کے اسے اپنے اعصاب پر قابو پانا نہیں آتا اک تو ملکیت کا احساس دوسرا اسکا خود سے دور کرنے سے خون کھول گیا تھا۔۔۔ شہریار دور ہوتے اسکی حالت پر ترس کھاتے اسے اپنے سینے میں بھینچ گیا!!

حور اسکی شدتوں سے بے حال ہوتی سر اسکے سینے پہ ٹکا کر اپنی سانسیں ہموار کرنے لگی۔ شہریار نے فون پاکٹ سے نکالتے ہوئے اسکی گود میں رکھ دیا اور گاڑی سٹارٹ کی چونکہ گاڑی کے مرر زٹوٹلی بلیک تھے تو وہ اپنا کام فرصت سے انجام دے رہا تھا گاڑی چلانے ساتھ ساتھ ہاتھ سے حور کی کمر بھی سہلا رہا تھا جو گہرے گہرے سانس بھر رہی تھی۔ حور کے گھر کے نزدیک پہنچتے سے پہلے اسے

احتیاط سے پیسنجر سیٹ پر منتقل کرتے اسکے ماتھے پر ہونٹ رکھے اور ساتھ ہی اسکی نازک پنکھڑیوں کا شدت بھرا بوسہ لیتے ہی ہے۔ پیچھے

ہٹا اسے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ ان نازک پنکھڑیوں کو چاہے جتنا بھی چوم لو تشنگی کم نہیں ہونی طلب مزید بڑھے گی ہی!!!

کل گیارہ بجے تیار رہنا شاپنگ کیلئے مسز آفندی۔۔اسے گھر کے آگے چھوڑتے ہوئے کل کے بارے میں بتانے لگا۔ جسے سنتی حورناک چڑھا کر گھر کے اندر داخل ہو گئی۔دن کے تین بج رہے تھے تو سد شکر کہ کوئی بھی اس وقت صحن میں نہی تھا یا تو وہ سب اپنے کمروں میں تھے یا باہر کسی کام سے گئے ہوئے تھے۔ کمرے میں آتے ہی دروازہ بند کرتے ہوئے حور نے مرر میں خود کو دیکھا تو شرم سے سرخ پڑی زخمی ہونٹ شہریار کی شدت کی گواہی دے رہے تھے۔ گردن پر جگہ جگہ لو بائٹ بنائی ہوئی اور دھڑکنوں کے مقام پر سے ابھی بھی شرٹ گیلی تھی کیونکہ شہریار نے گاڑی میں شرٹ کے اور سے اپنی شدت نچھاور کی تھی!!!

♥♥♥♥♥♥♥♥

شہریار آفندی۔۔اپنے کہے کے مطابق گیارہ بجے حور کے گھر کے سامنے رکے گاڑی کے ہارن بجا رہا تھا۔ لیکن حور ہی باہر نکل نہیں رہی تھی۔

اگر تم اگلے پانچ منٹوں میں باہر نہ آئی تو تمہیں میں اپنی بانہوں میں بھر کر لاؤ گا۔۔ مسز آفندی۔۔ شہریار آفندی۔۔دھمکی بھرا میسج سینڈ کرتے ہوئے سیٹ پر آنکھیں موند کر بیٹھ گیا!!

حور جو کب سے اسکی گاڑی کے ہارن کو اگنور کر رہی تھی۔ موبائل کی بیپ پر میسج پڑھتے ہی حواس باختہ ہونے لگی۔

حاجرہ بیگم ہارن کی آواز سنتے ہی حور کو نا نکلتے دیکھ اسکے کمرے کی طرف بڑھی۔ میرا بچہ شہریار آگیا ہے جاؤ شاباش اور یہ رنجشیں مٹا کر اپنا رشتہ مضبوط کرنے کی

کوشش کرو شاباش۔۔حاجرہ بیگم اسے ہدایات دیتے ہوئے الماری سے اس کا عبایا نکال کر حور کو دیتی ہے اور اس کا ماتھا چومتے ہوئے جانے کا بولتی ہے!!!

شہریار آفندی۔۔جو آنکھیں موندیں اسکا انتظار کر رہا تھا سامنے اس پری پیکر کو کالے عبائے میں ملبوس اپنی طرف بڑھتے دیکھ جھوم اٹھا۔۔حور"اپنے چہرے کو ڈھانپے گاڑی کی طرف بڑھ رہی تھی۔۔اسکا ہر اک قدم اسے اپنے دل پر پڑتا محسوس ہو رہا تھا۔۔شہریار آفندی۔۔خود اس وقت بلیو جینز کے ساتھ گرے شرٹ میں ملبوس-بلاشعبہ ہر لڑکی کا خواب ہو سکتا ہے۔۔شہریار آفندی ٹرانس کی کیفیت سے نکل جلدی سے باہر کی طرف بڑھتے ہوئے حور کیلئے پیسنجر سیٹ کا دروازہ کھول گیا!!!!

حور جو اسکی پچھلی حرکتوں کی وجہ سے سوچ رہی تھی آگے نہیں بیٹھے گی۔۔شہریار آفندی۔۔کے اس عمل سے قدم خود بخود رکے!!

میں پ۔۔۔ی۔ پیچھے۔ب۔ بیٹھ جاتی ہوں۔۔ حور نے منمناتے ہوئے شہریار آفندی۔۔کے گوش گزار کیا۔ کیوں آگے کیا مسئلہ ہے۔ شہریار آفندی۔۔نے ذرا سخت لہجے سے پوچھا!!

حور۔۔اسکے لہجے میں سختی محسوس کر کے جلدی سے فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گئی جس سے شہریار مسکراتے ہوئے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی۔ سارے راستے شہریار نے حور کو مزید مخاطب نہیں کیا کیونکہ اس عمل سے وہ کنفیوز ہو سکتی تھی۔ جس سے وہ شاپنگ بھی نہ کر پاتی اور یہ وہ نہیں چاہتا تھا۔ اور حور کے دماغ میں مسلسل حاجرہ بیگم۔۔کی نصیحتیں گھوم رہی تھیں۔ دل اور دماغ میں ایک عجیب سی جنگ چھڑی ہوئی تھی!!!

مال پہنچتے ہی شہریار اسے اپنے بازوں کے حالے میں لے کر مال میں داخل ہوئے لفٹ سے اس پورشن کی طرف رخ تھا۔۔جو اس نے آج صرف اپنے اور حور کے لیے بک کروایا تھا۔ تاکہ وہ دونوں اچھے سے کمفرٹیبل ہو کر شاپنگ کر سکیں

۔۔مال سے گزرتے ہوئے بہت سے لوگ انہیں رشک اور حسد بھری نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ لیکن شہریار آفندی۔۔سب کو اگنور کیے آگے بڑھ رہا تھا!!

بہت سی لڑکیوں کی گہری نظریں اٹھتی شہریار آفندی۔۔کی طرف حور نے بھی شہریار آفندی۔۔کے ساتھ محسوس کی تھی۔بے شک وہ وجاہت سے بھرپور مرد سب کی نظروں کا مرکز بنا ہوا تھا۔شہریار اور حور برائیڈل. لہنگوں کی طرف بڑھتے ہیں۔ سیلز مین کو صرف ادھر ان کی مدد کیلئے کھڑا کیا تھا۔باقی وہاں کوئی موجود نہیں تھا۔ سیلز مین نے حور کے آتے ہی لہنگے دیکھانے شروع کئے۔ سلیز مین کا حور کو مخاطب کرنا یہ منظر دیکھ شہریار آفندی۔۔انگاروں پر لوٹنے لگا ہمیں جو اچھا لگے ہم دیکھ لیں گے۔تم یہاں سے نکلو شہریار آفندی۔۔بغیر کسی لحاظ کیے حور کو اپنے حصار میں لے اسکے گال پر لب رکھتے۔ہوئے سخت لہجے میں سیلز مین کو وارن کر گیا!!!

شہریار آفندی۔۔ حور کو لیے صوفے پر بیٹھ گیا سیلز مین شرمندہ سا باہر کی طرف بڑھ گیا۔۔ اور حور شرم سے مارے نگاہیں جھکا کر مسلسل اپنی انگلیاں مروڑ رہی تھی۔

شہریار آفندی۔۔ اسکا یہ عمل بڑے غور سے دیکھ رہا تھا۔ بتائیں ہم اپنے ویڈنگ کیلئے کس کلر کے ڈریسز لیں کون سا کلر بیسٹ رہے گا۔۔

شہریار اسکی ٹھوڑی پر لب رکھتے ہوئے بہت نرمی سے پوچھ رہا تھا۔ جیسے ذرہ سی سختی سے وہ کانچ کی گڑیا ٹوٹ کر بکھر جائے گی۔۔ شہریار اسے لیتے بڑے مرر کے سامنے آیا اور اسے مختلف قسم کے لہنگے ساتھ لگا کر

پسند کرنے لگا۔ پھر اک لہنگا جو اسے بہت خوبصورت لگا شوخ سرخ رنگ کا لہنگا ڈیپ گلے آگے اور اور پیچھے سے پر اس کی خوبصورتی شہریار آفندی کے ساتھ ساتھ حور کو بھی متاثر کر گئی !!!

چینج کر کے آؤ۔ جاؤں اسکی طرف وہ لہنگا تھماتے ہوئے ٹرائل روم کی طرف دھکیل دیتا ہے۔اور خود بھی اس سے میچنگ شروانی لیئے ٹرائل روم میں گھس گیا.. شہریار آفندی۔۔چینج کر کے آکر اپنا جائزہ لے رہا تھا۔۔اور ساتھ حور کا بھی انتظار کر رہا تھا۔کلک کی آواز سے ڈور کھولا اور حور چھوٹے چھوٹے قدم لیتی اسکی طرف بڑھ رہی تھی۔اسکی روہانسی سی شکل دیکھ شہریار اندازہ لگا چکا تھا۔۔

کہ وہ بہت محنت سے چینج کر کے آئی ہے۔ لیکن۔ڈیپ گلے سے اسکے نشیب و فراز صاف واضع ہو رہے۔تھے۔۔شہریار کے گلے میں گلٹی بھر کر معدوم ہوئی شہریار تھوک نگلتے ہوئے اسے اپنی طرف بڑھتا نظریں جھکا ہوا دیکھ رہا تھا۔"یہ اسکا گلہ بہت ڈیب ہے اور اسکی دوری بھی بند نہیں ہو رہی مجھ سے "حور" روہانسے ہوئے شہریار کی طرف دیکھتے ہوئے منمنائی۔

شہریار آفندی کسی ٹرانس-سی کیفیت سے باہر نکلا۔وہ تو ابھی تک اس کے حسن میں کھویا ہوا تھا،اسکی گردن کی سائیڈ کا تل مسلسل اسے اپنی طرف اٹریکٹ کر رہا

تھا۔ کوئی بات نہیں فنگشن الگ ہی۔ ہونگے اور دوپٹہ اور چادر ہی ہو گی تب تو۔

شہریار اسکا رخ مرر

کی طرف کرتے ہوئے۔ اسکے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر خود کو اسے شیشے میں دیکھ کر جھوم رہا تھا۔۔ شہریار نے دل میں ماشاءاللہ بولتے ہوئے۔۔ حور کے گال پر لب رکھے۔۔

حور نے اس بار کوئی مزاحمت نہیں دیکھائی شاید حاجرہ بیگم کی باتیں اس پر اثر کر رہی تھی۔۔ شہریار اسکے کندے پر اپنی ٹھوڑی رکھے اسے اور خود کو نہار رہا تھا۔

بہت خوبصورت لگ رہی ہو. بالکل میری- شہریار جذبات سے چور لہجے میں بولتا۔ وہ اسکی گردن میں چہرہ چھپائے کسی اور ہی دنیا میں پہنچ گیا تھا!!!

میں چینج کر لوں۔ حور ہلکا سا کسمسا کر دور ہونے کی کوشش کرتی ہے۔۔۔

۔ہاں کرلو شہر یار اسکے گردن کے تل پر لب رکھنے کے بعد دانت گاڑھ گیا جو بار بار اسے اپنی طرف راغب کر رہا تھا۔۔ باقی تعریف میں اپنے عمل سے تمہیں کر کے دیکھاؤ گا اس دن جس دن تم پوری کی پوری میرے لئے سجے سنوارنے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے میری پناہوں میں آجاؤ گی۔ شہر یار اک ادا سے بولتا ہوا آگے کے بارے میں بہت کچھ باور کروا گیا!!!

❤❤❤❤❤❤❤❤

نیند کی ٹہنی پر

سارے خواب کہاں پھلتے ہیں

اکثر خواب تو

کچی نیند کی ٹہنی پر ہی مر جاتے ہیں

باقی ماندہ

تعبیروں کی پھانسی گھاٹ اتر جاتے ہیں

تھوڑے سے جو بچ جاتے ہیں

دنیا کی ناشکری آنکھ میں

تازہ جگنو بھر جاتے ہیں

لیکن دنیا

پیتل پر سونے کا رنگ چڑھاتی دنیا

خوابوں سے گھبرا جاتی ہے

جگنو بیچ کھا جاتی ہے!!

وہ کب سے اندھیرے کمرے میں لیٹا خاموش آنسو بہائی جا رہا تھا آنسو مسلسل اس کی آنکھوں سے نکلتے اس کی داڑھی کو بھگو رہے تھے!! لیکن وہ کسی گہری سوچ میں اس قدر گم تھا کہ اپنی آنکھوں سے نکلتے آنسوں کو بھی محسوس نہ کر سکا نہ جانے وہ کتنی دیر تک گھپ اندھیرے میں پڑا رہتا۔۔ جب ہاجرہ بیگم اس کا کمرہ کھٹکھٹاتے ہوئے اس کے قریب آتی ہے!!!

تابی۔۔کیاہوا تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھتے ہوئے پریشانی سے پوچھنے لگی۔۔جیسے ہی وہ تابش کی پیشانی پر اپنا ہاتھ رکھتی ہے۔۔تو اس کا ہاتھ یوں جل اٹھا جیسے اس نے گرم بھٹی میں ہاتھ ڈال دیا ہو۔۔وہ پریشانی سے اس کے پاس ہی بیٹھ جاتی ہے!!!

کیاہوا؟؟میرے بچے ابھی صبح تو تم بھلے چنگے تھے۔۔اب کیا ہو گیا میرے بچے کو روکو میں ٹھنڈے پانی کی پٹیاں کرتی ہوں۔۔اپنے بچے کو۔۔ہاجرہ بیگم لیمپ ان کرتے ہوئے اٹھنے لگی!!

جب تابش اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کو اپنے پاس بٹھالیتا ہے۔نہیں اماں مجھے ٹھنڈے پانی کی پٹیوں کی ضرورت نہیں مجھے ابھی آپ کی ضرورت ہے۔۔اور اس کے گود میں سر رکھے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا!!تابش کو یوں روتا دیکھ حاجرہ بیگم تو بکھلا ہی گئی۔۔اور اس کے ماتھے کے بالوں کو پیار سے سہلانے لگی!!

کیاہوامیرا بچہ۔۔چپ کر جاایسے کیوں رو رہاہے میرا دل بیٹھا جارہاہے۔۔

کیوں؟؟؟؟

ماں۔۔کیوں؟؟؟میرے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوا ہے؛میں مانتاہوں میں بہت برا انسان تھا بہت برے کام کرتا تھا میں آپ کی نافرمان اولاد تھی "لیکن ماں میں سچ میں بدل گیاہوں۔۔میں نے حور کو بچپن سے چاہ ہے شاید تب سے جب میں محبت کے میم سے بھی واقف نہیں تھا۔۔وہ مجھے شروع سے بہت اچھی لگتی تھی "لیکن کب وہ میرے دل میں گھر کر گئی۔مجھے نہیں پتہ چلا "ماں "اس کے بغیر میں مر جاؤں گا!!

کیوں۔۔۔۔۔۔کیا۔۔۔۔۔۔کیوں اس نے میری محبت کا مذاق بنایا۔۔۔ماں"
میں اس سے کبھی بھی معاف نہیں کروں گا.. کبھی نہیں۔۔۔۔وہ جوان مرد اپنی
ماں کی گود میں سر رکھے اپنا غم ہلکا کرتے ہوئے رو رہا تھا!!!

جب ایک مرد روتا ہے، تو وہ خاموشی میں چھپے دکھ اور بوجھ کو زبان دیتا ہے۔یہ
کمزوری نہیں، بلکہ ایک ایسی طاقت ہے جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ اس کا دل بھی درد
محسوس کرتا ہے۔مرد کے آنسو ان کہی کہانیوں کے گواہ ہوتے ہیں—— محبت
کے، جدوجہد کے، قربانیوں کے اور ٹوٹے خوابوں کے۔اس کی خاموشی میں چھپا
طوفان جب آنسوؤں کی صورت بہتا ہے، تو
یہ اس کی روح کی چیخ ہوتی ہے جو لفظوں سے زیادہ گہری ہوتی ہے۔۔۔

میں نے کہیں سُنا تھا کہ مرد جب روتا ہے تو وہ مگرمچھ کے آنسو ہوتے ہیں لیکن
مجھے لگتا ہے کہ مرد جب روتا ہے تو وہ کَرب کی انتہا پہ ہوتا ہے, کچھ تو اُس نے
ضرور ایسا کھویا ہو گا جو اُس نے کبھی بہت سنبھال کے رکھا ہو گا, کوئی تو خواب ہو گا

جواُسکی آنکھ سے ٹوٹ کے بِکھرا ہو گا, کوئی تو ایسا دُکھ ہو گا جو دل کو کِرچی کِرچی کر کے رُوح تک کو لہولہان کر گیا ہو گا۔

کون کہتا ہے مرد کو درد نہیں ہوتا؟

مرد مجبور نہیں ہوتا؟

قصور عورت کا نہیں ہوتا؟

کبھی کبھی مرد کی تباہی میں عورت کا ہی ہاتھ ہوتا ہے۔

مرد بھی انسان ہوتا ہے فرشتہ نہیں!

کبھی دُکھ سے تڑپتے مرد کی سُرخ انگاروں سی دہکتی آنکھوں میں ضرور جھانکنا اور دیکھنا مرد دُکھ میں کتنا تنہا ہوتا ہے۔

روتو ہاجرہ بیگم بھی رہی تھی بے شک وہ جیسا بھی تھا لیکن اس کا اکلوتا بیٹا تھا۔۔ اسے جان سے عزیز تھا۔۔ حور نے تابش کے ساتھ جو بھی کیا تھا۔۔۔ حاجرہ بیگم کو بھی بہت برا لگا تھا۔۔ لیکن وہ سمجھ سکتی تھی حور کا طریقہ غلط تھا اگر نیت

نہیں۔۔۔بے شک اس نے سب کچھ تابش کو سدھارنے کی خاطر کیا تھا
۔۔۔لیکن وہ نہیں جانتی تھی تابش کی پوری زندگی داؤ پر لگا گئی!!!

بس کر جامیر ابچہ اللہ کو یہی منظور تھا۔۔حور تیری قسمت میں نہیں تھی۔۔اور جوڑے تو آسمانوں پر بنتے ہیں۔۔۔تمہارا "حور کے ساتھ جوڑ ہی نہیں تھا۔۔اللہ کی رضا سمجھ کر سب کچھ بھول جاؤ۔۔ صبح سے پریشانی والا ماحول بنا ہوا ہے سب اپنی اپنی جگہ پر چور بنے سے بیٹھے ہیں۔۔چاہے غلطی کسی بھی نہیں ہے!!

وہ دل کو مضبوط بنائے اپنے بیٹے کو حوصلہ دے رہی تھی۔۔وہ جانتی تھی وہ جوان خون ہے غصے میں کچھ اکر کچھ غلط نہ کر لے اپنے ساتھ۔۔تابش بے شک ایک مضبوط مرد تھا۔ لیکن محبت تو اچھے اچھے کو بھی چھوٹا سا بچہ بنا دیتی ہے۔۔اور پھر جب ماں کی گود میسر ہو تو۔۔جوان مرد بھی چھوٹا سا بچہ بن جاتا ہے۔۔وہ اپنے آنسو اپنے ہاتھ کی پشت سے صاف کرتے ہوئے سیدھے ہوئے لیٹ گیا!!!

میں ٹھیک ہوں ماں آپ پریشان نہیں ہوں آپ تیاریاں کریں حور کی شادی کی۔۔آپ صحیح کہہ رہی ہیں میری قسمت میں نہیں حور۔۔۔اگر میری محبت میں تھوڑا سا بھی اثر ہوتا تو وہ مجھے مل جاتی۔۔وہ اپنی آنکھیں بند کیے بولتا جا رہا تھا۔۔۔اور دروازے کے باہر کھڑی حور۔۔۔اپنی ہچکیوں کا گلا گھونٹ کر اندر اپنے کمرے کی اور بھاگ جاتی ہے!!!

ان سب میں "حور" کو اپنا آپ مجرم سے لگ رہا تھا۔۔وہ آتے ہی اپنے کمرے میں بیڈ پر اوندھے منہ لیٹ گئی۔۔اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔۔۔کافی دیر رونے کے بعد وہ واش روم سے وضو بنا کر آتی ہے اور اللہ کے حضور سجدہ کرنے لگی۔!!!

بے شک ہر دکھ درد تکلیف کا حل صرف سجدہ ہی ہے۔۔۔چار رکعت نفل ادا کرنے کے بعد وہ ہاتھ اٹھا کر دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتی ہے۔۔۔اور بولتی ہے؟؟

اے میرے اللہ۔۔۔تو تو میرے دل کا حال۔۔۔میری نیت سے واقف ہے میرا کوئی ارادہ نہیں تھا کہ تابش کو میں اس قدر درد دوں۔۔۔میں اپنی نادانی میں اس کو بہت بڑا درد دے چکی ہوں اے میرے مولا تو ں رحیم کریم ہے ۔۔۔تابش کو صبر دے۔۔۔بے شک تو ں سب کے دلوں میں محبت ڈالنے والا ہے۔۔۔اے میرے پروردگار اس کے دل میں جس طرح تو نے میرے لیے نرم گوشہ پیدا کیا۔۔۔بس اس کو اتنا صبر دے کہ مجھے بھول جائے!!!

اب میں کسی اور کی امانت ہوں میں اپنے آپ کو اپنے محرم کے لیے بچا کر رکھنا چاہتی ہوں۔۔میرے اللہ اور تابش کی زندگی میں کوئی ایسی لڑکی دے جو میرا نادانی میں دیا گیا ہوا گاؤ بھر سکے۔۔۔۔۔امین

کافی دیر وہ اللہ سے ناز و راز و نیاز کرتی رہی اور پھر اٹھ کر جائے نماز طے کرتی ہے اور باہر کھانا بنانے کی وجہ سے کچن میں جاتی ہے۔۔جب وہ کچن میں جاتی

ہے۔۔اس سے پہلے ہی ہاجرہ بیگم کچن میں کھڑی تابش کے لیے سوپ بنا رہی تھی آج وہ ہاجرہ بیگم سے بھی نظریں چراتی پھر رہی تھی۔۔۔

ہاجرہ بیگم نے ایک نظر حور کو دیکھا اور دوبارہ کام پر لگ گئی۔۔ہاجرہ بیگم کا یوں اگنور کرنا حور کو بہت برا لگا۔۔۔پر وہ اپنے آنسو اپنی آنکھوں کے کنارے آنے سے پہلے ہی پیچھے دھکیل گئی۔۔۔وہ جانتی تھی یہ وقت اس کے لیے مشکل ہے سب کے لیے ہی مشکل تھا لیکن اسے اللہ پر پورا یقین تھا کہ اللہ تعالی کوئی نہ کوئی راستہ ضرور نکالے گا؟؟؟اور جب اللہ پر یقین ہو تو ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ اللہ اپنے بندے کو مایوس کر دے۔۔۔

♥♥♥♥♥

)فلش بیک(

تابش بہت دنوں کے بعد آج گھر آیا تھا۔۔وہ اپنے ساتھ سب کے لیے گفٹ اور ڈھیروں شاپنگ کر کے لایا تھا۔۔ مسکراہٹ تھی کہ اس کے ہونٹوں نٹوں سے جدا ہی نہیں ہو رہی تھی یہ جانے بنا کے یہ مسکراہٹ محض چند پل کی ہے۔۔۔۔

اجمل صاحب جمعہ کی نماز پڑھ کر گھر کی طرف آ رہے تھے جب اس کے گھر کے سامنے ایک کالی بڑی سی گاڑی آ کر رو کتی ہے۔۔۔وہ تعجب کے مارے گاڑی کو دیکھتے آگے آ رہے تھے۔۔اتنے میں گاڑی کا دروازہ کھولا۔۔اور اس میں سے سوٹ بوٹ پہنے ایک نوجوان باہر نکلتا ہے۔۔۔پہلے تو اجمل صاحب اس کو پہچان ہی نہ سکے "لیکن جب اس کی نظر اس کے چہرے پر جاتی ہے تو وہ تو تابش تھا جو بالکل ہی کوئی شہزادہ لگ رہا تھا!!!

بلیک جینز پر بلیک ہی شرٹ پہنے۔اوپر بلیک ہی چشمہ لگائے بالوں کو اچھے سے جیل سے سیٹ کیے۔۔پاؤں میں بلیک شوز پہلے۔۔۔وہ بالکل ہی کوئی فلم کا ہیرو لگ رہا تھا!!!

تابش۔۔۔اجمل صاحب۔۔اگے بڑھ کر تابش کو گلے لگاتے ہیں۔۔اور ساتھ اس کی پیٹھ پر تھپکی پھیرتے ہوئے کہنے لگے ؟؟؟؟تابی۔۔۔یہ کیا یہ سب کچھ تمہار اتناسوٹ بوٹ پہننے۔۔۔واہ یار لگتا ہے لاٹری لگ گئی ہے۔۔میرے پتر کی ؟؟

تابش بھی مسکراتے ہوئے اپنے باپ کے گلے لگتا ہے۔۔اور پھر بولا ؟؟

ایسے ہی سمجھ لے بابا۔۔۔سب آپ لوگوں کی دعاؤں کا نتیجہ ہے اب وہ تابش پہلے والا تابش نکمہ نہیں ہے اب اپ کا بیٹا آفسر بن گیا ہے۔۔۔اور یہ دیکھیں بابا ۔۔یہ گاڑی بھی ملی ہے۔۔مجھے !!

چلو اللہ۔۔میرے پتر کو اور ترقیاں دے۔۔امین اجمل صاحب اس کو دعا دیتے ہوئے۔۔دروازے کی دہلیز پار کر گئے !!!

جبکہ تابش پیچھے سے گھر والوں کے لیے کی گئی شاپنگ کے بیگ اٹھائے مسکراتے ہوئے اجمل صاحب کے پیچھے پیچھے ہی چل پڑا!!!

ہاجرہ بیگم جو ابھی ابھی جمعہ کی نماز ادا کر کے باہر صحن میں بیٹھی دوپ سینک رہی تھی۔۔اور حور اندر سب کے لیے کھانا بنا رہی تھی۔۔جب تابش مسکراتے ہوئے اپنی ماں کے پاس آتا ہے!!!

اسلام و علیکم اماں!!

حاجرہ بیگم تو تابش کو اتنے دنوں کے بعد اپنے سامنے دیکھ کر کھل اٹھی۔۔۔

میں ٹھیک ہوں میرے بچہ اگے ماں کی یاد؟؟ حاجرہ بیگم مصنوئی غصے سے بولی۔۔۔

ارے ماں آپ مجھے بھولی ہی کب وہ جو مجھے یاد آگئی؟؟بس کچھ ضروری کام تھا"
جس کی وجہ سے اتنے دن آنہ سکاءاچھا چھوڑ وان باتوں کو میں آپ لوگوں کو
خوشخبری سناتا ہوں؟؟

یہ کیا ہے تابی؟؟اتنے سارے بیگ کس لیے آئیں ہیں۔۔

ماں...مجھے پہلی سلیری ملی تھی۔۔تو میں نے سوچا گھر والوں کے لیے سب کے
لیے شاپنگ کر لو۔۔تابش پاس پڑھے رنگ برنگے شاپنگ بیگ کو دیکھ کر
بولا!!!!

اچھا اچھا!!ماشاءاللہ حاجرہ بیگم۔۔ مسکراتے ہوئے جواب دیتی ہے۔۔تابش
ایک ایک کر کے شاپنگ بیگ لا کر ماں کے سامنے کھولنے لگا۔۔۔اور ساتھ یہاں
وہاں دیکھ رہا تھا جیسے کسی کی شدت سے تلاش ہو۔۔۔

امی حور کدھر ہے۔وہ نظر نہی آرہی آخر دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اس نے حور کے بارے پوچھ یہ لیا؛؛

حور کچن میں کھانا بنا رہی ہے۔۔حاجرہ بیگم سامنے رکھے سفید کلر کے سوٹ کو دیکھ کر جواب دیتی ہے...

تابش۔۔ایک ایک بیگ کھولتا جا رہا تھا جس میں قیمتی لباس اور ضرورت کی ہر چیز موجود تھی۔۔ہاجرہ بیگم تو چیزوں کو دیکھ دیکھ حیرت زردہ ہو رہی تھی۔۔اتنی قیمتی چیزیں اتنی خوبصورت؟؟

اس میں حور اور ہاجرہ بیگم کے طرح طرح کے کپڑے تھے کیا ضرورت تھی اتنا کچھ لانے کی۔۔وہ تابش کے سر کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہنے لگی۔۔

ارے اماں۔۔میری پہلی کمائی ہے آپ سب کا اس پے پورا پورا حق ہے۔۔

حو۔۔۔رررررررر کدھر ہیں آپ ماں کو جواب دے کر وہ حور کو آوازیں دینے لگا۔۔۔ حور جو کچن میں کھانا بنا رہی تھی تابش کی بات سن کر ایک دم سے اس کا دل تھم سا گیا۔۔۔جو وہ سوچ رہی تھی وہ اخر وہ دن آ ہی گیا۔۔تابش پر کو سچ پتہ چل جائیگا آج نا جانے وہ کون سا طوفان کھڑا کرتا سب سن کر۔۔۔

حور کے چہرے پر ایک رنگ آ رہا تھا۔۔ایک جا رہا تھا۔۔اور اس کی پیشانی پر پسینے کی بوندیں آنے لگی۔۔

وہ اپنے دوپٹے سے پسینہ صاف کرتے ہوئے۔۔آخری روٹی توے سے اتار کر چولہا بند کرتی ہے۔۔ سینک پر ہاتھ دھو کر کچن سے نکلتی ہے۔۔۔

السلام علیکم تابش بھائی۔۔وہ اپنا دوپٹہ درست کرتے ہیں تابش کو سلام کرتی ہے اب تک وہ خود پر کافی حد تک کنڑول کر چکی تھی۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔تابش اپنی پیاسی نظروں کو سیراب کرتے ہوئے حور کو سلام کا جواب دیتا ہے۔۔ حور دیکھو میں ضرورت کی سب چیزیں لے کر آیا ہوں۔۔ لیکن اگر پھر بھی کم ہو تو مجھے بتا دینا۔۔۔

تابش بھائی۔۔ کیا ضرورت تھی میرے پاس پہلے ہی بہت کچھ ہے۔۔ حور نظریں جھکا کر بولتی ہے!!

تو کیا ہوا تمہارے پاس سب کچھ ہے۔۔ تو یہ میں اتنی محبت سے تمہارے لیے لے کر آیا ہوں۔۔ اور کسی کے پیار محبت اور خلوص کو یوں نہیں انکار نہیں کرنا چاہیے۔۔ تابش حور کو اپنی نظروں کے حصار میں رکھ کر بولا۔۔۔

رکھ لو حور پہلی بار میرا بیٹا کوئی چیز لے کر آیا ہے۔۔ اتنے پیار محبت سے دے رہا ہے۔۔۔ حاجرہ بیگم حور کو کہتی ہے۔۔۔

جی تائی امی۔۔ حور سے مزید وہاں کھڑے رہنا مشکل ہو رہا تھا۔۔ وہ جلدی سے شاپر اٹھائے۔۔ اپنے کمرے کی جانب بڑھ بھاگ گئی۔۔ پیچھے دانش کی نظروں نے دور تک حور کا پیچھا کیا تھا!!

اماں۔۔ ابا۔۔ مجھے آپ لوگوں سے ضروری بات کرنی ہے۔۔ وہ دونوں کی طرف دیکھو سنجیدہ ہوتے ہوئے بولا؟؟

تابش کو خوش دیکھ کر حاجرہ بیگم۔۔ کے دل سے اپنے بیٹے کو سدا خوش رہنے کی دعائیں نکل رہی تھیں۔۔ لیکن ہر دعا کے قبولیت کا وقت بھی نہیں ہوتا۔۔۔ کچھ دعائیں قبول ہونے میں ٹائم لگتا ہے۔۔

اماں۔۔ میں حور سے محبت کرنے لگا ہوں۔ آج میں حور کے لیے آپ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہوں۔۔ مجھے میری حور دے دیں۔۔ وہ افتخار اجمل اور حاجرہ بیگم دونوں کے ہاتھ پکڑے ان کے پاؤں میں بیٹھ گیا۔۔۔

حاجرہ بیگم اور اجمل صاحب نہ سمجھی سے ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں۔۔جو وہ سوچ رہے تھے کاش وہ سچ نہ ہو لیکن ضروری نہیں ہے۔جیسا آپ سوچ رکھا ہو سب ویسا ہی ہو۔۔

کیا مطلب اس بات کا تابی۔۔۔حاجرہ بیگم اپنے دل میں ابھرتے وسوسے کو دبا کر پوچھتی ہے۔۔۔اماں میں حور کو بہت پسند کرتا ہوں۔۔میں وعدہ کرتا ہوں میں اسے بہت خوش رکھوں گا۔آپ لوگ حور کو میری قسمت میں لکھ دے۔۔میں ہمیشہ سے ہی آپ سے بولتا تھا۔۔مجھے حور سے شادی کرنی ہے۔۔اماں اب تو میں کمانے بھی لگ گیا ہوں۔۔اچھی خاصی نوکری ہے میری!! میں حور کو کوئی تکلیف نہیں دوں گا۔۔بس آپ لوگوں ہاں کر دے۔۔وہ حور کو پانے کے لیے اپنے ماں باپ کے قدموں میں بیٹھے بھیک مانگ رہا تھا۔۔۔

اور جب مرد واقعی میں محبت کرتا ہے تو بے مثال کرتا ہے!!!

حاجرہ بیگم کو تو سمجھ نہیں آ رہی تھی۔۔ وہ اپنے بیٹے کا دل کیسے توڑے جو حقیقت وہ تابش کو بتانے والی تھی۔۔ شاید تابش کی سہن نہ کر پاتا۔۔ لیکن اجمل صاحب اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے اسے حوصلہ دیتے ہیں۔۔۔ اور تابش کو بولتے ہیں تابش تم جو سوچ لو ایسا نہیں ہو سکتا۔ اور نظریں چرا گئے۔۔

کیوں نہیں ہو سکتا۔۔ بابا کیا کمی ہے مجھ میں اور ویسے بھی آپ لوگوں نے حود کو بچپن سے پالا ہے۔۔ وہ تو آپ لوگوں کی بیٹی کی طرح ہے نا تو اس کو گھر کو ہی رکھ لیں۔۔

وہ تمہاری بات ٹھیک ہے تابش بیٹا۔۔ لیکن حور کا نکاح ہو چکا ہے۔۔ حاجرہ بیگم نے گویا تابش پر بم پھوڑا۔۔۔

کی۔۔۔یاوہ ایک دم سے چلا کر اٹھا۔۔۔کیا مطلب ہے۔۔حور کا نکاح ہو گیا۔۔ ایسے کیسے ہو سکتا ہے کون ہے جس سے نکاح ہوا۔۔اور آپ لوگوں نے مجھے بتانا ضروری نہیں سمجھا۔۔۔وہ ایک دم سے چلانے لگا!!

بیٹھ جاؤ آرام سے بات کرتے ہیں۔۔ نہیں اماں ایسے کیسے ہو سکتا ہے۔۔اماں توں تو جانتی تھی نا میں حور کو پسند کرتا ہوں۔۔پھر کیسے ہونے دیا یہ نکاح,؟؟؟ لیکن ہاجرہ بیگم کے بعد ان باتوں کا کوئی جواب نہیں تھا کون ہے جس سے حور کا نکاح ہوا ہے۔۔آپ لوگ مزاق کر رہے ہیں میرے ساتھ ہاں نہ۔۔۔میں خود ہی حور سے جا کے پوچھ لوں گا۔۔وہ غصے سے بڑے شاپنگ بیگ کو ٹھوکر مارتا ہے وہ حور کے کمرے کی جانب بڑھ جاتا ہے۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

♥♥♥♥♥♥

ماہا۔۔۔ماہاڈارلنگ کدھر ہیں آپ؟؟

صارم آفس سے تھکا گھر آتے ہی ماہا۔۔کو اپنے سامنے نا پا کر ڈرائنگ روم میں کھڑے ہی اپنی ٹائی ڈیلی کرتے ہوئے زور زور سے ماہا آوازیں دینے لگا!!

صاحب.جی۔ماہابی بی تو ہاسپٹل گئی ہے۔۔مالازمہ نے بتایا!!

کیا۔۔کس کے ساتھ ہاسپٹل گئی ماہا۔۔مجھے بتایا بھی نہیں۔

صاحب.جی۔۔ماہابی بی تو آپ کو فون کرتی رہی۔۔لیکن آپ کا فون لگا نہیں۔۔ان کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی وہ ڈرائیور کے ساتھ ساتھ ہاسپٹل چلی گئی تھی

اچھا ٹھیک۔۔جاؤ تم پانی لے کر آؤ میرے لیے "اچھا صاحب جی" وہ وہیں صوفے پر اپنا سر ہاتھوں میں گرائے بیٹھ گیا؟؟

اسے یاد تھا آج اس کی بہت ضروری میٹنگ تھی جس کی وجہ سے اسے اپنا سیل فون سوچ اف کرنا پڑا۔۔ندامت اس کے چہرے پر واضح نظر آرہی تھی۔۔ماہا کی پرگنسیی کا آخری مراحل تھے۔۔صارم اچھے سے جانتا تھا۔۔ماہا کو کیئر کی بہت زیادہ ضرورت تھی۔۔

صارم زیادہ سے زیادہ کوشش کرتا تھا۔اس کو ٹائم دینے کی لیکن " کبھی کبھار ایسا ہو جاتا ہے ! ! کہ انسان چاہا کر بھی وقت پر نہیں پہنچ سکتا۔۔

صارم کو ماہا کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ بزنس بھی سنبھالنا پڑتا تھا۔۔جس وجہ سے وہ ان دونوں گھر اور بزنس کو ایک ساتھ ٹائم نہیں دے پا رہا تھا۔۔

ملازمہ پانی رکھ کر ٹیبل پر جا چکی تھی۔۔وہ گلاس اٹھا کر پانی پینے کے بعد الٹے پاؤں دوبارہ گاڑی نکالتا ہے۔۔اور اب اس کا رخ ہوسپٹل کی جانب تھا!!

اس نے راستے میں کافی دفعہ ماہا کو فون کیا لیکن بیل تو جا رہی تھی وہ اس کا فون پک نہیں کر رہی تھی۔

اللہ کرے ماہا جانی تم ٹھیک ہو۔۔وہ خیالوں میں ماہا کو یاد کرتے ہوئے تیز رش ڈرائیو کرتے ہوئے ہاسپٹل پہنچا تھا۔۔

ہاسپٹل کے گیٹ کے سامنے گاڑی کھڑی کرتے وہ تیزی سے گاڑی سے باہر نکلتے اپنے قدم بڑھاتا اندر بڑھانے لگا کے۔سامنے ہی اسے تھکی تھکی سی ایک ہاتھ میں فائل پکڑے اور دوسرے ہاتھ سے اپنا پسینہ صاف کرتے ہوئے سیڑھیوں سے نیچے اترتی نظر آئی وہ جلدی سے بھاگ کر جاتا ہے۔۔۔

ایم سوری "میری جان" میں لیٹ ہو گیا.. معاف کر دے میری جان۔۔صارم ہو سپیٹل کی سیڑھیوں پر ہی ماہا کو اپنے حصار میں لیتے ہوئے بیتابی سے بولا۔۔اور اپنی جیب سے رومال نکال کر ماہا کا پسینہ صاف کرنے لگا!!

بہت برے ہیں آپ بہت برے۔۔میں نے کتنی کالز کی۔۔پر آپ نے میری ایک بار بھی کال ریسیو کی بلکہ آپ کا فون نہیں لگا۔۔وہ صارم کو سامنے دیکھ کر سوں سوں کرتے اس کی شکایت اسی سے کرنے لگی۔۔۔

سوری میری جان رات میں نے بتایا تھا نا۔۔میری ایک بہت ضروری میٹنگ ہے "اور "میٹنگ کے دوران میں فون کال اٹینڈ نہیں کر سکتا تھا۔۔تو میں نے سوچ اف کر دیا۔۔سوری میری جان دوبارہ ایسا کبھی نہیں ہو گا۔۔ماہا نم آنکھوں سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے اس کے گلے لگ گئی۔۔۔

ماہا۔۔ بھی یہ بات اچھی سی جانتی تھی۔ صارم اس کے لیے کس قدر پریشان رہتا ہے۔۔ خود کو تو اس کو آرام کرنے کا ٹائم ہی نہیں ملتا تھا۔۔ آفس سے گھر اور گھر آتے ہی ماہا کی تابعیداری شروع ہو جاتی تھی۔۔

اچھا اب مجھے گول گپے کھانے ہیں وہ منہ پھلائے صارم کے حصار سے نکلتی بولی۔۔ میری جان نے گول گپے کھانے ہیں گول گپے کیا چیز ہے۔۔ میں تو پوری دنیا اپنی جان کے قدموں میں لا کے رکھ سکتا ہوں۔۔ ماہا کے پھولے پھولے گالوں کو پیار سے چھوتے ہوئے بولا۔۔

اور ماہا۔۔ بھی مسکرانے لگی بے شک اچھا ہمسفر ساتھ ہو تو زندگی جنت سے کم نہیں ہوتی۔۔

جانتے ہو وہ سب سے بڑی وجہ جو عورت کو اپنے شوہر سے بے پناہ محبت کرنے پر مجبور کر دیتی ہے؟

وہ کیا چیز ہے جو اُسے اپنے شوہر کو اپنی آنکھوں کا تارا بنانے پر آمادہ کرتی ہے، جو اُسے یہ احساس دلاتی ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے شوہر کو آرام پہنچانے کی خواہش رکھے اور کبھی بھی اس کے لیے تکلیف یا پریشانی کا باعث نہ بنے؟

جب ایک مرد اپنی بیوی کے ساتھ شفقت اور محبت کا برتاؤ کرتا ہے، اس کی عزت اور قدر کرتا ہے، کبھی جان بوجھ کر اسے تکلیف نہیں دیتا، نہ ہی اس کی کمزوری کا فائدہ اٹھاتا ہے،

تو یہی عورت پھر اس کے لیے سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہو جاتی ہے، حتیٰ کہ اپنی جان تک دینے کو بھی!

کیونکہ کسی عورت کے دل پر سب سے زیادہ اثر ڈالنے والی چیز یہ نہیں کہ تم کتنے امیر یا خوبصورت ہو، بلکہ یہ کہ تم نے اس کا، اس کے جذبات کا، اور اس کے خاندان کا کتنا احترام کیا!

زندگی کے تجربات تمہیں سکھائیں گے کہ ایک اچھے شریکِ حیات میں سب سے قیمتی صفت کیا ہوتی ہے؟

ایک ایسا انسان جو ہر اُس پوائنٹ پر آپ کے ساتھ کھڑا ہو جہاں ساری دنیا آپ کے خلاف ہو اور آپکو گرانا چاہتی ہو

ایک ایسا انسان جس کے صرف ایک مشورے نے آپ کی زندگی بدل کر رکھ دی ہو

ایک ایسا انسان جس کی ڈکشنری میں نہ نہیں جیسے کوئی الفاظ نہ ہوں

ایک انسان کہ جس کے جیسا آپ نے کوئی انسان نہ دیکھا۔۔

♥♥♥♥♥

حور، اتنے دنوں کے بعد گھر آئی تھی۔۔اور اتنے ہی وہ حاجدہ بیگم کے ساتھ ناشتہ بنانے لگ گئی تھی۔۔

ہاجرہ بیگم نے اسے کافی منع کیا تھا کہ تھک کر آئی ہو گی لیکن وہ نہیں مانی ویسے بھی اتنے دن وہ وہاں پر بور ہی ہوتی رہی تھی اب جا کر اسے کچھ سکون ملا تھا!!

بے شک انسان پوری دنیا گھوم پھر کر آ جائے لیکن سکون اس کو اپنے گھر میں ملتا ہے۔۔ جیسے حور کو" حور کو بھی ایسے لگ رہا تھا۔۔ جیسے وہ نہ جانے کتنے دنوں سے قید تھی اب اس کو آزادی میسر ہوئی ہے۔۔۔

وہ دونوں کچن میں ناشتہ بنا رہی تھی جب ہاجرہ بیگم حور کی طرف دیکھ کر پوچھتی ہے؟؟؟

حور کیسا رہا تمہارا سفر؟؟؟

اچھا تھا تائی امی وہ مختصر سا جواب دے کر دوبارہ کٹوری میں انڈے پھینٹنے لگی۔۔۔

حور۔یک بات پوچھوں؟؟حور کا سنجیدگی سے دیا گیا جواب۔۔ہاجرہ بیگم کو ہضم نہیں ہوا تھا تبھی بولی!!

جی تائی امی پوچھیں۔,

حور۔۔مجھے ایسا کیوں لگتا ہے کہ ہم نے تمہارے ساتھ زیادتی کر دی ہے ء!!

حور۔۔جو چمچ کے ساتھ انڈا پھینٹ رہی تھی ہاجرہ بیگم کی بات سن کر اس کے ہاتھ تھم گئے تھے۔۔اور وہ حیرت سے اپنی تائی کی جانب دیکھنے لگی!!

کیا مطلب تائی امی۔۔۔آپ کی اس بات کا۔۔

مجھے لگتا ہے کہ تم شہریار کے ساتھ خوش نہیں ہو جبکہ وہ بچہ تمہیں ہر طرح سے خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔۔اگر ایسی بات ہے تو تم نے ہم لوگوں کو پہلے ہی منع کر دینا تھا!!

ایسی کوئی بات نہیں ہے۔تائی امی حور ہاجرہ بیگم سے نظریں چراتے ہوئے دوبارہ نڈے کی جانب متوجہ ہو گئی!

حور میں نے دنیا دیکھی ہے میں تمہاری ماں ہوں تمہارے دل میں کیا چل رہا ہے میں سب اچھے سے جانتی ہوں۔۔ لیکن میری ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا جو گزر گیا سو گزر گیا،اس کو ہم نہیں بدل سکتے لیکن آنے والا کل ہے اس کو ہم اپنی مرضی سے بدل سکتے ہیں۔۔۔زندگی مسکراتی ہوئی تمہاری منتظر ہے، تم اپنی خوشیاں کیوں اپنے ہاتھوں سے برباد کرنے پر تلی ہوئی ہو!!

تابش کو میں نے اتنی مشکلوں سے سمجھایا ہے لیکن اب تمہیں میں کس طرح سمجھاؤں بڑے ہونے کے ناطے میں تمہیں یہی مشورہ دوں گی کہ اپنی زندگی میں آئی خوشیوں سے منہ مت موڑو گھر آئی خوشیوں سے منہ موڑ دیں تو انسان کے پاس پچھتاؤ کے سوا کچھ نہیں بچتا۔۔۔ جہاں تک شہریار کا سوال ہے تو میں اس بچے کو اچھے سے پہچان گئی ہوں۔۔

تم اس کی طرف ایک قدم بڑھاؤ گی تو وہ دس قدم تمہارے طرف بڑھائے گا یہ مرد ایسے ہی ہوتے ہیں اپنی پسندیدہ عورت پر جان مارنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔

مرد کو دو چیزیں بڑی پیاری ہوتی ہیں

ایک اس کی پسندیدہ عورت اور

دوسری انا۔۔۔

مرد کی انا بڑی ضروری ہوتی ہے اس کے لی ئے لیکن وہ اپنی پسندیدہ عورت کے لئے انا بھی قربان کر دیتا ہے۔

پسندیدہ عورت یہ محسوس نہیں کر پاتی اور وہ اسے ٹھوکر لگاتی جاتی ہے لگاتی جاتی ہے اور وہ محبت میں برداشت کرتا رہتا ہے کرتا رہتا ہے

جب اس کے برداشت کی حد آجاتی ہے زخم بہت گہرا ہو جاتا ہے تو مرد ساری محبت کو کاغذ میں لپیٹ کر اسے جلا دیتا ہے

یہ وقت مرد خود نہیں لاتا بلکہ اس پہ لایا جاتا ہے مسلسل اس کی ناقدری کر کے۔

اسے عورت سے جسم کی بھوک نہیں ہوتی بلکہ اسے بس عزت اور سکون چاہیے اگر وہ بھی نہ ملے تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا تمہارا دل میں اتنی گنجائش نہیں نکل سکتی کہ تم اپنی زندگی کو ایک موقع اور دو۔۔ حور حاجرہ بیگم کے سوالوں پر کوئی جواب نہ دے سکی۔۔۔اس کے دل میں کیا چل رہا ہے وہ خود بھی سمجھ نہیں پا رہی تھی!!

اور ہاں ایک بات تمہارے جانے کے بعد ماہا اور صارم بیٹا گھر آئے تھے۔۔وہ تم لوگوں کی شادی جلد سے جلد کرنا چاہتے ہیں ماہا کے بھی پریگنسی کے کچھ دن رہتے ہیں۔۔ جیسے ماہا فارغ ہوتی ہے وہ لوگ شادی کی ڈیٹ فکس کرنا چاہتے ہیں۔۔مجھے اور تمہارے تایا ابو کو تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔اب تمہاری مرضی تم کیا چاہتی ہو!!

جیسی آپ لوگوں صحیح لگتا ہے تائی امی میں نے پہلے کبھی آپ لوگوں کی کسی بات سے اختلاف کیا۔۔۔

یہی توسب سے بڑی تمہاری غلطی ہے۔۔حور کے تم کچھ بولتی نہیں۔۔تمہاری زندگی ہے تم اپنی مرضی سے گزارو ہم بڑے ہیں ہم تم بچوں کا کبھی بھی غلط نہیں سوچ سکتے۔۔لیکن ہم نہیں چاہتے کہ تم اپنی نادانیوں کی وجہ سے اپنی زندگی خود برباد کرلو۔۔میری ان باتوں پر سوچنا ضرور ایسا بول ہاجرہ بیگم کچن سے باہر نکل گئی۔۔۔پیچھے حور کو سوچوں کے بھنور میں چھوڑ کر۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

کچھ وصال آخر تک معتبر نہیں ہوتے
ساتھ چلنے والے بھی ہمسفر نہیں ہوتے

تو ہماری قربت سے کتنا ہی گریزاں ہو
ہم تیرے ٹھکانے سے بے خبر نہیں ہوتے

کچھ کہے بنا اکثر بولتی ہیں آنکھیں بھی
گفتگو کے سب لمحے حرف گر نہیں ہوتے

کتنا خوف ہوتا ہے شام کے اندھیرے میں
پوچھ ان پرندوں سے جن کے گھر نہیں ہوتے

عمر بھر نہیں ملتا واپسی کا دروازہ
آگہی کے زندان میں بام و در نہیں ہوتے

آج کا دن آفندی مینشن پر خوشیوں کو برسات کرنے والا تھا ماہا۔ جب صبح فجر میں نماز کے لیے اٹھی اس کی طبیعت تب ہی گری گری سے محسوس ہو رہی تھی، وہ اپنے آپ کو سنبھالتی ہوئی واش روم میں جاتی ہے، اور وضو کرنے کے بعد نماز پڑھنے کی نیت سے کھڑی ہو جاتی ہے "ابھی اس نے دو رکعت نماز ہی

پڑھی تھی کہ اس کا سر بری طرح سے گھومنے لگا" وہ اپنے آپ پر کنڑول نہ کر پائی اور وہیں فرش پر ہی گر پڑی!!

صارم جو کھٹکے کی آواز سے آنکھیں کھولتا ہے، تو ماہا کو نیچے گرتے دیکھ اس کی جان ہی نکل گئی تھی۔ وہ کمفرٹ پھینکتے ہوئے تیزی سے بیڈ سے چھلانگ لگا کر نیچے اترتا ہے، اور آکر ماں کو ماہا، کو اپنی گودی میں لٹا کر اس کے گال تھپتھپانے لگا۔

ماہاماہا، میری جان کیا ہوا" میری جان "آنکھیں کھولو لیکن ماہا ہوش میں کب تھی۔ جو صارم کی تڑپ دیکھتی۔ وہ جلدی سے باہر کی اور بھاگتا ہے۔۔اور سوئے ہوئے ڈرائیور کو اٹھا کر گاڑی نکالنے کو بولتا ہے۔۔۔

اور ماہا" کو اپنی بانہوں میں بھرے ہوئے بناسب کو بتائے ڈرائیور کو گاڑی ہاسپٹل کی طرف لیجانے کو بولتا ہے!!

گاڑی جیسے ہی ہاسپٹل کے سامنے رکتی ہے، وہ ماہا کو اپنی بانہوں میں اٹھائے گاڑی سے نکلتا ہے، اور جلدی سے ہسپتال کے اندر آتا بھاگتا ہے۔۔

کوئی ہے ڈاکٹر۔۔۔ڈاکٹر، دیکھیں میری وائف کو کیا ہوا ہے!!

ڈاکٹر فریدہ جو ابھی ہی ایک آپریٹ کر کر باہر نکلی تھی، سامنے ہی صارم کی بانہوں میں ماہا کو دیکھ کر وہ ان کی جانب آتی ہے۔۔

ماہا۔۔کی حالت دیکھتے ہی اس کو پتہ چل گیا تھا کہ ماہا" کی ڈلیوری کا وقت قریب آ چکا ہے۔۔اپ ان کو اسٹریچر پر لٹائیں اور اس ان کو ایمر جنسی میں لے کے جائیں، میں آ رہی ہوں وہ وارڈ بوائے کو بولتی ہے!!

ڈاکٹر پلیز۔۔۔سارا بے قرار لہجے سے ڈاکٹر فریدہ کی طرف دیکھ کر بولا۔۔

دیکھیں مسٹر یہ ٹائم ہر عورت پر آتا ہے اور مجھے لگتا ہے کہ آپ کی بیوی کی ڈلیوری کا ٹائم قریب ہے۔۔ تبھی ان کی حالت ایسی ہے آپ پریشان نہ ہوں اللہ سے دعا کریں اپنی بیوی اور اپنے بچے کے لیے سب بہتر ہو گا۔۔

ڈاکٹر فریدہ "صارم" کو تسلی دیتے ہوئے او پی ٹی کی طرف چلی جاتی ہے!!!

اور صارم وہی بے چینی سے ایمرجنسی کے سامنے چکر کاٹنے لگا۔۔۔یہ لمحہ صارم آفندی۔کے لیے کس قدر قیامت خیز تھا شاید کوئی مرد جان سکتا اس بات کو۔۔

صارم، کو رہ رہ کر بچے سے بھی زیادہ ماہا کی فکر تھی۔۔ماہا ملک۔۔اس کی زندگی میں کیا اہمیت رکھتی تھی۔۔وہ تو ماہا بھی نہیں جانتی تھی۔وہ کچھ سوچتے ہوئے اپنا روخ مسجد کی جانب کرتا ہے۔اور وضو کرنے کے بعد اللہ کے حضور سجدہ دیتا ہے

‘

رورو کر وہ ماہا، کی صحت یابی کے لیے دعا کرنے لگا۔۔اسے اس وقت اپنے بچے کی بھی فکر نہیں تھی، وہ نہیں جاننا چاہتا تھا کہ وہ پہلی بار باپ بن رہا ہے، پہلی بار باپ بننے کی خوشی ہر انسان کو ہوتی ہے، لیکن ایک صارم آفندی تھا' جسے صرف اور صرف اپنی بیوی اپنی ماہا: سے دلچسپی تھی!!

یااللہ میری ماہا، کو صحت تندرستی دے مجھے پتہ ہے ماہا اس وقت وہ کس کھٹن مراحل سے گزر رہی ہے۔۔وہ اپنی جان داؤ پہ لگا کر مجھے خوشی دینے کے لیے میری میرا بچہ اس دنیا میں لا رہی ہے۔۔

یااللہ اس کو صحت تندرستی دے۔مجھے میری ماہا، کے علاوہ کچھ نہیں چاہیے ۔۔میرے خدا" وہ روتے ہوئے دعا مانگنے کے بعد اپنے آنسو صاف کرتا ہے۔۔ اور دوبارہ ایمرجنسی کی طرف رخ کرتا ہے!!

ابھی اسے گئے وہاں پر چند ہی منٹ ہوئے تھے جب ایک نرس گود میں گولو مولو گلابی کمبل میں لپٹا ہوا بچہ لا کر اس کے گود میں دیتی ہے۔۔

مبارک ہو سر۔۔۔بیٹا پیدا ہوا ہے, وہ اس کو مبارکباد دیتی ہے صارم کی نظر جیسے ہی گلابی کمبل میں لپٹے وجود پر جاتی ہے تو خوشی کے آنسو خود بخود ہی اس کی آنکھوں سے نکل آئے تھے۔وہ بچے کو جلدی سے اپنے ہاتھوں میں لے کر اس کو اپنے سینے سے لگاتا ہے۔۔اور آنکھیں بند کر کے گہرا سکون محسوس کرتا ہے۔۔

اس وقت صارم کو کس قدر سکون آرہا تھا اپنے وجود کے حصے کو اپنے ساتھ لگا کر، وہ صارم آفندی سے بہتر کوئی نہیں جان سکتا تھا۔۔

آپ جب اپنے پہلے بچے کو گود میں اٹھاتے ہیں اور باپ بننے کی جو خوشی اور احساس ہوتا ہے شاید اس کے سامنے دنیا کی ہر خوشی چھوٹی دیکھائی دیتی ہے۔

اولاد اللہ پاک کا انسان کے لیے انتہائی انمول اور پیارا تحفہ ہے جو آپ کو مکمل اور ذمہ دار انسان بنا دیتا ہے۔۔

سسٹر میری وائف کیسی ہے؟؟

آپ کی وائف بالکل ٹھیک ہے۔۔ تھوڑی دیر تک ان کو پرائیویٹ روم میں شفٹ کر دیا جائے گا آپ وہاں پر ان سے مل سکتے ہیں۔۔نرس مسکراتے ہوئے بولی۔

تھینک یو سو مچ سسٹر کوئی بات نہیں۔۔یہ بول کر دوبارہ روم کے اندر چلی گئی۔اور صارم کپکپاتے ہوئے ہاتھوں سے جلدی سے فون نکالتا ہے۔اور عارم آفندی کو خوشخبری سنانے لگا۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

ہسپتال کے روم میں اس وقت کے خوشیوں اور مسرتوں کا طوفان آیا ہوا تھا۔۔
سب لوگ ماہا، کی ارد گرد بیٹھے خوش گپیوں میں مصروف تھے۔

ماہا۔۔ کو بھی کچھ دیر پہلے ہی ہوش آیا تھا۔۔ آپریٹ کی وجہ سے اس کو درد کافی فیل ہو رہا تھا۔۔ وہ اٹھ کر بیٹھ نہیں سکتی تھی لیکن اپنی فیملی کو اس قدر خوش دیکھ کر وہ بھی مسکرا اٹھی تھی!!

ننھا شہزادہ اپنے جھولے میں لیٹا آنکھیں بند کیے سو رہا تھا۔ اس کو دیکھ دیکھ کر سب کا جی نہیں بھر رہا تھا!

بھابھی کتنا پیارا ہے۔۔ یہ چھوٹو: تھینک یو سو مچ مجھے چاچو بنانے کے لیے شہریار اگے بڑھ کر ماہا۔۔ کو پھولوں کا گلدستہ دیتے ہوئے محبت بھرے لہجے سے بولا!!

چھوٹے نواب، کیسا ہے میرا شہزادہ؟؟ماہا ایک نظر اپنے بیٹے کی طرف دیکھ کر شہریار آفندی سے بولی!!

بالکل آپ پر کیا ہے بھابھی، بھائی جیسا تو بالکل بھی نہیں ہے وہ صارم کو تنگ کرتے ہوئے بولا!!

کیوں جی؟ کیوں نہیں ہے میرا شہزادہ میرے جیسا؟؟

میرا بیٹا مجھ پر ہی گیا ہے، صارم فخر سے کہتے ہوئے سوئے ہوئے چھوٹے نواب کو اٹھا کر اپنی گود میں لے گیا۔۔

ارے۔۔۔ارے آپ کیا کر رہے ہیں، اٹھ جائے گا ماہا صارم کو ڈانٹتے ہوئے بولی۔۔

دیکھ لو بیوی، اس قدر تکلیف میں ہو پھر بھی ڈانٹنا نہیں بھول رہی ہو،، اپنا حکم یہاں پر بھی مجھ پر جمار ہی ہو، صارم آفندی جتاتے ہوئے بولا!!

سب کے سامنے ایسی بات کہنے پر ماہا خفگی بھر کر رہ گئی ٹھیک ہی تو کہہ رہی ہے ماہا بیٹی، سو یار ہنے دیں۔ نہی تو بعد میں یہ میری بیٹی کو تنگ کرے گا۔۔اور جب تنگ کرے گا تم پاس بھی نہیں ہونگے۔۔عارم آفندی مسکراتے ہوئے صارم کی گود سے چھوٹے نواب کو لے کر دوبارہ اس کو بے بی کاٹ میں لٹا دیتا ہے!!

اچھا بابا آپ لوگ گھر جائیں، میں ماہا کے پاس ہوں، صارم شہریار اور عارم آفندی کو بولتا ہے۔ ٹھیک ہے ہم لوگ جا رہے ہیں تو م ماہا۔۔بیٹی کا خیال رکھنا،،، ابھی کچھ دیر تک حور بھی یہاں پر آجائے گی۔۔پھر کوئی مسئلے کی بات نہیں ہے!

حور کی بات پر شہریار لب بھینچ کر رہ گیا تھا۔اس کو اچھے سے یاد تھا جب صارم نے اس کو خوشخبری دی تھی اس نے حور کو کتنی زیادہ کالز کی تھیں،، تاکہ وہ ماہا

کے پاس چلی جائے۔۔اس وقت ایک عورت کا عورت کے پاس ہونا بہت ضروری تھا۔۔۔

لیکن حور ہر بار اس کی کال کو ریجیکٹ کر دیتی شہریار کو اس کی یہ بات بہت ناگوار گزری تھی۔۔چاہے ان کا رشتہ کیسا بھی تھا" لیکن حور کو ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا"

ٹھیک ہے بابا صارم بولا۔۔۔اور پھر تھوڑی دیر بعد عارم آفندی اور شہریار دونوں ہاسپٹل سے گھر کے لیے نکل گئے تھے ان کو پھر آفس بھی جانا تھا۔۔

رشتوں کی بنیاد کیا ہے؟؟؟خون کے رشتے....رشتہ داریاں....دوستی کے بندھن...یا تعلق؟؟نہیں؟اصل رشتے دراصل احساس کے رشتے ہیں بندھن کوئی بھی ہو،.....اگر احساس نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

یہ احساس ہی تو ہے جو اپنوں کو غیر اور غیروں کو اپنا کر دیتا ہے دوسروں کی چھوٹی چھوٹی خوشیاں، ضرورتوں اور چاہتوں کا احساس ہی دراصل تاحیات قائم ودائم رہنے والے رشتوں کا ستون ہیں۔

ایسے رشتوں کے ساتھ اپنے خیالات کی حفاظت کریں کیونکہ یہ الفاظ بن جاتے ہیں۔۔۔الفاظ کی حفاظت کریں یہ اعمال بن جاتے ہیں۔۔۔۔اور اعمال کی حفاظت کریں یہ کردار بن جاتے ہیں۔۔۔۔کردار کی حفاظت کریں یہ پہچان بن جاتے ہیں۔۔۔کچھ ایسے بن جائیں کہ اپ کو دیکھنے والے آپ کی تربیت کرنے والوں کے حق میں دعائیں کریں۔۔۔

♥♥♥♥♥

حور "فجر کی نماز پڑھنے کے بعد قران مجید کی تلاوت کرنے لگ گئی تھی. وہ تلاوت ختم کرتے ہوئے قران مجید کو غلاف میں لپیٹ کر شیلف پر رکھتی ہے, اور

اپنے بال بنانے کے بعد موبائل اٹھا کر دیکھتی ہے تو وہاں شہریار کی کافی ساری کالز آئی ہوئی تھی۔۔۔حور جب صبح فجر کے لیے اٹھتی ہے تو اس کے نمبر پر کال آ رہی تھی۔۔

شہریار کا نمبر دیکھ کر اس نے کال ریجیکٹ کر دی وہ شہریار سے بات نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔لیکن شہریار بار بار اس کو کال کرتا جا رہا تھا،اس وجہ سے حور نے موبائل سائلنٹ پر لگا کر نماز پڑھنے لگی"لیکن وہ نہیں جانتی تھی وہ ایسا کر کے کتنی بڑی غلطی کر چکی ہے،!!

وہ جیسے ہی دوپٹہ لیتے ہوئے کمرے سے باہر نکلی۔۔تو ہاجرہ بیگم بھی کمرے سے نماز پڑھ کر نکلی تھی،حور جلدی سے تیار ہو جائیں ہمیں ہاسپٹل جانا ہے۔۔

کیوں تائی امی؟؟سب خیریت تو ہے نا!!

تایاابو ٹھیک ہے نا،،ہاں ہاں تمھارے تایاابو ٹھیک ہیں۔۔یہاں تو سب ٹھیک ہے،،وہ شہریار بیٹے کے فون آیا تھا کچھ دیر پہلے ماہا بیٹی کے ہاں بیٹا ہوا ہے۔۔وہ ہاسپٹل میں ہے تو ہمیں وہاں پہ جانا چاہیے۔۔۔ماہا کو ضرورت ہے ہماری۔۔۔

حاجرہ بیگم کی بات سن کر حور شرم کے مارے نظریں جھکا گئی۔۔اس کو سمجھ آ گیا تھا، کہ شہریار اس کو صبح صبح کال کیوں کر رہا تھا" لیکن جو وہ بگاڑ چکی تھی اب وہ اتنی جلدی سدھرنے والا بھی نہیں تھا،، لیکن حور شاید اس بات سے ناواقف تھی ابھی!!!

تائی امی" میں ناشتہ بنالوں تایاابو کے لیے۔۔پھر چلتے ہیں۔حور یہ بول کر کچن میں جانے لگی!!

نہیں ناشتے کی ضرورت نہیں ہے وہ بازار سے لے آئیں گے۔ ہمیں جانا چاہیے۔ حاجرہ بیگم نے حور کو ناشتہ بنانے سے منع کر دیا، اور یوں تھوڑی دیر بعد حاجرہ بیگم اور حور "ہاسپٹل کے لیے نکل گئ تھی!!!

وہ جیسے ہی ہاسپٹل آتی ہیں اس سے پہلے کہ وہ ماہا" کے کمرے کے بارے میں کسی سے پوچھتیں۔ سامنے سے حور کو صارم آتے ہوئے دکھائی دیا۔

حور" جلدی سے صارم کی جانب بڑھی۔۔

صارم بھائی۔۔۔ کیسی ہے ماہا بھابھی" صارم نے حور، کو دیکھتے ہی پہچان لیا تھا

۔۔۔

ٹھیک ہے چلو میں تم لوگوں کو اماہا کے پاس لے کر جاتا ہوں، صارم ان کو ماہا کے کمرے میں چھوڑنے کے بعد ناشتے کا انتظام کرنے کے لیے ہاسپٹل سے باہر نکل گیا!!!

بہت بہت مبارک ہو ماہا بھابی" حور اگے بڑھ کر ماہا کے گلے ملتے ہوئے ماہا کو مبارکباد دیتی ہے!!

مبارک تو آپ کو بھی ہو،، دیورانی جی" آپ بھی تو چچی بن گئی ہیں۔۔نا" چچی لفظ سن کر حور کا چہرہ بلش کرنے لگا تھا!!!!!!!!

اور پھر ہاجرہ بیگم بھی اگے بڑھتے ماہا کے سر پر پیار دیتی ہے اور بولتی ہے۔ سدا سہاگن رہو۔ مبارک ہو اللہ تعالی نے چاند جیسا بیٹے سے نوازا ہے۔۔اللہ تعالی لمبی زندگی کریں ماں اور بیٹے دونوں کی۔۔اور اگے بڑھ کر چھوٹے نواب کو اٹھا لیتی ہے۔، جواب انکھیں کھولے چھت کو گھور رہا تھا!!

ننھا سا وجود گلابی گلابی ہاتھ پاؤں حور تو بس اس کے ہاتھوں پاؤں ہی چومتی جا رہی تھی۔۔ایسے ایک انوکھا ہی احساس ہو رہا تھا۔۔ حور نے اس کو کافی دیر سینے سے لگا رکھا تھا۔۔۔ لیکن شاید چھوٹے نواب کو یہ بات پسند نہیں آئی تھی تبھی وہ رونے لگا۔۔۔

اس کو روتے دیکھ کر تو حور کے ہاتھ پاؤں پھول گئے تھے۔ سوری ماہا بھی میں تو بس اس کو پیار ہی کر رہی تھی۔ وہ شرمندہ سے لہجے میں بولی۔۔

کوئی بات نہیں حور "ہو جاتا ہے شاید اس کو بھوک لگی ہے مجھے دیں ایسے حور "چھوٹے نواب کو اٹھائے ماہا کے سینے پر لٹا دیتی ہے۔۔اور مایا" وہیں پہ اس کو دودھ پلانے لگی۔۔دیکھا چپ بھی ہو گیا اس کو صرف بھوک لگی ہوئی تھی۔۔تم خواہ مخواہ ہی پریشان ہو گئی تھی ماہا حور کی طرف دیکھ کر بولی!!

اتنی دیر میں صارم ناشتے کا انتظام کر کے لا چکا تھا چلیں آئیں سب لوگ ناشتہ کر لیں۔۔۔صارم حور کو بولا!!

اس کی کیا ضرورت تھی بیٹا ہم لوگ ناشتہ کر آئیں ہیں۔۔

جی آنٹی مجھے پتہ ہے جتنا آپ لوگ ناشتہ کر کے آئے ہیں، اتنی صبح صبح کون ناشتہ کرتا ہے،، آپ ہمیں پرایا نہیں کریں،، اپنا ہی سمجھیں ہمیں۔آنٹی اپنا بیٹا بھی بولتی ہیں اور پھر پرایا بھی کر دیتی ہے۔منٹ میں!!

چلیں آپ لوگ ناشتہ کریں میں ماہا کو بھی اپنے ساتھ کرواتا ہوں ناشتہ ۔۔۔صارم اپنے اور ماہا کے لیے الگ سے ناشتہ نکال کر ماہا کے بیڈ پر جا کر اس کو بھی کھلانے لگا۔۔اور خود بھی کھانے لگا،، جب کہ حور اور حاجرہ بیگم صوفے پر بیٹھی ناشتہ کرنے لگی!!

ناشتے سے فارغ ہو کر حور نے سارے برتن اٹھا کر واش کرنے لگی۔۔اتنی دیر میں ڈاکٹر چیک آپ کرنے کے لیے آجاتی ہے۔۔۔

آپ باہر جائیں میں ان کا چیک اپ کر لوں۔۔

ڈاکٹر۔۔۔صارم کی طرف دیکھ کر بولی صارم نظریں جھکائے کمرے سے باہر نکل گیا اور ڈاکٹر ماہا کا چیک کرنے لگی۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤

حور اور ارم آج صبح سے ہی آفندی مینشن میں تیاریوں میں لگی ہوئی تھی۔۔

آج ماہا۔۔ کو ہاسپٹل سے چھٹی ہو گئی تھی کچھ دیر میں ان لوگوں نے گھر پہنچ جانا تھا؟

جلدی جلدی کرو ارم۔۔ ابھی بہت سارا کام باقی ہے۔۔ اور ٹائم کم ہے۔۔ حور، کمرے کے چاروں طرف نظر مارتے ہوئے بولی کمرے کو نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا سامنے دیوار پر

Welcome Baby Boy 😚

لکھا گیا تھا بی بی کاٹ بھی بہت ہی خوبصورت اور رنگ برنگے غباروں سے اور کھلونوں سے سجایا گیا تھا۔۔

وہ لوگ آنے والے ہیں۔ حور مصروف سے انداز میں ارم کو آواز دیتی ہے۔۔ لیکن ارم وہاں پر ہوتی تو اس کی سنتی نا۔۔ شہریار آفندی۔۔۔ کو کمرے میں آتے دیکھ ارم، چپکے سے باہر نکل گئی تھی!!

شہریار لاکھ چاہے حور سے ناراض صحیح لیکن، اس کا دل حور کے دیدار کو مچلے جا رہا تھا۔۔ تبھی دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر وہ حور کو دیکھنے ماہا کے کمرے میں آیا تھا ۔۔اگے والا منظر دیکھ کر شہریار کے گلے میں گلٹی ابھر کر معدم ہوئی تھی۔۔۔

حور جو دوپٹہ ایک سائیڈ پر باندھے۔۔ مصروف سی غبارے اٹھائے سامنے دیوار کے ساتھ چپکانے میں اس قدر مصروف تھی۔ کے شہریار کی موجودگی کو محسوس نہ کر سکی!!

ار۔۔۔۔۔۔۔۔م اور شہریار آفندی کو دیکھتے ہی اس کا سانس اٹک چکا تھا۔۔۔ اور اوپر سے وہ جس حالت میں تھی۔۔اسے اپنے اپ پر گھڑوں شرم محسوس ہو رہی تھی!!

آ۔۔۔۔۔۔۔پ یہاں کیا کر رہے ہیں۔ حور اٹکتے ہوئے شہریار کو وہ پوچھنے لگی؟؟؟

کیوں میرا گھر ہے میں یہاں پہ نہیں آسکتا میرا گھر اور جہاں چاہوں جا سکتا ہوں ۔۔شہریار سنجیدگی سے حور کو بنا دیکھے جواب دے گیا۔۔

میں نے کب کہا آپ کا گھر نہیں ہے لیکن آپ یہاں پہ کیا کر رہے ہیں صارم بھائی اور ماہا بھابھی آنے والے ہوں گے۔۔آپ گئے نہیں ان کو لینے۔۔

وہ ہسبینڈ وائف ہیں وہ خود آجائیں گے مجھے اس وقت اپنی بیوی کے پاس ہونا چاہیے۔۔

شہریار کی بات سن کر حورور کی نظر خود بخود ہی جھک گئی تھی۔۔

ویسے کمرہ بہت پیارا سجایا ہے مجھے تو لگا تھا بس میری جان کو لڑائی کرنا ہی آتا ہے۔۔۔ لیکن میری جان تو کام بھی بہت اچھے سے کر لیتی ہے۔۔ شہریار لب دبائے حور کی تعریف کر گیا!!

یہ میری تعریف کر رہے ہیں یا مجھے ڈانٹ رہے ہیں حور کو جب کچھ سمجھ نہ آیا تو وہ گھور کر شہریار کو دیکھنے لگی؟؟؟؟؟

جو بھی سمجھو مسز شہریار آفندی😊

اس سے پہلے کہ شہریار مزید کوئی گستاخی کرتا،ارم کمرے کا دروازہ بجاتے ہوئے اندر آئی۔۔۔صارم بھائی اور ماہا آچکے ہیں۔۔

ارم ان کو اطلاع دیتی ہے۔۔ارم کی بات سن کر شہریار کمرے سے باہر نکل گیا۔۔حور کی تو ارم کے سامنے نظر ہی نہیں اٹھ رہی تھیں۔۔

اوووہو۔میری بنو رانی شرما رہی ہے،کیا بولتا ہے میرا جیجا جی۔۔ارم حور کو چھیڑنے لگی۔۔

ہٹو پیچھے مجھے اور بھی بہت سارے کام ہیں حور ارم کو جھڑکتے ہوئے اپنا دوپٹہ درست کرتے ہوئے باقی چیزیں سمٹنے لگی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥♥

کچھ عرصہ بعد ❤

ماہا۔۔نے یلو کلر کی لانگ فراک جس پر گولڈن کلر کا کام ہوا تھا۔لائٹ سے میک ایپ میں بالوں کو جوڑی کی شکل میں قید کیے تو لٹھے کرل کر کے چہرے کے سامنے پھیلائے ماتھے پر بندھی لگائے کانوں میں بھاری جھمکے پہنے پیروں پر ہیلز چڑھائے وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔وہ اپنے آپ ایک تنقیدی نگاہ ڈالتی فون اٹھا کر تصویر لینے لگی تھی۔۔۔۔چھوٹا نواب بھی تیار ہوئے اپنے بے بی کاٹ میں کھیل رہا تھا۔۔۔۔

صارم آفندی۔۔۔بلیک شلوار قمیض میں اسکے اوپر گولڈن رنگ کی ویس کورٹ پہنے نیچے کھڑا اماہا۔کا ویٹ کر رہا تھا تبھی وہ یلو کلر کے لانگ فراک میں جس پر گولڈن رنگ کا کام ہوا تھا لائٹ سے میک ایپ میں ہیوری جیولری بنائے بال کھولے وہ بہت ہی زیادہ پیاری لگ رہی تھی!!

)ماہا نے جوڑا بنا رکھا تھا لیکن ایسے چھوٹے نواب کو اٹھائے بالوں کا اسٹائل کچھ خاص جچ نہیں رہا تھا اس نے اپنے بال کھول کر دوبارہ کندھوں پر پھیلا لیے (

چھوٹے نواب کو اپنے گودی میں اٹھائے سنبھل کر چلتی وہ نیچے کی طرف بڑھی...۔

صارم تو اسے دیکھتا رہ گیا تھا ماشاءاللہ میری بیٹی کتنی پیاری لگ رہی ہے۔عارم آفندی اسے دیکھتے ہوئے مسکرا کر کہنے لگی انکی تعریف سن کر وہ مسکرائی۔ شکریہ باباجان۔وہ مسکراتے انہیں دیکھ کر بولی۔

چلیں دیر ہو رہی ہے وہ صارم کی طرف دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔واقع کیا بات ہے میک ایپ کی۔وہ اسے دیکھتے ہوئے مذاقیہ انداز میں کہنے لگا جس پر ماہا۔۔نے اسے گھورا اور پھر ہنسنے لگی۔مذاق کر رہا تھا بہت پیاری لگ رہی ہو۔وہ اسے گھورتا دیکھ ہنستے ہوئے کہنے لگا جس پر ماہا۔۔ مسکرائی اور دونوں چل دیے۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

مہندی کی تقریب کا انتظام باہر لان میں گیا تھا۔لان کو خوبصورتی سے لائٹوں اور برقی قمقموں سے سجایب گیا تھا۔ایک سائیڈ پر اسٹیج بنایا گیا۔ مہندی کا فنکشن اپنے عروج پر تھا۔ہر طرف لڑکیوں کے رنگ برنگے آنچل لہرا رہے تھے۔ لڑکے ڈھول کی تھاپ پر رقص کرتے محفل کا مزہ مزید دوبالا کر گ ئے۔ مہندی کی مناسبت سے چلتا میوزک محفل کو چار چاند لگا رہا تھا۔ہر چیز کا ایک سے بڑھ کر ایک انتظام کیا گیا تھا۔

شہریار سب دوستوں کے ہمراہ کچھ دیر قبل ہی اسٹیج پر آکر بیٹھا تھا۔اب وہ بے صبری سے ایک ایک پل گنتا حور کا انتظار کر رہا تھا۔

کچھ وقت گزرنے کے بعد وہ اسے ماہا، ارم اور کے درمیان اپنی طرف آتی ہوئی نظر آئی۔اسے یوں محسوس ہوا اس کا ہر بڑھتا قدم اس کے نشان شہریار آفندی

کے دل پر مضبوط کرتا جارہا ہوں۔ وہ لڑکی رفتہ رفتہ ہی تو اسے اپنا اسیر کر رہی تھی۔

وہ اسٹیج کے بالکل قریب پہنچ گئی جب شہریار آفندی اُٹھتا ہوا اس کی طرف بڑھا۔ وہ لڑکی اتنی محبت اور مان تو ڈیزرو کرتی تھی۔ شہریار آفندی نے اس کے نزدیک جُھکتے اپنی ہتھیلی اس کے سامنے پھیلائی۔

حور۔۔۔نے دل کی پوری آمادگی کے ساتھ اس کی پھیلی ہتھیلی پر اپنا نازک ہاتھ سجایا۔ وہ اپنی مضبوط گرفت میں اسے تھام چکا تھا۔

شہریار آفندی۔ نے قریب سے اس کے ایک ایک نقش کو حفظ کیا تھا۔ پیلے لہنگے میں اس کی گوری رنگت دمک رہی تھی۔ ماتھا سجا وہ روشن ٹیکا دیکھ شہریار کی دل نے شدت سے اسے ہونٹوں سے چھونے کی خواہش کی تھی۔ مگر ابھی اس پر ایسا کوئی حق نہیں رکھتا تھا اس لیے اپنی ساری خواہشات دل میں دبا گیا۔

شہریار آفندی کا ارتکاز اپنے چہرے کے نقوش پر محسوس کر کے وہ لحظہ بھر کپکپا کر رہ گئ۔اس کی بولتی آنکھیں آج کچھ اور ہی کہانی سُنا رہی تھیں۔

شہریار نے اس ریلکس کرنے کو اس کا ہاتھ سہلایا تھا۔

"بہت خوبصورت لگ رہی ہو۔اتنی کے یہ دل شدت سے تمہارے ایک ایک نقش کو چھونے کی دہائی دے رہا ہے۔ تمہیں اپنی پناہوں میں قید کرنے کو یہ دل مچل رہا ہے۔" وہ اس کی طرف چہرے موڑے شدت سے پُر لہجے میں بولتا اس کی جان لبوں پر لے آیا۔

"شہر۔۔۔۔یار" وہ کپکپاتے لہجے میں اسے پکار گئ۔

"جی میری جان۔" وہ اس کی گھبراہٹ دیکھتا مزید شرارت پر آمادہ ہوا۔

"ایسے مت بولیں پلیز۔" وہ اس کے طرز مخاطب پر اسے ٹوک گئی۔

"اوکے جان! کل تو بول سکتا ہوں۔" وہ اس کے نزدیک جُھکتا رازداری سے پوچھ رہا تھا۔

"آپ بہت بُرے ہیں۔" وہ منہ بناتی اس کی طرف سے چہرہ پھیر گئی۔
وہ اسے مزید تنگ کرنے کا خیال جھٹکتا سیدھا ہو بیٹھا۔

اس کے رُخ موڑنے پر حور نے بھی سکون کا سانس لیا۔

سچی محبت خراب مزاج سے متاثر نہیں ہوتی جو آپ سے محبت کرتا ہے وہ اپنے تمام حالات میں آپ سے محبت کرتا ہے۔

♥♥♥♥♥

ماہااور اسکی کزنز نے ڈانس پریکٹس جو کی تھی وہ لوگ کرنے لگے تھے۔۔ماہالڑکا
اور اس کی کزن سدرہ لڑکی بنی تھی۔

اوئے کڑیے اوئے کڑیے سینے سے نکل نہ جائے
اوئے کڑیے اوئے کڑیے سینے سے نکل نہ جائے
تیرا لال ڈوپٹہ ململ کا تیرا لال دوپٹہ ململ کا
ماہانے سدرہ کو دیکھتے ہوئے ڈانس کرنے لگی حور اسکا
لڑکا بنا دیکھ ہنسنے لگی

اوئے منڈیا اوئے منڈیا سینے سے نکل نہ جائے
اوئے منڈیا آئے منڈیا سینے سے نکل نہ جائے
ارمان تیرے دل پاگل کا ارمان تیرے دل پاگل کا

سدرہ نے بھی ماہا۔ کو دیکھتے ہوئے ڈانس کیا اور دونوں ہنس بھی رہی تھی باقی سہ کزنز نے ہوٹنگ کی اور انہوں نے بہت ہی اچھا ڈانس کیا۔

اہم اہم اسلام و علیکم۔ڈانس کرنے کے بعد ماہا اور سدرہ اسٹیج پر آئی۔۔۔۔شہریار نے دونوں کو دیکھا و علیکم السلام۔وہ مسکراتے ہوئے جواب دینے لگا۔زیادہ نہیں وقت لیں گے بس ایک تصویر ہم چاروں کی۔ارم اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی جی جی لیجیے۔وہ مسکراتے ہوئے کہنے لگا جس پر ارم نے سیلفی بنائی۔ شکریہ۔وہ تینوں مسکراتے ہوئے کہنے لگی۔

اسکے بعد رسم کی گئی جس پر ارم اور ماہا نے حور کو زبردستی مٹھائی کھلائی۔ تیرا وقت بھی آئے گا۔ حور۔۔۔ارم کو دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔ارم ہنسنے لگی ایسے بھی ایک سیلفی بنتی ہے۔ارم مسکرا کر بولی۔اور حور نے گھورا وہ تینوں ہنسنے لگ گئی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

شہریار کب سے حور اکیلے ہونے کا انتظار کر رہا تھا وہ اس قدر پیاری لگ رہی تھی کہ شہریار کا دل اس کو چھونے کو محسوس کرنے کو مچل رہا تھا!!

آخر وہ موقع آ ہی گیا تھا۔۔۔ حور جو بیٹھے بیٹھے تھک سی گئی تھی فریش ہونے کے لیے کمرے کے اندر جاتی ہے۔۔ شہریار آفندی۔۔ جس کی نظر کب سے حور پر ہی ٹکی ہوئی تھی۔ حور کو کمرے کے اندر جاتا دیکھ کر وہ بھی چپکے سے اس کے پیچھے پیچھے کمرے کے اندر چلا گیا!

جبکہ ارم اور تابش نے دونوں نے یہ منظر بڑی گہرائی سے دیکھا تھا۔۔

تابش جو یہاں آنا ہی نہیں چاہتا تھا۔ لیکن ہاجرہ بیگم کے بار بار فون کرنے پر وہ یہاں پر آ تو گیا تھا لیکن حور کو کسی اور کے پہلو میں بیٹھا دیکھ کر اس کا دل یہ کرچی کرچی ہو کر رہ گیا تھا۔۔ وہ پل پل مر رہا تھا۔۔ اس کے چہرے پر چھائی افسردگی اور محبت ہار جانے کا دکھ صاف دکھائی دے رہا تھا۔۔

ارم جو تابش کو نہ وہاں پر پا کر بجھے دل سے بیٹھی تھی تابش کو دیکھ کر اس کا مرجھایا ہوا چہرہ کلیوں کی طرح کھل اٹھا تھا۔۔ لیکن تابش کی ایسی حالت دیکھ کر اس کے دل کٹ کر رہ گیا تھا!!

کاش تابش میں آپ کے چہرے سے ہر اداسی نوچ کر پھینک سکتی اور اس کی جگہ تمہارے چہرے پر مسکراہٹ کھلا دیتی کاش۔۔وہ من میں سوچ ہی سکی!!!

حور۔۔فریش ہو کر آئینے کے سامنے کھڑی دوبارہ سے اپنا میک اپ صحیح کر رہی تھی۔۔جب پیچھے سے اس سے کنڈی لگنے کی آواز آئی۔۔اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ پیچھے مڑ کر دیکھا تو پیچھے شہریار آفندی۔ تھا شہریار کو دیکھتے ہی اس کا دل اچھل کر حلق میں آگیا!!

آ۔۔۔؟۔پ یہاں پہ کیا کر رہے ہیں جائیں یہاں سے کوئی دیکھ لے گا تو کیا سوچے گا وہ اٹکتے ہوئے شہریار کو باہر کا راستہ دکھانے لگی!!

کوئی دیکھ لے گا تو کیا سوچے گا!!سب کو پتہ ہے میری جان۔۔میری بیوی ہو اور میں اپنی بیوی کو محسوس کرنے آیا ہوں۔جو کہ میرا پورا حق ہے۔۔وہ پیچھے سے حور کو اپنے بانہوں کے حصار میں لیتے ہوئے محبت بھرے لہجے سے بولا!!

دور ہٹے شہریار مجھے جانا ہے۔سب لوگ انتظار کر رہے ہوں گے۔حور شہریار سے خود کو چھڑوانے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے بولی!!

کوئی انتظار نہیں کر رہا ڈارلنگ!!اور چپ چاپ یہاں پہ کھڑی رہو مجھے کچھ لمحے تمہیں محسوس کرنا ہے..وہ اس کی سفید شفاف گردن پر لب رکھتا سرگوشیاں کرتے ہوئے۔حور کی جان مشکل میں ڈال گیا تھا!!

شہر یار آفندی۔۔حور کی سفید شفاف گردن پر جا بجا اپنے بوسوں کے بارش کرتے جا رہا تھا۔۔اور اس کی اس قدر ڈھٹائی اور بے شرمی پر حور صبر کے گھونٹ بھر کر رہ گئی۔۔وہ جانتی تھی، جب تک شہر یار اپنی من مانی نہیں کر لیتا، وہ سکون سے پیچھے نہیں ہٹے گا!!

شہر یار اس کی گردن سے ہٹتے ہوئے۔اس کے کانوں کی لو پر پہلے نرمی سے اپنے لب رکھتا ہے، اس کے بعد دانتوں سے کاٹنے لگا، حور یہ سب بمشکل برداشت کر رہی تھی۔۔اب آہستہ آہستہ اس کا رخ حور کے چہرے کی جانب تھا!!

شہر یار آفندی۔۔نے ایک جھٹکے سے حور کا رخ اپنی جانب کیا اور ایسے پاؤں سے لے کر سر تک دیوانگی سے دیکھتا جا رہا تھا۔۔وہ اس قدر خوبصورت لگ رہی ہے پیلے لہنگے میں جسے آسمان سے اتری کوئی پری میں حور ہو،

آپ تو آج بالکل حور ہی لگ رہی ہو، میں نہیں جانتا تھا، میری حور اس قدر خوبصورت ہے، شہریار۔ حور کی دونوں آنکھوں پر باری باری اپنے لب رکھتا ہے۔۔اور پھر اچانک بے دردی سے اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں لے کر ان کا رس پینے لگا!!

حور جو اس کے الفاظوں کے سحر میں کھوئی ہوئی تھی اس اچانک اس افتاد پر بکھلا کر رہ گئی۔اور شہریار کے چوڑے سینے پر مکے برسانے لگی۔۔ لیکن شہریار اس قدر حور۔ میں مگن تھا کے۔۔اس کو نازک سی حور کے مکوں کا بھی کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا!!

کافی دیر وہ اس کی ہونٹوں کا جام پیتا رہا اور اس کے بعد پیچھے ہٹ کر مسکراتی نظروں سے حور کی بکھری بکھری حالت کو دیکھ کر لطف اندوز ہونے لگا۔۔

میری جان یہ تو ٹیلر تھا فلم تو ابھی باقی ہے کل جب تو مکمل میری دسترس میں آجاؤ گی، تو میں تمہیں بتاؤں گا کہ شہریار آفندی تم سے کس قدر پیار کرتا ہے۔۔ اپنے پیار کی بارش میں اس قدر میں بھگاؤں گا کہ تم کبھی بھی اس رات سے نکل ہی سکو گی۔۔۔

بہت بے شرم انسان ہیں آپ، حور خفگی بھری نظروں سے شہریار کی طرف دیکھ کر بولی۔۔

بے شرم ہوں یا نہیں ہوں۔ میری جان آپ سے بہتر کون جانتا ہے خیر ابھی ابھی تو میں جا رہا ہوں۔ اب کل ہی ملاقات ہو گی۔ اپنا حولیہ درست کرو اور باہر آجاو، ورنہ سب لوگ کیا سوچیں گے کہ ان کو ایک دن بھی صبر نہیں، وہ ایک انکھ ونک کرتے ہوئے برش اٹھا کر اپنے بال صحیح کرنے کے بعد کمرے سے نکل گیا!!!!!

پیچھے حورا اپنی اتھل پتھل سانسوں کو ہموار کرتے ہوئے اپنا میک اپ درست کرنے لگے۔۔اور دل ہی دل میں شہریار کو گالیوں سے نوازتے دوبارہ سے آئینے کی طرف دیکھنے لگی۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

آج صبح سے آفندی مینشن میں ہلچل مچی ہوئی تھی آج آفندی مینشن کے لاڈلے بیٹے شہریار آفندی کی بارات تھی۔سب کو اپنی اپنی تیاریوں کی فکر پڑی ہوئی تھی۔،

دوسری جانب ماہا اپنے چھوٹے نواب کو چپ کروانے میں مصروف تھی۔جو رو رو کر خود کو ہلکان کر چکا تھا،اس کو چپ کرواتے کرواتے۔ماہا"اب خود بھی ہلکان ہو گئی تھی،

صارم، باہر کے تمام کام دیکھتے ہوئے تیار ہونے کے لیے کمرے میں آیا تو اگے کا منظر دیکھ کر وہ چکرا کر رہ گیا۔ چھوٹے نواب کے ساتھ ساتھ ماہا بھی اس کو گود میں لیے بیٹھی رو رہی تھی!!

صارم آفندی "تو یہ منظر دیکھ کر بوکھلا ہی گیا تھا، وہ جلدی سے ماہا کے قریب آتا ہے!!

کیا ہوا میری جان؟؟ رو کیوں رہی ہیں آپ وہ چہرے پر فکر لیے ماہا سے پوچھنے لگا؟؟

دیکھو نہ صارم "اتنی ساری تیاری کرنی ہے, مجھے اور یہ تمہارا چھوٹا نواب ہے کہ اس کو رونے کی پڑی ہوئی ہے۔ آج کچھ زیادہ ہی ضد کر رہا ہے۔۔ میں کب سے اس کو چپ کروانے کی کوشش کر رہی ہوں، لیکن یہ چپ ہونے کا نام ہی نہیں

لے رہا میں تھک چکی ہوں۔ مسہاسوں سوں کرتے ہوئے صارم کو ساری بات بتاتی ہے!!

صارم مسکراتے ہوئے اپنے چھوٹے نواب کو جو گولو مولو سا اپنے باپ کو دیکھ کر ہی کھل اٹھا تھا۔ اور اس کے گود میں آنے کو بے تاب ہو رہا تھا۔۔ صارم ایسے اپنی گود میں لے کر اس کو چپ کروانے لگا۔۔ وہ جو پہلے رو رو کر پورا کمرا سر پر اٹھائے ہوا تھا" اب کھلکھلا کر ہنسنے لگا!!

ماہا" تو اپنے چھوٹے نواب کی اس چالاکی پر ہکا بکا ایسے دیکھ رہی تھی دیکھا۔۔ دیکھا کیسے یہ تمہارے جیسا ناٹک کرتا ہے۔ ماہا دانت پیستے ہوئے چھوٹے نواب کو دیکھ کر بولی۔۔۔۔

اچھا بس کریں میری جان جاؤ آپ جا کر تیار ہو جاؤ اس کو میں دیکھتا ہوں۔۔ آؤ چھوٹو" آج بابا اپنے بیٹے کو تیار کریں گے ماہا نے چھوٹے نواب کے کپڑے پہلے ہی

بیڈ پر نکال رکھے تھے۔ماہا" دونوں باپ بیٹے کو کھیلتے دیکھ مسکراتے ہوئے اپنے کپڑے لیے واش روم میں گھس گئی۔تاکہ جلدی سے تیار ہو سکے ورنہ اس کو شہریار کے غصے کا پتہ ہی تھا۔!!

تھوڑی دیر بعد وہ اپنا لہنگہ چولی درست کرتے ہوئے واش روم سے باہر نکلی۔ جب تک صارم بھی چھوٹے نواب کو تیار کر چکا تھا۔۔ماہا بیوٹیشن کے پاس جانے کی بجائے خود ہی اپنا میک اپ کرنے لگی۔۔ایک تو گھر میں وہ اکیلی عورت اور دوسری ساریاں ذمہ داریاں دیکھتے ہوئے اسے پالر جانے کا ٹائم ہی نہیں ملا تھا۔۔

وہ جلدی جلدی ہاتھ چلا رہی تھی تاکہ جلدی سے میک اپ کر سکے۔جب صارم پیچھے سے آکر اس کو اپنے بانہوں میں لے گیا!!!!!!

صارم "ہٹ جائے نا پلیز مجھے تیار ہونا ہے۔۔جائیں آپ بھی جا کر تیار ہو جائیں۔ماہا۔صارم کو پیچھے دھکیلتے ہوئے دوبارہ میک اپ کی طرف متوجہ ہو گئی۔۔۔

ہو جاتا ہوں تیار میری جان۔۔ کبھی مجھے بھی ٹائم دے دیا کرو جب سے ہمارا بیٹا آیا ہے۔تم تو مجھے ٹائم ہی نہیں دیتی ہو۔۔صارم ماہا" کے گیلے بالوں کی خوشبو اپنے اندر اتارتے ہوئے اس کے کانوں میں سرگوشی کرنے لگا۔۔

سارا ٹائم تو آپ کا بیٹا لے جاتا ہے اور پھر اوپر سے گھر کی ساری ذمہ داری میں تھک جاتی ہوں۔ماہم یہ بات اچھی سے جانتی تھی جب سے چھوٹا نواب ان کی زندگی میں آیا تھا۔ان کا رومانس ختم ہی ہو چکا تھا۔۔وہ صارم کے جذبات کو اچھے سے سمجھتی تھی کبھی کبھی اس کو خود پر غصہ بھی بہت آتا تھا۔۔کہ وہ سب چیزیں کیوں نہیں مینج کر سکتی لیکن اب جب حور بھی گھر میں آجائے گی تو اس کی بھی ذمہ داریاں کچھ بٹ جائیں گی!!

بس میری جان کچھ دن کی بات ہے حوراس گھر میں آجائے تھوڑا سیٹل ہو جائے گی۔۔تو میری ذمہ داریاں بھی کم ہو جائیں گیٔ۔اور پھر سارا ٹائم میری جان کے لیے ہی ہے ماہا۔۔اس کے دونوں گال کھینچتے ہوئے۔دوبارہ اپنی میک اپ کی طرف متوجہ ہو گئی!!

صارم کے چہرے پر گہری مسکراہٹ ابھری تھی۔۔وہ چھوٹے نواب کو اٹھائے کمرے سے باہر نکل گیا۔۔اور ماہا شکر کا سانس بھرتے ہوئے اپنی باقی کی تیاری کرنے لگی۔۔

♥♥♥

ہال میں سب مہمان آنا شروع ہو چکے تھے ہاجرہ بیگم اور اس کی بہن رافیہ بیگم وہیں دروازے پر سب کو خوش آمدید کر رہی تھیں۔۔۔

ہاجرہ بچیاں کب تک آئیں گی۔رافیہ ہال کی جانب نظر دوڑائیں پوچھنے لگی ہال مہمانوں سے بھرا ہوا تھا۔اور نو بج چکے تھے وہ فکر مند لہجے سے پوچھنے لگی۔۔

فکر نہیں کرو رافیہ تابش سے میری بات ہوئی ہے وہ ان لوگوں کو پالر سے لے کر نکل پڑا ہے تھوڑی ہی دیر تک وہ لوگ پہنچ جائیں گے۔۔جب تک بارات بھی آجائے گی۔۔ہاجرہ کی بات سن کر رافیہ بیگم کو تھوڑی راحت ہوئی اور وہ مسکرا کر باقی مہمانوں کا استقبال کرنے لگی۔۔

واؤ" حور تم کتنی پیاری لگ رہی ہو ماشاءاللہ۔۔حور کو تیار دیکھ ارم اس کی دل سے تعریف کرتی ہے۔۔وہ واقعی میں بہت پیاری لگ رہی تھی کبھی اتنا زیادہ تیار نہیں ہوئی تھی اور آج بے بیوٹیشن کے کمال مہارت سے تیار کیے گئے میک اپ اور ہیوی جیولری کے ساتھ وہ نہایت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔

شکریہ میری جان حور بھی مسکرا کر ارم کو جواب دیتی ہے اور اب بیوٹیشن ارم کو تیار کرنے لگی۔

اوہو۔۔تابش کی کال آرہی ہے۔حور اپنے موبائل پر تابش کی کال آتی دیکھ کر منہ میں بڑبڑائی۔۔تابش کا نام سن کر ارم کی دل کی دھڑکن تیز ہو گئی تھی۔۔

ہیلو تابش؟؟؟

جلدی اؤ کتنا ٹائم ہے۔تابش میں تو تیار ہو گئی ہوں بس ارم تیار ہو رہی ہے دس منٹ تک ہم آرہی ہیں۔۔

اوکے ٹھیک ہے میں باہر ہی تم لوگوں کا انتظار کر رہا ہوں۔حور سنو حور جو فون رکھنے لگی تھی۔۔جب فون میں تابش کی آواز ابھری۔

جی؟؟؟

اپنے چہرے کو ڈانپ کر باہر نکلنا نہ جانے کس خیال کے تحت تابش حور کو تاکید کر گیا۔۔

جی اچھا دو لفظ بول کر حور فون کاٹ گئی اور تابش کافی دیر فون کو دیکھتے ہوئے فون کو دوبارہ اپنی پاکٹ میں رکھتے ہوئے گاڑی سے ٹیک لگائے آنکھیں بند کر کے ان دونوں کا انتظار کرنے لگا۔۔

تھوڑی دیر بعد وہ دونوں باہر نکلی تو وہ بلیک تھری پیس سوٹ پہنے گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے باہر ان لوگوں کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

ارم تو اس کو دیکھتے ہی دیکھتے رہ گئی وہ آج کس قدر پیارا لگ رہا تھا۔۔ یا شاید ارم کی دیکھنے کا انداز ہی اس طرح تھا۔۔۔

محبوب جیسا بھی ہو، وہ آپ کو دنیا کا سب سے خوبصورت انسان لگتا ہے۔۔ جیسے کہ اس وقت تابش ارم کو لگ رہا تھا۔۔ارم نے دل ہی دل میں چپکے سے ماشاءاللہ کہا تھا۔۔۔

ارم تو یک ٹک تابش کو ئی دیکھتی جا رہی تھی۔۔خود پر ارم کی نظروں کی تپش تابش اچھے سے محسوس کر رہا تھا یہ نہیں کہ وہ ارم کہ دل کی فیلنگ سمجھتا نہیں تھا لیکن اس کا تو خود دل ٹوٹا ہوا تھا وہ کیسے کسی کو امید لا سکتا تھا۔۔

اوسوری تابش ہمیں لیٹ ہو گی۔۔ حور معذرت کا خواہ لہجے میں بولی کوئی بات نہیں چلو چلیں۔۔ توابی شوہر کی خوبصورتی سے نظریں چراتا بمشکل اپنے دل پر کنڑول کرتے ہوئے ڈرائیونگ سیٹ پر جا کر بیٹھ گیا ہے۔۔

وہ دونوں پیچھے اور تابش فرنٹ سیٹ پر بیٹھا گاڑی کو ہال کی جانب لے گیا اور آدھے گھنٹے بعد وہ ہال کے سامنے موجود تھے۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥

گولڈن شیر وانی میں اپنے چوڑے سینے دراز قد کے ساتھ صارم آفندی ہر کسی کی آنکھوں میں چمک رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اور ساتھ ہی تھری پیس سوٹ میں شہریار آفندی بہت ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔اسکے لبوں پر مسکان غضب دہا رہی تھی۔

عارم آفندی اور ساحر کے ساتھ وہ جب میرج ہال میں داخل ہوئے ہر طرف شور سا اٹھا۔۔۔

لڑکیوں کی کھلکھلاہٹیں خوشی بھرے قہقہے ماحول کو بہت ہی خوبصورت بنا گئے تھے. انکے اندر قدم رکھتے پھولوں کی برسات سی ہوئی!!

ماشاءاللہ۔۔۔۔۔۔۔۔حاجرہ بیگم نے آگے بڑھ کر شہریار آفندی۔۔۔کے ماتھے پر بوسہ دیا اور وہ سب کسی مغرور شہنشاہ کی چال چلتے اسٹیج پر بیٹھے۔۔۔

اب دانت اندر کر لے پتا لگ گیا ہے بڑا میدان مار لیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساحر نے شہریار کی مسکان پر چوٹ کی تو وہ اور سرشاری سے قہقہہ لگا اٹھا!!!

مجھے لگتا ہے تو پیچھے رہ جانے سے جل رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسکے کہنے پر صارم مسکراتا ساحر کی شکل دیکھنے لگا۔۔ جو قہقہہ لگا رہا تھا پھر اسنے عارم آفندی سے بات کرتے شہریار کو دیکھا دونوں کی نظریں ساحر پر تھی!!!

خوش فہمی ہے بڑی۔۔۔۔۔۔۔ میں تو اس وقت کا انتظار کر رہا ہوں جب تو کہے گا "شادی کر کے پھنس گیا یار اچھا خاصا کنوارہ تھا"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب کی بار ساحر خان نے قہقہہ لگایا

چل بھائی دیکھتے ہیں تو کہتا ہے یا میں۔۔ اسکے سامنے پٹر پٹر بولتی۔ سدرہ کی شکل گھومی جسکی باتیں اتنی ہوتی کے اگلا بندہ تب تک ہوش گواں دیتا۔

ساحر نے ہونہہ کہہ کر سر جھٹکا۔۔۔۔۔۔کیونکہ ابھی اسکا شادی کا کوئی پروگرام نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اسنے شہریار کے ذکر کرنے پر بھی منا کر دیا تھا۔۔

کچھ ہی دیر گذری تو دلہن کا شور گونجا۔۔۔

شہریار آفندی کے لبوں پر تبسم اپنی چھپ دیکھانے لگا۔۔اس وقت کئی دل اسے دیکھ کر دھڑکے۔۔۔۔۔۔۔اور کتنے ہی حسد کی لپیٹ میں آئے !!

حاجرہ بیگم آگے بڑھی اور ارم کے ساتھ اندر داخل ہوتی دلہن کو سہارا دیا۔۔

گولڈن سونے نگینوں کے کام سے بھرا بھاری لہنگا بمشکل اپنے نازک جسم پر سنبھالتے ڈائمنڈ کی ہیوی جیولری ہائی ہیل میں حور پہنچانے سے انجان لگ رہی تھی!!

پارلر کے خوبصورت مہارت سے کیے گئے میک اپ نے اسکے حسن کو مزید قیامت خیز بنادیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ چھوٹی سی ناک میں چھوٹے چھوٹے ڈائمنڈ کی نتھ سرخ ڈیپ رنگ میں لپٹے پنکھڑیوں کو چومتا نتھ سے اٹیچ چھوٹا ڈائمنڈ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو کوئی دیکھتا پلکیں جھپکانا بھول جاتا۔

ارم اور حاجرہ بیگم کے سہارے چلتی اپنے ہمسفر کے سامنے آئی جسنے اسکا نازک زیوروں سے سجا حنائی ہاتھ تھاما تو وہ کانپ سی گئی پر وہ سرشار سا اسے اپنے ساتھ بیٹھانے لگا۔۔

ڈیپ ریڈ رنگ کے سونے کے ستاروں سے سجایا وہ بھاری لہنگا حور کے تن کا زینت بنا ہوا تھا۔

اسے دیکھتے ہی شہریار آفندی کی دھڑکنیں بے ترتیب ہوئی۔ پھولوں کی برسات مووی میکر، ارم کی سنگت میں چلتی وہ اسکے سامنے آئی تو بڑی چاہ سے اسکے حنائی ہاتھ کو تھام کر اپنے برابر لایا۔۔

اس حسین منظر کو کئی کیمرا نے قید کیا۔۔۔۔۔۔۔لوگ سحر میں جکڑے انہیں دیکھ کر سہار رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں تھی کہ پلٹنے کا نام نہیں لے رہی تھی !!!

زیادہ ہی اتوالہ ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔ساحر کی سرگوشیوں پر حور کے سمٹ جانے پر شہریار نے قہقہہ لگایا۔۔۔۔۔۔۔

تو تواب دفع ہو یہاں سے کباب میں ہڈی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دانت پیس کر کھا جانے والی نظروں سے ساحر کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آنکھ مار کر ہنستا صارم کے بلانے پر نیچے آیا۔

شہریار آفندی نے محبت سے ایک نظر حور کے جھکے سر کو دیکھ کر لرزتا ہاتھ سہلایا

۔۔

ریلیکس مسز شہریار آفندی۔وہ سرگوشی میں بولا حور نے آنکھیں جھپکیں۔۔۔

تم جانتی ہو آج دل تمہیں چھپانے کی چاہ کر رہا ہے،اسکے ہاتھ کی پشت انگوٹھے سے سہلائی،

حور نے گھبراہٹ سے کوئی جواب نا دیا تو وہ مسکرانے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔

آہستہ آہستہ سب آکر انہیں مبارک باد دینے لگے جنہیں وہ خوش دلی سے وصولتے گئے !!

تھری پیس سوٹ میں ملبوس تابش کی نظریں بھٹکتی حور پر ہی تھی آنسو آنکھوں کی باڑ سے نکلنے کو بے تاب تھے جنھیں وہ بے دردی سے اپنے اندر روکے ہوئے تھا۔۔

جب مرد کسی عورت سے محبت کرتا ہے اور اسے پا نہیں سکتا اور وہ کسی اور کے نکاح میں چلی جاتی ہے تو یقین مانیے ہر رات وہ سینکڑوں بار یہ سوچ کر مرتا ہے کے اس کی محبت کسی اور کی دسترس میں ہے، کسی اور کو حاصل ہے اور اُس پر اُس کا کوئی حق نہیں۔

وہ اُن کے ہر لمس کو خیال اور تصور میں محسوس کر رہا ہوتا ہے، یہ احساس ایسے ہے جیسے بیک وقت کئی خنجر اس کے بدن میں پیوست ہو جائیں۔

مرد کو شاید محبت کرنے میں وقت نہیں لگتا مگر جب اسے محبت ہو جاتی ہے تو اس محبت سے نکلتے نکلتے مرد بوڑھا اور بے بس ہو جاتا ہے۔۔۔

میں نے ہمیشہ چاہا کہ تم مجھ سے محبت کرو، ہر طرح سے کوشش کی ایسی کوشش جو بھکاری کسی مالدار سے، لیکن شاید میری صدا میں ہی وہ اثر نہ تھا اگر ہوتا تو محبت نہ سہی تمہیں مجھ سے ہمدردی تو ہو ہی جاتی!!

مجھ میں ہی کوئی کمی ہو گی جس سے میں انجان اور تم باخبر تھے اس لئے میں نے تمہیں اپنے گھٹن بھرے ساتھ سے آزاد کر دیا اب تمہاری قسمت کے دروازے کھل گئے ہیں تم پر،، میں نے تمہیں کبھی کوئی بددعا نہیں دی کیوں کہ جس دل میں محبت رہتی ہو وہاں دعائیں رہتی ہیں۔۔۔وہ دل ہی دل میں حور سے مخاطب تھا۔

حور جو شہریار کے پہلو میں کنفیوز سی بیٹھی ہوئی تھی خود پر مسلسل کسی کی نظروں کی تپش دیکھ کر وہ گھونگٹ سے ہی سامنے کی جانب دیکھتی ہے۔۔تو سامنے ہی اس کو تابش کھڑا نظر آیا تابش کی آنکھوں میں نمی دیکھ کر حور۔کے دل میں ایک چبن سی اٹھی تھی۔۔بے شک وہ تابش سے محبت نہیں کرتی تھی لیکن تابش کی محبت سے تو وہ واقف تھی۔۔

کیاہوا آپ ٹھیک ہیں۔۔۔۔۔نیوی بلو میکسی میں خوبصورت ہیئر اسٹائل کے ساتھ نفاست سے کیے گئے میک اپ میں ارم۔۔ نظر لگ جانے کی حد تک پیاری لگ رہی تھی۔۔۔۔۔اسنے فکر مندی سے تابش کی سرخ رنگت کا پوچھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہہ۔۔۔ہاں۔۔۔۔وہ زبردستی مسکرایں۔۔۔۔۔

لگ تو نہیں رہیں۔۔۔۔وہ فکر مندی سے تابش کی طرف دیکھ کر پوچھنے لگی۔۔ میں ٹھیک ہوں تم جاؤ اپنی دوست کے پاس اس کو تمہاری ضرورت ہو گی تابش ارم کو ٹالتے ہوئے بولا۔۔

ارم سمجھ گئی تھی وہ اس سے بات کرنے کے موڈ میں نہیں ہے وہ دل مسوس کرتے ہوئے۔ہاجرہ بیگم کی جانب چلی گئی۔ حور کے پاس وہ جانا نہیں چاہتی تھی

کیونکہ اس وقت سٹیج پر صرف حور اور شہریار ہی بیٹھے تھے اور شہریار مسلسل حور کے کانوں میں نہ جانے کون سی سرگوشیاں کر رہا تھا ارم کو اپنا آپ وہاں پر جانا مناسب نا لگا۔

بہت پیاری لگ رہی ہیں ماہا آپی۔۔۔۔۔۔۔۔ارم نے سرخ رنگ کے لہنگے اور نفیس جیولری میں ماہا کی تعریف کی وہ جھینپ گئی۔۔۔۔۔۔۔

تم بھی بہت خوبصورت لگ رہی ہو میری جان۔۔۔۔۔۔۔اسنے گال پر ہاتھ پھیرا تو ارم مسکرا کر شہریار کے پہلو میں بیٹھی اپنی بہت پیاری دوست کو دیکھا جو اس وقت سمٹی بیٹھی تھی۔۔۔۔۔

کتنا پیارا جوڑا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حور اور شہریار ادیکھ کر کہا تو ارم نے محبت پاش نظروں سے اسٹیج کی جانب دیکھا۔۔

اور دل ہی دل میں اللہ کو ڈھیروں شکریہ ادا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ایک سکون بھری گہری سانس فضا میں خارج کی۔۔

بلیک تھری پیس سوٹ میں عارم آفندی نے مسکرا کر شہریار اور صارم کے پر سکون چہرے کو دیکھا۔۔۔۔۔۔اور رب تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا جسنے اتنی پیارر اور نیک اولاد عطا کی. جو آج اسکا سر فخر سے اونچا کیے اپنے گھروں کی ہو رہے تھے!!

شکریہ میرے مالک تیرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکی بڑبڑاہٹ ساحر خان بھی مسکرائے اور ساتھ شکریہ ادا کرنے لگے!!!

♥♥♥♥♥♥♥♥

کچھ ہی دیر بعد رُخصتی کا شور اُٹھا۔ حور سب بڑوں کی دعاؤں کے حصار میں نئی زندگی کی راہ پر نکل گئی۔

"حور! میری جان رو کیوں رہی ہو؟ میں کون سا تمہیں لیکر کہی دوسرے ملک جا رہا ہوں۔" شہریار آفندی اس کی سُوں سُوں کی آواز گونجتے دیکھ بولا۔۔

"پتہ نہیں جانے کیوں خود بخود رونا آرہا ہے۔" وہ انتہائی معصومیت سے ذرا سا سر اُٹھاتی ہوئی بولی۔

شہریار آفندی نے بنا کچھ کہے اس کے گرد ہاتھ پھیلاتے اس کا سر اپنے کندھے پر ٹکایا تھا۔

"شہریار! پتہ نہیں کیوں آج بھی میرا دل گھبرا رہا تھا کہ کہی پھر سے کچھ بُرا نہ ہو جائے مگر اس بار ایسا کچھ نہیں ہوا۔ وہ اس کے سینے میں سر چُھپاتی ہوئی بولی۔ ماضی کی پرچھائی ابھی بھی کہیں گئی حور کے اندر کنڈلی مار کر بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

شہریار آفندی" نے جُھکتے اس کے بالوں پر ہونٹ ٹکائے تھے۔
ایک گھنٹے کے سفر کے بعد ان کی گاڑی آفندی مینشن کے آگے رُکی تھی۔ جہاں پہلے سے ہی گھر والے ان کے استقبال کے لیے کھڑے تھے۔ پھر تھوڑی دیر بعد کچھ رسموں کے بعد "حور" کو شہریار کے کمرے میں پہنچا دیا گیا۔

وہ بستر پر بیٹھی اس کے آنے کا انتظار کر رہی تھی۔ آنے والے وقت کا سوچتے اس کی ہتھیلیاں پسینے سے بھیگ رہی تھیں۔ گھبراہٹ کے مارے پسینے کی ننھی ننھی بوندیں ماتھے پر چمک رہیں تھیں۔ اسے زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑا۔ جب کچھ ہی دیر بعد شہریار آفندی اپنی بھرپور پرسنلٹی کے ساتھ دروازہ کھولتا اندر آیا!!

شہریار آفندی" اسے سامنے اپنے بستر پر موجود دیکھ جتنا خدا کا شکر کرتا اُتنا کم تھے۔ جانے کب سے وہ لڑکی اس کے دل کی مکین تھی۔ جانے کب سے دل نے یوں اسے اپنے کمرے میں دیکھنے کی خواہش کی تھی!! آج اسے اپنا کمرہ سب سے حسین اور مکمل لگ رہا تھا!

وہ قدم بہ قدم چلتا اس کے نزدیک ترین آکر بیٹھ گیا۔
شہریار آفندی۔۔نے حور کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں قید کیا جن میں ہلکی ہلکی کپکپاہٹ محسوس ہو رہی تھی۔اس نے نرمی سے اس کا ہاتھ سہلاتے اسے پُرسکون کرنے کی کوشش کی تھی۔
سائیڈ ڈرا سے ایک مخملی کیس نکال کر ان میں سے خوبصورت سے پائل نکال کر اس کے پاؤں میں پہنائی تھی۔حور نے اپنا پاؤں پیچھے کھنچنا چاہا اسے اچھا نہیں لگا تھا اس کا یوں اپنے پاؤں کو ہاتھ لگانا۔وہ اس کے پیروں کو مضبوطی سے تھامتا دونوں پیروں میں پائل کو زینت بنا چُکا تھا۔پھر ذرا سا جُھکتے پائل پر ہونٹ ٹکائے تھے۔حور نے گھبرا کر پیر پیچھے کھینچا۔

آ۔۔۔۔۔۔۔۔۔پ کو کیسے پتہ ہے مجھے پائلیں پسند ہیں حور نے اٹکتے ہوئے بنا شہریار کی طرف دیکھے سوال کیا؟؟

"تم سے جُڑی ہر چیز مجھے حفظ ہے۔" وہ مسکراتا ہوا بولا۔ وہ مزید نزدیک ہوتا اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام چُکا تھا۔

"مجھے اس دن کا شدت سے انتظار تھا۔ میری جان۔ اب زندگی کا ہر پل تمہیں میرے سنگ گزارنا ہے۔ اب واقعی ہی زندگی حسین ہونے والی ہے۔ تم آ گئی ہو تو یقیناً زندگی میں رنگ بھرنے والے ہیں۔" وہ اس کے ماتھے پر جُھکتا اپنے لب ٹکا گیا۔ حور کی پلکیں لرز کر رہ گئیں۔

"تمہیں پتہ ہے آج تم کتنی پیاری لگ رہی ہو۔ میرا دل چاہ رہا ہے تم سامنے بیٹھی رہو اور میں ایک پل بھی تم پر سے نظریں نہ ہٹاؤ۔" اس نے ایک نظر اس کی نتھ کے موتی کو دیکھا تھا جو اس کے ہونٹوں کو چھو رہا تھا۔ شہریار نے استحاق سے جُھکتے اُس موتی پر اپنے لب ٹکائے تھے۔

اُس کی جُھکی پلکیں مزید جُھک گئیں۔ اس کے چہرے پر کتنے ہی رنگ بکھرتے چلے گئے۔۔

"چینج کر لو۔ تم انکمفرٹیبل لگ رہی ہو۔" وہ اس کا ہاتھ تھام کر اسے بستر سے اُترنے میں مدد دے چُکا تھا!!

حور بھاری جیولری سے آزاد ہوتی ایک آرام دہ سوٹ لیے واش روم کی طرف بڑھ گئ۔ کچھ دیر بعد وہ فریش سی باہر آئی تھی۔ شہریار بھی اتنی دیر میں نائٹ ڈریس پہن چُکا تھا۔ کمرے میں نیم اندھیرا تھا۔ خود وہ بستر پر براجمان ہوتا اسی کا انتظار کر رہا تھا۔۔ شہریار نے اپنا ہاتھ اس کی طرف پھیلایا تھا۔ وہ جھجھکتی ہوئی چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتی بستر کے نزدیک آتی اس کا ہاتھ تھام گئ۔۔

شہریار نے اس کا ہاتھ کھینچتے اسے خود پر گرایا تھا۔ حور نے سٹپٹا کر اس کی حرکت کو دیکھا۔ اس نے دور ہونا چاہا جو کہ اب ناممکن تھا۔
وہ اسے بستر پر لیٹاتا اس پر سایہ کر گیا۔۔ حور سختی سے آنکھیں میچ چکی تھی۔ وہ ان سب کے لیے ابھی تیار نہیں تھی؟؟

شہر یار نے دھیرے سے اس کی بند آنکھوں کو چھوا تھا۔اس کی ہاتھوں کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں اُلجھائے وہ مزید جُھکتا اس کے نقوش کو چھونے لگا۔اس کی سانسوں کی خوشبو خود میں بساتے جیسے وہ مسرور ہو رہا تھا۔وہ اس کی مزاحمتوں کو خود میں قید کرتا گہرائیوں میں اُترتا ساری وریاں سمٹنا چاہتا تھا۔۔۔۔

♥♥♥♥♥

اف وہ بہکے ہوئے ہونٹوں کے لرزتے ہوئے جام

ہائے وہ پیاس تیرے ہجر کی بھڑکائی ہوئی!!!

ایسا کہتے ہی شہر یار۔ حور کے ہونٹوں پر جھکا اور اسے اپنے لبوں میں قید کر لیا۔۔ حور "اس اچانک افتاد پر بوکھلا گئی اور مزاحمت کرنے لگی۔۔

شہر یار آفندی نے اس کی مزاحمت محسوس کر اس کے ہاتھوں کو اوپر دیوار سے پن کر کے ایک ہاتھ اس کی گردن کے پچھلے حصے پر باندھ کر خود کے مزید قریب کر

کے اس کے ہونٹوں کو اپنے دانتوں میں لاک کیا اور اب اس کے نرم و ملائم لبوں کو اپنے ہونٹوں کے ساتھ ساتھ دانتوں سے بھی کاٹ رہا تھا۔۔۔

حور کو لگا کہ آج شہریار آفندی "اس کے ہونٹ چبا ہی جائے گا... جس طرح سے وہ دانتوں کا دباؤ بڑھا کر کھروچ رہا تھا..

شہریار آفندی "حور کے ہونٹوں کو سک کرتے ہوئے ان کا جام پی رہا تھا اور قطرہ قطرہ اس کی سانسیں اپنے اندر انڈیلنے لگا اس کے ہونٹوں پر جھک کر شاید وہ پیچھے ہٹنا ہی بھول گیا تھا!!!!!

میں شدت پسند ہوں!

مجھے پسند ہے

وحشی پن

اذیت اور لذت کی حدوں کو بیک وقت چھونا

خالص پن

بے قراریاں اور ان کا سکون

انتہاؤں پہ جانا

مقابل کو تڑپانا اور پھر اس کو راحت پہنچانا

میں شدت پسند ہوں!!!

دھیرے دھیرے "حور" کی سانسیں اکھڑنے لگی وہ مچلنے کر اسکے حصار سے نکلنے کی کوشش کرنے لگی.. لیکن شہریار آفندی۔۔نے اسے اس طرح سے لاک کیا ہوا تھا وہ ایک انچ بھی نہیں ہل پا رہی تھی۔۔

آہستہ آہستہ، حور کی مزاحمت بھی دم توڑ گئی اور اس نے اپنا وجود ڈھیلا چھوڑ دیا۔۔شہریار نے اس کے مزاحمت نہ ہوتے دیکھ اور اس کی اکھڑتی سانسوں کو محسوس کر پیچھے ہٹا اور اس کے ہونٹوں کو دیکھ کر فتح مندی سے مسکرایا!!

حور "شہریار آفندی" کے پیچھے ہٹتے ہی اپنے دل پر ہاتھ رکھ کے اپنی اکھڑی ہوئی سانسیں بحال کرنے لگی.. شہریار آفندی اسے دیکھ کر اپنے سینے سے لگاتے ہی اس کی کمر سہلانے لگا اس کی سانس جب تھوڑی بہت بہال ہوئی تو اس کا چہرہ اوپر اٹھایا اس سے مخاطب ہوا!!!

ابھی تک میری پیاس بجھی نہیں ہے۔۔یہ کہتے ہی ایک بار وہ پھر جھکنے لگا تو؟؟ حور نے اسے دھکا دے کر پیچھے کیا اور شکوہ کناں نگاہوں سے اس کی طرف دیکھنے لگی!!

ٹھیک ہے کر لیں آپ اپنی مرضی جو دل میں آتا ہے کریں... حور کے جذباتوں کی نہ کل کوئی قدر تھی اور نہ ہی آج کوئی قدر ہو گی۔۔حور روتے ہوئے ناچاہتے ہوئے بھی شکوہ کر بیٹھی وہ دل میں عہد کر کے آئی تھی کہ وہ اس سے کوئی شکوہ

نہیں کرے گی لیکن پتہ نہیں کیوں شہریار کے سامنے اب وہ پگھلنے لگی تھی اور اپنے شکوے اس سے کر بیٹھتی تھی۔۔؟

شہریار آفندی۔۔اسے اداس اور بے بسی محسوس کر کے اس کی طرف لپکا تمہارے جذبات کی اور تمہارے احساسات کے اور تمہاری میرے دل میں بہت قدر اور بہت اونچا مقام ہے۔۔ مسز شہریار آفندی۔۔

شہریار آفندی نے محبت سے لبریز لہجے میں اسے اپنی محبت کے یقین دلانے کی کوشش کرنے لگا۔۔

نہیں ہے آپ کو قدر اگر ہوتی تو تو مجھے سمجھتے کہ میں ان سب کے لیے تیار ہوں کہ نہیں ہوں۔۔

تائی امی مجھے سمجھاتی ہیں کہ مجھے آپ کو حق لینے سے نہیں روکنا مجھے یہاں سب کے ساتھ اچھے سے رہنا ہے شاید میں ایک بہترین زندگی گزار سکتی ہوں۔

کبھی مجھ سے کسی نے پوچھا کہ میں کیا چاہتی ہوں میرے جذبات کیا ہیں کہ ان کی کبھی کسی کو قدر نہیں ہوئی پھوٹ پھوٹ کر روتی نیچے بیٹھتی چلی گئی!!

شہریار آفندی۔۔۔حور کے لفظوں میں درد اور بے بسی محسوس کرتا اسے اپنے سینے سے لگانے کی کوشش کرنے لگا۔۔جو مسلسل اسے جھٹک رہی تھی میں قدر کروں گا پلیز مجھے ایک بار اپنے دل میں جگہ تو دو۔۔۔۔

پلیز۔حور اس کے ماتھے پر ہونٹ رکھے میں تمہاری تا قیامت تک قدر کروں گا، کبھی تمہیں اکیلا نہیں چھوڑوں گا، تمہارے جذبات کی قدر ہے مجھے اور قدر رہے گی ہمشہ، بس ایک بار مجھے موقع دے کر تو دیکھو میں تمہیں نہ امید نہیں کروں گا؟؟

شہریار آفندی۔۔ حور کو اپنی محبت کا یقین دلاتا اپنے لبوں سے اس کے آنسو چننے لگا۔۔۔ حور" کی آنکھیں رونے کی وجہ سے سرخ ہو رہی تھیں۔ شہریار اس کے ہونٹوں کو جھک کر نرمی سے چومنے لگا۔۔ شاید اسے اپنی محبت کا احساس دلانا چاہتا تھا!!!!!!!!!!!!

جو اس وقت خود کو بے بس محسوس کر رہی تھی اس کو احساس دلانا چاہتا تھا کہ اس کی اور اس کے جذبات کی اس کے دل میں کتنی قدر ہے، اس کے ہونٹوں کو نرمی سے چومتے ہوئے اس کی آنکھوں پر لب رکھے جو رونے کی شدت سے سرخ ہو گئی تھی پھر اس کے گالوں پر لب رکھے۔ حور نے کوئی مزاحمت نہیں کی سکون سے اپنے محرم کا لمس اپنے ہونٹوں اور چہرے کے ایک ایک نقوش پر محسوس کرتی آنکھیں موندے ہوئے تھی!!!

شہریار آفندی اسے اپنے حصار میں لیتا بیٹھ گیا اور ایک بار پھر اس کے ہونٹوں کو چوم کر اس کی گردن پر کس کرنے لگا اس کی شہ رگ پر اپنا لمس بکھیر کر اس کے کندھوں پر ہونٹ رکھے۔۔

میں تمہارے ساتھ کوئی زبردستی نہیں کروں گا اگر تم اس سب کے لیے تیار نہیں ہو تو میں کبھی اپنا حق لینے کے لیے اگے نہیں بڑھوں گا!!!

شہریار آفندی اس کے ساتھ واقعی کوئی زبردستی کا ارادہ نہیں تھا اسی لیے اس سے اجازت مانگ رہا تھا!!!

اتنی جلدی بھی وہ اس سب کے لیے اجازت لینا نہیں چاہتا تھا لیکن حور کے لفظوں میں بے بسی محسوس کر اور اسے خود سے اتنا بد گمان دیکھ کر وہ چاہتا تھا کہ وہ اب اس کی روح میں سما جائے اور اس کی ساری بد گمانیوں کو دور کر دے اور اپنے رشتوں کو مضبوط کرے جس کی وجہ سے وہ اجازت مانگ رہا تھا!!!

حوراس کے الفاظوں کو سنتی اپنے خشک ہونٹ کو زبان پھیر کر تر کرنے لگی دل سے تو وہ بھی یہی چاہتی تھی کہ ان کا رشتہ مضبوط ہو جائے اور وہ پہلے والا درد اب دوبارہ نہیں سہنا چاہتی تھی۔۔۔۔

لکین شہریار آفندی کا یوں اجازت مانگنا اسے کشمکش میں مبتلا کر گیا۔۔

کیونکہ وہ مشرق کی لڑکی کیسے خود سے حامی بھرتی

شہریار آفندی اس کی خاموشی محسوس کر پیچھے ہٹنے ہی والا تھا کہ "حور نے جلدی سے آگے بڑھ کر اس کے گلے میں بازو حائل کر کے اپنی اجازت کا ثبوت دے دیا۔۔۔

جسے محسوس کر شہریار آفندی۔۔

بھرپور انداز میں مسکراتے ہوئے ایک بار پھر جوش سے اس کے یاقوتی لبوں کو اپنے ہونٹوں کے گرد لپیٹ کر سک کرنے لگا اس کی سانسوں کو اپنے اندر انڈیلتے ہوئے بے دردی سے سک کر رہا تھا پھر اپنی زبان اس کے دانتوں پر پھیر کر اس کے منہ کے اندر ڈال کر اس کی زبان سے الجھانے لگا!!!

شہریار آفندی۔ حور کے ہونٹوں کو اپنے لبوں کے ساتھ الجھائے بے دردی سے سک کرتے ہوئے اپنے لب اس کی زبان کے ساتھ لپیٹے ہوئے اسے اپنی گود میں اٹھاتا بیڈ کی طرف بڑھا!!

حور اس قدر بے باکی محسوس کر کان کے لو تک سرخ ہو گئی شہریار آفندی اپنے ہونٹ اس کی زبان کے گرد لپیٹ کر سک کرنے لگا اور اس کے ہونٹوں کو بے دردی سے چوم رہا تھا وہ اس کے ہونٹوں پر جھک کر پیچھے ہٹنا ہی بھول گیا ہو اس کے لمس میں اس طرح سے کھویا ہوا تھا،

حور کو جب اپنی سانسیں اکھڑتی ہوئی محسوس ہوئی تو اس کے کندھے پر اپنے نرم و ملائم ہاتھوں سے چھوٹے چھوٹے مکے برسانے لگی۔۔ شہریار آفندی اس کے مزاحمت محسوس کر اس کے ہاتھوں کو بیڈ گراؤنڈ پر پن کر کے اپنے عمل میں شدت بڑھائی!!!

۔ بالآخر جب شہریار آفندی کو لگا کہ اب اس کی سانسیں بالکل ختم ہو گئی ہیں، تو اپنی سانسیں اس کے اندر اور انڈھیلنے لگا پیچھے ہٹ کر اس کے چہرے کی طرف دیکھا جس کی سانسیں پھولی ہوئی تھی اور وہ شکوہ گناہ نگاہوں سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی جس نے اپنے لمس میں بہت شدت دکھائی تھی !!!!!¡!!

اس کی حالت کو ملاحظہ کرتے ہوئے مسکراتے ہوئے اسے دیکھنے لگا اب تم بالکل میرے رنگ میں رنگ چکی ہو کہتے ہوئے ایک بار پھر نرمی سے اس کے ہونٹوں پر جھک کر چوم گیا کیونکہ اب تمہارے ہونٹوں پر دیا ہوا رنگ میرا ہے جو اس

قدر دلکش لگ رہا ہے کہتے ہوئے پھر ایک بار چوم گیا اور یہ عمل شہریار آفندی نے بارہا مرتبہ دہرایا!!!

جیسے ہی حور دروازے سے سائیڈ پر ہوئی۔۔بنا دیری کے تابش کمرے کے اندر گھس گیا۔۔اس کی اتنی جلد بازی دیکھ کر حور اور شہریار کا مشترکہ قہقہ گونجا تھا!!

وہ کمرے میں جیسے ہی داخل ہوا سامنے ارم گھونگھٹ اوڑھے بیڈ پر بیٹھی اسی کی انتظار میں اونگ رہی تھی۔۔نیند کا غالبا بھی اس پر آرہا تھا لیکن وہ ابھی بھی تابش کا انتظار کر رہی تھی!!

تابش کمرے کی کنڈی چڑھاتے ہوئے آہستہ آہستہ قدم لیتے ہوئے ارم کی جانب بڑھا۔۔

کمرے میں تابش کی موجودگی کو محسوس کرتے ہی ارم کا دل دھک دھک کرنے لگا اور ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور پیشانی پر پسینے کی بوندیں چمکنے لگی۔۔وہ خود کو بہت نروس محسوس کر رہی تھی۔۔

💖💖💖💖💖💖

پورا کمرہ پھولوں سے سجایا گیا تھا ڈریسنگ ٹیبل سائیڈ ٹیبل کمرے میں پڑے باقی ٹیبلز زمین پر دیے رکھ کر جلائے گئے تھے۔ کمرے میں اٹھتی کلون کی خوشبو سانسوں میں گھل رہی تھی

"ارم" گھونگھٹ اوڑھے بیٹھی ہوئی تھی جب اسے دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آواز سنائی دی!!

آنے والے وقت کے بارے میں سوچ کر اس کی ہتھیلیاں پسینے سے بھیگنے لگیں !!!

تابش اپنی شیر وانی اتارتا بیڈ تک آیا۔۔اور بیڈ پر بیٹھ کر ارم کو سلام کیا۔

اسلام علیکم ! سویٹ ہارٹ کیسی ہو ؟؟؟

وعلیکم السلام ! ! ! ! اس نے ہلکی سی آواز میں سلام کا جواب دیا۔۔۔۔
میں نے تمھیں اس ڈریس میں دیکھ تو رکھا ہے پھر اس سو گز کے پردے کی کیا ضرورت تابش نے اس کا گھونگھٹ سائیڈ پر کرتے شرارت سے کہا۔

میں کونسا آپ کی منت کر رہی ہوں مجھے دیکھیں گھونگھٹ تو میں نے اس لیے کیا تھا کہیں آپ کی کالی نظر نا لگ جائے مجھے۔۔۔۔۔وہ بھی کونسا کسی سے کم تھی۔۔۔۔۔

ارم کی بات سن کر تابش کا منہ پورے کا پورا کھل گیا۔ شرم نہیں آتی اپنے شوہر سے زبان لڑاتی ہو۔۔اپنے شوہر کو کالی نظر والا کیسے کہہ سکتی ہو ! !

ہونٹ اچھے ہیں آپ کے اور میں ..

ایسے ہونٹوں سے ہی متاثر ہوں ...

دیکھیئے _____ کیفیت سمجھ لیجئے ..
میں تو اب بولنے سے قاصر ہوں !..

تابش نے ارم کے لبوں پر اپنا انگوٹھا پھیرتے ہوئے شعر پڑھا اس کا شعر سنتی ارم کانوں تک سرخ ہوئی !!

اووووووے ےےےےےےہاےےےےےےے۔۔۔میری شیرنی شرماتی بھی ہے میری گنہگار آنکھوں نے کیا دیکھ لیا تابش نے مزید اسے خود میں سمٹنے پر مجبور کیا۔۔۔۔

ارم میں آج آپ سے اپنے دل کی بات کہنا چاہتا ہوں میں جانتا ہوں تو مجھے شروع سے ہی محبت کرتی ہو لیکن میں کبھی تمہاری محبت پر یقین نہ کر سکا یہ تمہارا یقین ہی تھا کہ آج ہم دونوں ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہیں!!!

میں وعدہ کرتا ہوں میں تمھیں ہمیشہ خوش رکھوں گا۔۔ہمیشہ ہر قدم پر تمھارا ساتھ دوں گا. تم اپنے ہر غم خوشی میں مجھے اپنے ساتھ پاؤ گی!!!

ارم کو اپنا دل دھک دھک کرتا ہوا محسوس ہو رہا تھا اس نے کبھی سوچا بھی نا تھا کوئی ایسا بھی ہو گا جو اس سے دیوانوں کی حد تک محبت کرے گا!!!

آج مجھے اجازت دو کہ میں تمہاری روح میں اتر کر تمھاری سانسوں میں اپنا نام لکھ کر تم پر ہمیشہ کیلئے اپنی مہر ثبت کر دوں۔۔۔تم ہمیشہ ہمیشہ کیلئے میری ہو جاؤ۔

تابش نے آگے بڑھ کر اس کے ماتھے پر اپنی محبت کی پہلی مہر ثبت کی۔

مجھے لگتا ہے تم صرف اور صرف میرے لیے بنائی گئی ہو۔۔۔۔۔وہ اس کے کندھوں سے کرتی ہٹاتا وہاں پر اپنی شدتیں لٹانے لگا۔۔

میں چاہتا ہوں آج اس قدر میں تمھیں خود میں سمیٹ لوں کہ پھر ہمارے بیچ کوئی ایسا لمحہ نہ آئے جو ہمیں ایک دوسرے سے دور کر دے یا پھر ہمیں ایک دوسرے سے دور ہونا پڑے!!

آج میں تمھاری روح میں اتر کر تمھاری سانسوں کو مہکانا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔
میرا دل چاہتا ہے میں تمھیں دیکھتا رہوں اور وقت یہیں پر تھم جائے تمھاری محبت نے مجھے تم سے محبت کرنے پر مجبور کر دیا ہے جاناں!!

میں چاہتا ہوں میری آنکھوں میں تمھارے لیے اور تمھاری آنکھوں میں صرف اور صرف میرے لیے چاہت ہو۔۔۔۔۔۔میں تمھارے ان نرم و گداز لبوں کو محسوس کرنا چاہتا ہوں!!!

میں اپنی محبت کی خوشبو سے تمھارے تن من کو مہکانا چاہتا ہوں تابش نے اجازت طلب نظروں سے اس کی طرف۔۔۔۔۔۔
پھر تابش نے باری باری ارم کی دونوں آنکھوں کو محبت سے چوما!!

آپ نے اپنے دل کے سارے راز میرے سامنے کھول کر رکھ دیے ہیں تو میں بھی آپ کو کچھ کہنا چاہتی ہوں وہ بہت جلد تم سے آپ تک کا سفر طے کر گیٔ!!

تابش میرا بھی دل چاہتا ہے میں ہمیشہ آپ کی پہلی اور آخری محبت بن کر رہوں

۔۔۔۔

آپ کے میری زندگی میں آنے سے پہلے نا کوئی میری زندگی میں تھا نا ہی اب ہو گا

۔۔

میں ہمیشہ آپ کی بن کر رہوں گی آپ کی محبت پر آپ کی زندگی پر صرف اور صرف میرا ہی حق ہو گا۔۔۔۔۔

آپ کو ساری زندگی ارم ہی تنگ کرے گی اس کے علاوہ کوئی نہیں۔۔۔۔۔

کسی اور نے آپ کو تنگ کرنے کی کوشش کی تو وہ تگنی کا ناچ ناچے گی۔۔۔۔۔

آپ وعدہ کریں آپ ہمیشہ میرے ہی رہیں گے آپ کی زندگی کے ہر ایک پل پر صرف اور صرف میرا ہی حق ہونا چاہیے۔۔۔۔۔۔اس نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا جس پر تابش نے محبت سے اپنا ہاتھ رکھا!!!!

تم نے نبھانا ہے آخر تک میرا ساتھ

میں نے دنیا کو بتانا ہے محبوب ہو تو تمہارے جیسا!!

تابش نے غور سے اس کے دمکتے حسن کا جائزہ لیا۔۔

تابش نے ارم کے پیروں سے لہنگا اوپر کرتے جھک کر اس کے دونوں سفید ملائم پیر چومے ارم نے تابش کی طرف دیکھ کر جلدی سے اپنے پاؤں پیچھے کرنے چاہے۔ سنو!! تم تو میرے ہو

تمہاری جگہ میرے دل میں سب سے اونچے مقام پہ

تمہیں کیسے قدموں میں بیٹھا سکتی ہوں۔۔ وہ نرم لہجے سے بولی۔۔۔ لیکن تابش اس کی پنڈلیاں تھام گیا۔

"آج کوئی روک ٹوک نہیں ارم" اس نے نظریں اٹھا کر ارم کی آنکھوں میں دیکھا اور پھر اس کے پیروں پر لب رکھے۔۔

تابش نے اوپر ہوتے اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر ان پر بوسہ دیا۔
ارم کی اتنے میں ہی سانسیں اتھل پتھل ہونے لگی۔

تابش نے اپنے مضبوط ہاتھوں میں اس پری پیکر کا چہرہ تھاما

”بہت خوبصورت ہو تم میری سوچ سے بھی زیادہ“ وہ گھمبیر آواز میں کہتا اس کے چہرے پر جھکا اور اس کے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں دبا گیا۔

ارم نے کپکپاتے ہوئے جلدی سے اس کے شانے تھامے تھے!!

تابش نے اس کی سانسیں بند کر کے اپنی سانسیں اس کے حلق میں اتاری ارم نے لمبی سانس اندر کھینچی۔۔

اس نے ارم کا نچلا لب چھوڑ کر بلائی لب اپنی قید میں لیا اور اس پر اپنا جنون دکھانے لگا۔۔

لبوں سے لب ملے تو خاموشی پگھل گئی
دو روحیں اک ہوئیں، یہ کیسی گھڑی آگئی
ہر سانس میں اب بس پیار کی مہک ہے

یہ بوسہ تو جیسے محبت کی انتہا ہو گئی!!!

ارم بری طرح سے پھڑ پھڑا رہی تھی مگر وہ دیوانوں کی طرح اس کے گلاب جیسی پنکھڑیوں کا رس پینے میں مشغول تھا۔

ارم کی سانسیں بلکل بند ہو گئی تھیں اس کے دونوں ہاتھ تابش کے پہلو میں گرے ارم کو بے ہوشی میں جاتا دیکھ کر تابش نے اس کے اندر اپنی سانسیں چھوڑی اور پیچھے ہو کر ارم کا چہرہ تھپتھپایا!!

ارم نے لمبا سانس لیا اور آنکھیں کھول گئی!!

تابش نے ارم کے اوپر جھک کے اُس کی آنکھوں سے بہتے آنسو کو اپنے لبوں سے چھو لیا۔تابش کے اس طرح سے اُس کے قریب آنے پر ارم کانپ گئی۔

اُس نے تابش کا بازو تھامنا چاہا لیکن ارم تابش کو قریب دیکھ کر اُس کی جان ہوا ہونے لگی!!

تابش اُس کے رخسار سے ہوتا اُس کی آنکھوں کو لبوں سے چھو کر اُس کے ماتھے کو لبوں سے چُوما۔

تیری پیشانی پر بوسہ، ایک عہدِ وفا،
چاندنی رات گواہ، عشق نہ ہوا تمام یہاں۔

ارم آنکھیں بند کئے اُس کے ایک ایک لمس کو اپنے چہرے پر محسوس کرنے لگی۔

"اب اور مت تڑپاؤ۔۔۔۔ تم میری بیوی ہو. کیا میں تمہیں اپنا بنالوں؟
اجازت؟"
تابش ارم کے کان کے پاس سرگوشی نما آواز میں بولا تو ارم کانپ اٹھی۔

"تابش۔۔۔۔۔"

ارم گہری گہری سانسیں لیتی اُسے پکارنے لگے۔

"اجازت۔۔۔۔؟"

تابش نے پھر پوچھا۔

ارم نے آہستہ سے سر کو ہاں میں جنبش دی۔

تابش نے مسکراتے ہوئے ارم کے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں لے لیا۔

ارم۔۔۔تابش کے بالوں میں اُنگلیاں پھیرتی اُس کی شدّت سے بھرپور لمس کو اپنے لبوں پر محسوس کیے جا رہی تھی۔

بہت دیر بعد تابش نے اُس کے لبوں کو آزادی بخشی تو وہ گہری گہری سانسیں لیتی اپنا تنفس بحال کرنے لگی۔

تابش نے ذرا اونچا ہو کر اُس کے چہرے کو دیکھا

تابش کے اُس ذرا اونچا ہونے پر ارم دوسری طرف کروٹ لے چکی تھی۔۔

کمر خیال مٹکتی کلی لچکتا شباب

کمان ٹوٹتی انگڑائی حشر جان!!!

تابش نے مسکرا کر اُس کے پیٹھ کو دیکھا اور اُس کے بال ایک طرف کرتا اُس کے کندھوں کو لبوں سے چھونے لگا۔

ارم مٹھیاں بھینچے تابش کی قربت میں پگھلنے لگی۔

ارم نے زور سے بیڈ شیٹ کو مٹھیوں میں جکڑ لیا۔

تابش نے ارم کے جسم کی کپکپاہٹ کو محسوس کرتے اُس کا رخ اپنی طرف کر کے اُسے بولا۔۔

”

”آئی نو مائی جان تم ابھی ان سب کے لیے تیار نہیں ہو اور مجھے برداشت کرنا تمہارے بس کی بات نہیں بٹ یو نو... صرف تم ہی ہو جو مجھے جھیل سکتی ہو مجھے کنٹرول کر سکتی ہو!!

پلیز آج بے ہوش مت ہونا آج تمہارا بے ہوش ہونا میں افورڈ نہیں کر سکتا بس آج کی رات.....“ وہ خمار میں ڈوبی آنکھوں سے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر محبت والفت سے بولا ارم نے سوں سوں کرتے ہوئے سر کو ہاں میں ہلایا!!

تابش کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ گئی اس نے سائیڈ ٹیبل کی دراز سے ایک خوبصورت سرخ رنگ کی لمبی سی ڈبیا نکالی اور ایسے کھول کر اس میں سے ایک خوبصورت پائل نکالی اور پھر ارم کا پاؤں پکڑ کر خود اپنے ہاتھوں سے وہ پائل اس کے پاؤں میں پہنا گیا جیسے ہی تابش کی انگلیاں ارم کے سفید گورے پاؤں کے ساتھ ٹچ ہوتی ہیں ارم کا جسم ہچکولے کھانے لگا!!

تو میسز کیسا لگا آپ کو میرا گفٹ تابش ارم کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر محبت سے بولا!!

بہت بہت پیارا ہے ارم شرماتے ہوئے بولی باریک سی نفیس سی پائل ارم کو سچ میں بہت پسند آئی تھی۔۔

جب تم شرم سے سرخ پڑتی میرے سینے میں اپنا چہرہ چھپاؤ گی جب تمہارے جسم سے میری خوشبو آئے گی جب تمہاری رگوں میں میں خون کی طرح دوڑوں گا جب تمہارے دل دماغ روح میں صرف تابش اجمل کی ملکیت ہو گئی۔۔تب تم اپنی قسمت پر ناز کرو گی میسز تابش اجمل!!

میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ مجھے کسی اور سے بھی پیار ہو سکتا ہے میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے صرف ایک لڑکی سے محبت کی تھی لیکن جب سے تم میری زندگی میں آئی ہو تب سے مجھے سمجھ آئی کہ محبت کیا ہوتی ہے شاید میں تو کبھی

محبت میم سے بھی واقف نہیں تھا شکریہ میری زندگی کو اس قدر حسین بنانے کے لیے اس کے ہاتھوں کو چومتے ہوئے ایک بار پھر اپنی محبت کا اقرار کرنے لگا!!!

میں تمہیں اپنی بانہوں میں سمیٹ لوں گا، جیسے وقت تھم جائے اور دنیا خاموش ہو جائے۔ تم میری گود میں ہو گی، تمہاری سانسیں میری دھڑکن سے ہم آہنگ، جیسے ہر پل صرف ہمارا ہو۔ میں تمہیں آہستگی سے بستر پر لٹاؤں گا،

تمہارے چہرے پر نگاہ ٹکاؤں گا، اور پھر تمہارے لبوں پر اپنے لب رکھ کر وہ خاموشی توڑ دوں گا جو لفظوں سے بیان نہیں ہوتی۔ وہ لمس، جو چاہت کی زبان بولے نرم، لیکن شدت سے بھرپور۔ تمہاری گردن پر اپنے ہونٹوں کا رس رکھوں گا،

آہستہ، بے خوف، جیسے ہر لمحہ تمہیں یہ بتاتا جائے کہ میری خواہش صرف تم ہو مکمل، بے باک، اور بے حد قریب .....

ارم شرم سرخ پڑتی نظریں چرا گئی

"مم مجھے چینج کرنا ہے "

"میں ہوں نا چینج کروانے کے لیے تمہیں زحمت کرنے کی ضرورت نہیں"

تابش نے بیڈ سے کھڑے ہو کر ارم کو اپنی بانہوں میں اٹھایا اور اس کی بند آنکھوں کو چوما

تابش نے اسے ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے لا کر کھڑا کیا اور خود ارم کے پیٹ پر ہاتھ باندھ کر اس کے کندھے پر سر رکھے پیچھے کھڑا ہو گیا!!

ارم کے پورے جسم میں ایک سپارک سا دوڑنے لگا دل تھا کہ پسلیاں توڑ کر باہر آنے کو بے تاب تھا!!

تابش نے اس کے ماتھے پر سجا جھومر اتار کر ٹیبل پر رکھا اور ماتھے پر بوسہ دیا۔

اس نے ارم کے کانوں سے بڑے بڑے بھاری جھمکے اتار کر اس
کے کان کی لو کو اپنے لبوں میں دبا کر سک کیا۔ارم جلدی سے ٹیبل پر دونوں ہاتھ رکھتی آنکھیں میچ گئی۔ ٹیبل پر جھکنے سے ارم کی کرتی کے گہرے گلے سے اس کی دھڑکنیں عیاں ہوئی۔۔۔

تابش ارم کی پشت پر کھڑا شیشے میں نظر آتی اس کی دھڑکنوں کو دیکھ کر کچھ پل کے لیے ساکت ہو گیا دھڑکنوں کے درمیان سینے پر کالا تل اس کا حلق خشک کر گیا!!!

تابش بے اختیار ہوتا ارم کی گردن پر جھکا اور جگہ جگہ اپنی محبت کی سوغاتیں چھوڑنے لگا۔ارم نے لمبے لمبے سانس لیتے آنکھیں کھول کر شیشے میں اپنے اوپر جھکے تابش کو دیکھا اور مضبوطی سے اپنے پیٹ پر لپٹے تابش کے ہاتھ تھام گئی۔

پل بھر میں تابش نے اس کی گردن کو اپنی شدتوں سے لال کر دیا تھا وہ اوپر ہوا تو ارم اپنی کمر اس کے سینے سے لگاتی اس کے کندھے پر سر رکھ گئی!!

تابش نے قربت کے نشے میں سرخ ہوتی آنکھیں اٹھا کر شیشے میں ارم کا خوبصورت نکھرا نکھرا روپ دیکھا اس نے ایک ہاتھ اس کے پیٹ پر رکھا اور دوسرے سے اس کی گردن پکڑ کر آگے کی طرف تھوڑا سا جھکایا!!

ارم نے جھٹ سے اپنی آنکھیں کھولی تابش نے اس کی کمر پر جھک کر اپنے دہکتے لب رکھے اور ایک ہی جھٹکے میں اس کی ڈوریاں پکڑ کر توڑ گیا۔

ڈوریوں کے ٹوٹنے پر ارم نے گھبرا کر جلدی سے اپنے سینے پر ہاتھ جمائے اور شرم سے نفی میں سر ہلایا۔تابش نے اگلے ہی پل کمر کے نیچے لگی زپ کھول دی!!

تابش نے ارم کو کندھوں سے تھام کر اس کا رخ اپنی طرف کیا اور بانہوں میں بھر کر بیڈ کی طرف بڑھا ارم تھر تھر کانپنے لگی تھی۔۔

تابش نے اسے بیڈ پر لیٹایا اور اپنی شرٹ اتار کر اس کے اوپر آیا ارم۔۔ڈر کے مارے اپنی آنکھیں بند کیے کانپ رہی تھی۔

تابش نے اس کے چہرے کو دیکھا اور نرمی سے اس کے لبوں کو اپنے لبوں سے چھوا!!

ارم نے ابھی تک اپنی کرتی پر دونوں ہاتھ جمائے ہوئے تھے تابش نے اس کی آنکھوں پر پھونک ماری اور اسے ریلیکس ہونے کو بولا!!

"ارم" سانس لو.. میں نے کہا سانس لو تابش کی بات سنتے ہی ارم گہرے گہرے سانس لینے لگی لیکن اس نے آنکھیں ابھی تک نہیں کھولی تھی!!!

مج۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے ڈر لگ رہا ہے تابش۔۔۔ارم چند الفاظ نہایت مشکل سے ادا کیے تھے۔۔

ریلیکس میری جان جب تک تم کفرٹ ایبل نہیں ہو گی میں کچھ نہیں کروں گا۔۔ تابش اسے ریلیکس کرنے کی خاطر اس کے گال تھپتھپاتے ہوئے بولا!!!

ارم کو ریلیکس ہوتے دیکھ تابش دوبارہ اس پر شدت سے ٹوٹ پڑا اور اپنی شدتیں برسانے لگا۔۔

تابش نے ٹھوڑی پکڑ اسکے چہرے کو اوپر اٹھایا اور پھر عنابی ہونٹوں کا نازک گلابی ہونٹوں سے ملاپ جاری ہو گیا۔ پہلے ملن کی تڑپ کو وہ قطرہ قطرہ کر کے اس میں انڈیلنے لگا۔ اسکی سانسوں کو معطر کر کے گلابی لبوں کی نرمائی اپنے اندر جذب کرنے لگا تو ارم کا وجود بے جان سا ہو گیا!!!

ارم پوری طرح بے حال ہو گئی۔ سانسیں اکھڑی، دھڑکنیں تیز ترین ہو گئیں۔۔ بڑی بڑی آنکھوں میں آنسو بے ترتیب بہنے لگے۔ وہ اپنا وزن اس کے وجود پر ڈالتا ہوا صراحی دار گردن پر جھکا۔ وہاں سے اپنی تشنگی مٹانے کی شروعات کی۔ اور جب وہ اپنی وحشتیں اسمیں اُتار کر فارغ ہوا تو اسکے برابر آلیٹا!!!

اُسکی بانہوں کو اپنے گرد لپیٹ کر سر کو اُسکے سینے پر رکھا اور خود ایک ہاتھ اُسکے پیٹ اور دوسرا ہاتھ کمر کے گرد حائل کر لیا!! دونوں ایک دوسرے سے لپٹ گئے ارم بھی پر سکون سی آنکھیں بند کیے اپنی محرم کے سینے سے لپٹ گئی۔۔۔
محبت میں عورت کی گرفت کبھی بھی طاقت کے بل پر نہیں ہوتی،

وہ تو ایک خاموش سا احساس ہے جو مرد کے دل میں دھیرے دھیرے جڑ پکڑ لیتا ہے!!

مرد سمجھتا ہے کہ وہ آزاد ہے، مگر حقیقت میں وہ عورت کی ایک مسکراہٹ، ایک نظر، ایک لمس کا قیدی ہوتا ہے۔
وہ چاہے لاکھ انکار کرے، لاکھ خود کو آزاد سمجھے، مگر عورت کی "سچی محبت" کا اثر اس کے لہجے، اس کے فیصلوں، اس کی دعاؤں تک میں چھپ جاتا ہے۔!!!

ایسا مرد پھر دنیا سے نہیں لڑتا، وہ اپنے دل سے لڑتا ہے۔
اور محبت جب دل سے جیت جاتی ہے تو پھر باقی ہر چیز خود بخود ہار مان لیتی ہے. اور آج ارم کی محبت اور اس کا یقین جیت گیا تھا۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

وقت ایک ایسا منصف ہے جو ہر انسان کو اس کے اعمال کا صلہ ضرور دیتا ہے۔ بعض اوقات لوگ دوسروں کو دھوکہ دے کر، جھوٹ بول کر، یا فریب کاری سے وقتی فائدہ تو حاصل کر لیتے ہیں، مگر وقت کا پہیہ گھومتا ہے، اور جب پلٹتا ہے تو وہی لوگ جو دوسروں کے زخموں پر نمک چھڑکتے تھے، خود اسی تکلیف سے گزرتے ہیں۔

دھوکہ دینا بظاہر ایک جیت محسوس ہوتی ہے، لیکن درحقیقت یہ اپنے ہی لیے ایک شکست کی بنیاد رکھنا ہے۔ جو لوگ دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں، وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ دنیا مکافاتِ عمل کی جگہ ہے۔ وقت نہ صرف زخم دیتا ہے بلکہ ان زخموں کا احساس بھی دلاتا ہے، اور اکثر دھوکہ دینے والے کو وہی درد سہنا پڑتا ہے جو اس نے دوسروں کو دیا ہوتا ہے۔

زندگی کی سب سے بڑی حقیقت یہی ہے کہ وقت بدلتا ضرور ہے، اور اس کی گرفت سے کوئی نہیں بچ سکتا۔ اگر آج کوئی دوسروں کے جذبات سے کھیل رہا ہے، تو کل اسی کا دل ٹوٹنے کے لیے وقت کے رحم و کرم پر ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے رویوں میں دیانتداری، خلوص اور سچائی پیدا کریں،

کیونکہ جو چیز ہم دوسروں کو دیں گے، وہی ایک دن ہمارے سامنے آکھڑی ہو گی۔

یادرکھیں! وقت کا پہیہ جب پلٹتا ہے، تو وہ صرف لمحے نہیں بدلتا، بلکہ زندگی کے حساب برابر کرتا ہے۔

ایک بات ہمیشہ یادرکھنا

دھوکہ کھانے والے کو اللہ صبر دیتا ہے لیکن دھوکہ دینے والے کو سکون کبھی نہیں ملتا (بیشک)

ابہام کتنے دن سے نوکری کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا تھا لیکن کوئی بھی اس کو اپنے آفس میں نوکری دینے کو تیار نہیں تھا ایک تو سب ملک انڈسٹری کی وجہ سے اس کو اپنے ساتھ رکھنے پہ تیار نہیں تھے۔اور کچھ اس کو کام کا کوئی ایکسپیرینس بھی نہیں تھا!!

کیونکہ اس نے کبھی نوکری کی ہی نہیں تھی شروع سے ہی زویا کی پیسوں پر پلتا رہا تھا!!

آج پھر صبح سے فائلیں اٹھائے دربدر پھر رہا تھا لیکن کہیں بھی نوکری نہ ملی آخر کار وہ ناکام لوٹا تھا تھکا ہارا اپنی ٹھائی ڈیلی کرتے ہوئے گھر کا لوک کھول کر اندر داخل ہوتا ہے!!!!!!!!

جیسے ہی اس نے اندر قدم رکھا تو اس کو اپنے بیڈ روم میں کسی کی سرگوشیوں کی آواز سنائی دی۔۔وہ بڑی حیرانگی کے ساتھ آہستہ آہستہ قدم بڑھاتے ہوئے اپنے بیڈ روم کی جانب جاتا ہے!!

اگے جو منظر اس کو دیکھنے کو ملا اس کی آنکھیں حیرت اور غصے سے پھٹی کی پھٹی رہ گئی۔۔سارہ کسی اور کی بانہوں میں نہ غیر حالت میں پائی گئی۔۔ابہام شوک اور بے یقینی سے ان دونوں کو دیکھتا ہی رہ گیا!!!

کیا کچھ نہیں کیا تھا اس نے اس لڑکی کے لیے اور وہ لڑکی اسے ہی چیٹ کرتی رہی، اس کی پیٹھ پیچھے رنگ رلیاں منا رہی تھی، آج وہ وقت سے پہلے گھر آ گیا تھا۔۔ تو اسے پتہ چل گیا ورنہ نہ جانے کب تک یہ کھیل یوں ہی جاری رہتا!!

سا۔۔۔۔۔۔رہ، ابہام اتنی زور سے چیخا کہ گھر کے پورے گھر میں اس کی آواز گونج کر واپس آئی تھی!!

سارہ اور اس کے ساتھ جو لڑکا تھا، ابہام کو دیکھ کر دونوں کی رنگ اڑ گئے تھے لیکن پھر وہ وہ لڑکا جلدی سے اپنے کپڑے پہنتے ہوئے۔۔ ابہام، کو دھکہ دے کر گھر سے نکل گیا، اور سارہ اپنے نائٹی پہنتے ہوئے ابہام کے سامنے آ کر کھڑی ہوئی!!!

اتنا کیوں چیخ رہے ہو "مسٹر ابہام" کیا کر دیا ہے میں نے سارہ ایسے بولی جیسے اس نے کچھ غلط نہ کیا ہو!!

تمہیں نہیں پتہ تم نے کیا کیا ہے، تم میرے ہوتے ہوئے کسی اور کے ساتھ اس کی بانہوں میں تھی،، بے شرم عورت تم مجھے دھوکہ دے رہی تھی ابہام غصے سے چیخ اٹھا!!

دھوکہ دینے میں تو تم بھی بہت ماہر ہو مسٹر ابہام!!!

میں نے جو پوچھا مجھے اس کا جواب دو؟؟

کیوں کیا تم نے میرے ساتھ ایسا، میں نے تمہیں کتنا پیار کیا تمہارے لیے اپنی اتنی محبت کرنے والی بیوی چھوڑ دی یہاں تک کہ اپنا بچہ تک چھوڑ دیا لیکن مجھے بدلے میں کیا ملا ابہام لاچاری سے بولا؟؟؟

اووووو۔۔۔وفاداری اور وفا کی باتیں وہ بھی بے وفا لوگوں کے منہ سے "مسٹر ابہام" آپ کے منہ سے یہ باتیں اچھی نہیں لگتی ہیں ...

آپ نے جو اپنی پہلی وائف کے ساتھ کیا حور کے ساتھ اور پھر زویا کے ساتھ آپ کو کیا لگا آپ اتنا کچھ کرتے رہیں گے اور آپ کو ایک وفادر بیوی مل جائے گی، آپ کی بھول ہے مسٹر ابہام جو جیسا ہوتا ہے اس کو ویسا ہی ملتا ہے!!!

آپ دوسروں کی زندگیاں برباد کرتے رہے تو آپ کو کیا لگا آپ کی زندگی برباد نہیں ہو گی۔مجھے آپ سے کبھی پیار تھا ہی نہیں میں تو صرف پیسوں کے لیے آپ کے ساتھ تھی!!

آپ جب تک مجھے پیسے دیتے رہے میری ضرورتیں پوری کرتے رہیں تب تک میں تمہارے ساتھ مخلص رہی۔۔

اب تمہارے پاس کیا ہے۔۔ تم خود کنگلے ہو تمہارے پاس رہنے کو گھر تک نہیں ہے تو مجھے دے ہی کیا سکتے ہو۔۔

میری ضرورتیں کب پوری کر سکتے ہو اس لیے مجھے جو بہتر لگا میں نے وہ کیا سارہ کا پرواہی برتے ہوئے بولی!!

سا+لی کتیا تو میرے ساتھ یہ سب کرو گی چھوڑوں گا نہیں میں تمہیں جان سے ماردوں گا، ابہام نے سارہ کے بالوں سے پکڑ کر اسے جھنجوڑ کر رکھ دیا!!

چھوڑو مجھے پاگل انسان جنگلی۔ سارہ نے اس کے پاؤں پر اپنی ہیل ماری تو وہ درد بلبلانے لگا۔۔ اور اپنا پاؤں پکڑ کر وہیں بیڈ پر بیٹھ گیا!!

جارہی ہوں میں یہاں سے مجھے کوئی شوق نہیں ہے تمہارے ساتھ رہنے کے لیے تم اسی لائک کہ تم اکیلے رہو۔۔ مرو یہیں پر۔۔

سارہ ڈریسنگ روم میں جاتی ہے اور اپنا لباس چینج کرنے کے بعد پرس اٹھائے وہاں سے نکل گئی جیسے وہ پہلے ہی ساری تیاری کر کر بیٹھی تھی!!

ابہام وہیں بیڈ پر لیٹا اپنی گزشتہ زندگی کے بارے میں سوچ رہا تھا کیا سے کیا ہو گیا اس نے خود ہی اپنے ہاتھوں سے اپنا گھر اجاڑ دیا تھا!!

پہلے اس نے حور کے ساتھ ناانصافی کی اور پھر زویا کے ساتھ دو بار اللہ نے اس کو سدھرنے کا موقع دیا تھا، لیکن جس کو باہر منہ مارنے کی عادت پڑ جائے وہ کبھی بھی گھر کا نہیں کھا سکتا!!

ابہام۔۔کو نئی نئی لڑکیوں سے ملنے کا شوق تھا بھلا وہ گھر میں کیسے ٹک سکتا تھا۔۔ اس کی زندگی خوار ہو کر رہ گئی تھی۔۔

آنسو بے اختیار اس کی آنکھوں سے بہنے لگے۔۔اس کے پاس پچھتاوے کے سوا کچھ بھی نہیں بچا تھا۔۔ لیکن اب پچھتانے کا کیا فائدہ جب سب کچھ ہی وہ اجاڑ چکا تھا؟؟؟

آنسو بہت کمال کی چیز ہوتے ہیں دیکھنے میں بہت شفاف نظر آتے ہیں حالانکہ پتہ نہیں کتنا میل، کتنا کھوٹ اور کتنا پچھتاوا یہ اپنے ساتھ بہا کر لے جا رہے ہوتے ہیں!!!

کچھ لوگ ہوتے ہیں جو اپنے ہاتھوں سے اپنا ہنستا بستا گھر اجاڑ دیتے ہیں۔۔اللہ تعالی نے ابہام کو اولاد جیسی دولت سے بھی نوازا تھا لیکن وہ گناہوں کے دلدل

میں اس قدر پھنس گیا تھا کہ جان سے بڑھ کر پیار کرنے والی بیوی اور ایک ننھے وجود کا بھی خیال نہ آیا!!

جسے اس دنیا سے آنے سے پہلے ہی وہ یتیم کر چکا تھا۔۔ زویا تو اپنی زندگی میں اگے بڑھ گئی تھی اسے تو ایک چاہنے والا ہمسفر مل گیا تھا جو اس کو جان سے بھی بڑھ کر پیار کرتا تھا اس کے بیٹے کو اپنی اولاد مانتا تھا لیکن ابہام کے پاس کیا بچا تھا اس نے جو بویا تھا وہ آج وہی کاٹ رہا تھا۔۔۔

تنہائی اور پچھتاوا ساری عمر کا روگ اس کے لیے بن گیا تھا،،

تمہاری قیمت نہ سمجھنے والوں کو صرف
پچھتاوا ملنا چاہیے تم نہیں۔ ❤️‍🔥

💖💖💖💖💖💖

حور اپنی الماری میں کپڑے سیٹ کر رہی تھی جب شہریار کمرے میں آتا ہے اور آ کر اس نے حور کو پیچھے سے بانہوں میں بھر لیا!!

حور میری جان اب تو مجھے لفٹ ہی نہیں کرواتی ہو کیا بات ہے گزرتے دنوں میں ہمارا پیار کم ہو رہا ہے۔ یہ اب جی بھر گیا ہے!!!!!

شہریار۔۔ حور کی گردن پر اپنی بیرڈ پھیرتے ہوئے سرگوشی میں بولا!!

"حور" جو اپنے آپ نے مگن تھی اچانک سے اس افتاد پر بکھلا اٹھی۔۔ کیا کر رہے ہیں شہری آپ، آپ کو ہر وقت رومینس ہی سوجھتا رہتا ہے۔۔

شرم کریں ایک بچی کے باپ ہو گئے ہیں لیکن رومینس میں کمی نہیں آئی "حور" غصے سے اپنا آپ چھڑواتے ہوئے بولی لیکن شہریار کے مضبوط حصار سے نکلنا "حور" جیسی نازک کلی کے لیے کہاں ممکن تھا!!

تو میری جان پھر کیا ہوا میں تو 100 سال کا بھی ہو گیا تو پھر بھی آپ سے ایسے ہی محبت کروں گا، میری محبت دن بدن بڑھتی رہے گی، کم نہیں ہو گی، وہ اس کے کانوں میں میٹھی میٹھی سرگوشی گھولتا جا رہا تھا!!

حور کپڑے وہیں چھوڑے اس کی باتوں کے سحر میں جکڑ گئی تھی دونوں آنکھیں بند کیے ایک دوسرے کو محسوس کر رہے تھے۔۔

حور۔۔۔ شہریار کی طرف اپنا رخ موڑتے ہوئے محبت سے اس کی گردن میں اپنی باہیں ڈال کر انگلیوں کے پنجوں کے بل اونچی ہوتی ہوئی۔۔اس کی دونوں آنکھوں پر باری باری اپنے لب رکھتی ہے!!

اور بولتی ہے شہری۔۔۔میں بھی آپ سے بہت زیادہ بہت زیادہ محبت کرتی ہوں۔۔آپ کے بغیر تو میرا وجود بالکل خالی ہے ان چاہتوں کے رنگوں میں ہر رنگ میرا تم سے تم تک ہے...زندگی کا ہر لمحہ تم سے تم تک ہے...

تمہارے لمس کو میں نے اپنے وجود میں یوں جذب کیا ہے جیسے ایک بھوکا فقیر روٹی کے ہر لقمے کو اچھی طرح چبا چبا کر کھاتا ہے کہ کہیں روٹی جلد ختم نہ ہو جائے!!...

تمہاری قربت میں اپنی روح کو ایسے سمیٹ لوں کہ وقت بھی ٹھہر جائے، تمہاری سانسوں کی خوشبو میں کھو کر اپنی پہچان بھول جاؤں۔۔

تمہاری قربت سے زیادہ سکون دنیا کی کسی شے میں نہیں، تمہارے گلے لگتے ہی سرور۔۔اور سکون روح میں اتر جاتا ہے۔

تمہارا ہاتھ تھامتے ہی دنیا کی سب راحتیں اپنے مُٹھی
میں محسوس ہوتی ہیں..

تمہاری آواز کی چاشنی میرے کانوں میں اُترتے ہی روح تک جھومنے لگتی
ہے..المختصر کے تمہارا ساتھ مجھے میری بقا کے لیے،میری سانسوں کی طرح لمحہ
لمحہ میسر ہونا لازم ہے۔تمہارا اب مکمل میرا ہونا لازم ھے!!!!

جب سے شادی ہوئی تھی یہ دوسری بار کھل کر حور نے شہریار کے سامنے اپنی
محبت کا اظہار کیا تھا!!

جب جب حور شہریار سے اپنی محبت کا اظہار کرتی تھی شہریار نے وہ لمحہ کھل کر
جیا تھا!!

حور میری جان آپ سوچ بھی نہیں سکتی ہو کہ آپ کا اظہار محبت کس قدر میری زندگی بڑھا دیتا ہے۔۔دل کرتا ہے آپ بولتی رہیں اور میں سنتا رہوں۔۔

آپ کی محبت کے ایک ایک لفظ پر میں جان وار سکتا ہوں۔میری زندگی کا سکون ہو تم میرے جینے کی وجہ ہو میری جان شہریار اس کی اس کو بانہوں میں بھرے بیڈ پر لاتا ہے اور بیڈ پہ لٹا کر اس کے اوپر آ کر لیٹ گیا!!!!

حورررررررررر۔شہریار حور کے کانوں کے قریب جھک کر بولا!!

ج۔۔۔۔۔ی۔۔۔۔جی حور اٹکتے ہوئے بولی!!

میری زبان کو اجازت دو کہ وہ تمہارے بدن پر ایک لمبی بے خوف سیر کرے، تمہارے گلے کی بنیاد سے لے کر تمہاری رانوں کے بیچ تک،اور اس دوران اگر وہ راستہ بھول جائے،تو بھٹکنے دو پہاڑیوں پر چڑھنے دو،

تمہارے سینے کے نوکیلے اور تناؤ سے بھرے حصوں پر ٹھہرنے دو، تمہاری ناف میں گہری ڈبکی لگانے دو، جہاں سے تمہاری کمر سے نکلتی مٹھاس اور شہوت انگیز نمکینیت اسے اپنی گرفت میں لے لے، پھر وہ تمہیں پلٹا دے، شہریار۔۔ حور کی دھڑکنوں پر محبت سے ہاتھ پھیرتے ہوئے اس سے اجازت لے رہا تھا!!

حور مدہوش سی اس پر سکون لمحے کو محسوس کرتی جا رہی تھی۔۔۔

تمہاری قربت میں اپنی روح کو ایسے سمیٹ لوں کہ وقت بھی ٹھہر جائے، تمہاری سانسوں کی خوشبو میں کھو کر اپنی پہچان بھول جاؤں۔ شہریار ۔۔اس کی گردن پر اپنے ہونٹ رکھے اس پر شدتیں نچھاور کرنے لگا۔۔

وہ دونوں دنیا بھلائے ایک دوسرے میں مگن ہو گئے تھے!!!!

💖💖💖💖💖💖💖

ماہا۔۔صارم کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس آئی ہوئی تھی شادی کے ہنگامے ختم ہوئے کئی دن گزر چکے تھے۔۔ماہا کی طبیعت میں بھی سدھار آگیا تھا۔۔اس لیے وہ ڈاکٹر کے پاس نہیں گئی تھی!!!!!!!

لیکن پوری رات اس نے خود بھی اور صارم کو بھی جگا کر رکھا تھا۔۔ساری رات الٹیاں کرتے گزار دی تھی۔۔

صارم نے اسے اچھی خاصی سنائی بھی تھی۔۔اس لیے آج وہ سارے کام چھوڑے ماہا۔۔کو اپنے ساتھ ہاسپٹل لے کر آیا تھا!!

وہ اس وقت ویٹنگ روم میں بیٹھا ماہا کا انتظار کر رہا تھا جب اس کے نمبر پر کال آئی وہ کوٹ کی جیب سے فون نکال کر دیکھتا ہے۔ تو شہریار کی کال تھی۔۔

صارم بھائی کدھر ہیں آپ؟؟

آج آپ کی ایک بہت ضروری میٹنگ تھی۔ اور آپ ابھی تک آفس ہی نہیں آئے میٹنگ میں کب جانا ہے شہریار نے پوچھا؟؟

چھوٹے نواب میں نہیں آسکتا ماہا کی طبیعت کافی دن سے خراب ہے وہ جھلی کسی کو بتاتی ہی نہیں ہے۔۔ میں اس کو لے کر ہاسپٹل آیا ہوں۔۔

میری جو بھی میٹنگز ہے سب کینسل کر دو۔ میں نہی آسکتا صارم بولا۔۔

بھائی اگر آپ کہیں تو آپ کی جگہ پر میں چلا جاؤں میٹنگ میں شہریار نے اسے ایک صلاح دی!!

چھوٹے تمہارا اور میرا کب سے الگ ہو گیا میری جگہ پہ تم جا سکتے ہو یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے، انفیکٹ تمہیں تو مجھے پوچھنا ہی نہیں چاہیے تھا صارم ناراضگی سے بولا!!

ایسی بات نہیں ہے صارم بھائی۔۔مجھے لگا شاید آپ بھول گئے ہیں۔۔اچھا چلو کوئی بات نہیں ہے میں فون رکھتا ہوں۔۔صارم کال کٹ کر کے موبائل جیب میں ڈالتا ہے۔اور پھر ماہا کا انتظار کرنے لگا!!

تھوڑی دیر بعد نرس صارم کو اندر بلانے کے لیے آتی ہے اور وہ ڈاکٹر کے پاس چلا جاتا ہے۔۔۔

آج پھر وہ دونوں ڈاکٹر رابیہ کے پاس ہی آئے ہوئے تھے کیا ہوا ڈاکٹر ماہا کی طبیعت کیوں خراب رہتی ہے۔وہ پریشانی سے ڈاکٹر سے پوچھنے لگا!!

مسٹر صارم گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے آپ کی وائف پریگنیٹ ہے۔۔اور یہ سب کچھ ہونا ایک نارملی سی بات ہے اس میں گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے!!

کیا کہا ڈاکٹر صاحبہ ایک بار دوبارہ سے کہنا صارم کو تو جیسے یقین ہی نہیں آرہا تھا ۔۔اس کی تو دلی مراد پوری ہو گئی تھی جیسے!!

جی ہاں مسٹر آفندی آپ نے بالکل صحیح سنا ہے ماہا پریگنیٹ ہے تین منتھ کی لیکن شاید ان کو بھی پتہ نہیں تھا۔۔ جبھی یہ ان چیزوں پر غور نہ کر سکی۔۔

آپ کو ان کی ڈائٹ کا بہت اچھے سے خیال رکھنا ہے یہ کافی ویک ہے اور میڈیسن ان کو ٹائم سے دیتے رہنا ہے۔ کھانے پینے میں کوئی بھی لاپرواہی نہیں ہونی چاہیے۔۔یہ ان کے لیے اور بی بی کے لیے دونوں کے لیے فائدے مند ہو گا!!

جی جی ڈاکٹر آپ فکر نہ کریں بس آپ احتیاط اور دوائی لکھ دیں۔۔میں خود ان کا دھیان رکھوں گا!!

ڈاکٹر رابیہ ان کی فیملی ڈاکٹر تھی۔۔وہ آفندی مینشن کے لوگوں کو اچھے سے جانتی تھی۔۔آفندی مینشن کی بہوؤں پر اس کو رشک آتا تھا!!

دونوں بہوں کو کس قدر چاہنے والے شوہر ملے تھے آج کل ایسا زندگی میں بہت کم ہوتا ہے کہ کوئی خیال رکھنے والا ہم سفر مل جائے!!

اورا گرایسا ہم سفر مل جاتا ہے تو اس پر تجربے کرنے کی بجائے اپنا اپ اس پر چھاور کر دینا چاہیے۔۔

عورت کی سب سے بڑی دولت اس کا وفادار مرد ہوتا ہے

اور محبت تو وہ ہے جو بال سفید ہونے تک نبھائی جائے محبت کرنا انسان کے بس میں نہیں ہوتا مگر محبت کو نبھانا انسان کے بس میں ضرور ہوتا ہے ہزار چاہنے والوں میں ایک نبھانے والا بہتر ہوتا ہے

عورت ایک نازک پھول ہے!!...

اُسے دُکھ دینا، اُسکا دِل توڑنا جُرم ہے!!...

اُسے خوش رکھنا اور اُسکے دِل کی حفاظت ضروری ہے!!..

" وہ صرف محبّت، عزت واحترام، بھروسے اور خوشیوں کی حقدار ہے ❀♥!!...

اَللّٰھُمَّ یَسِّرْلِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا۞

”اے اللہ! مجھے صالح ہمسفر عطا فرما۔“

[صحیح بخاری:3742]

♥♥♥♥♥♥♥♥

اگر زندگی تُمہیں کسی ایسے شخص سے مِلائے جو تُم سے بغیر کسی غرض کے بے پناہ محبّتِ کرتا ہو تو اُس انسان کو خُود سے دور نہ ہونے دینا۔۔۔ !!

اُس کے جذبات، احساسات اور محبّتِ کی قدر کرنا۔۔۔!!

اپنے دُکھوں، اپنی خُوشیوں، اپنی زندگی میں مگن ہو کر اُس محبّتِ کی بے قدری نہ کر بیٹھنا۔۔۔!!

محبت نا بڑی خُود دار ہوتی ہے یہ اپنی بے قدری کرنے والوں سے ہمیشہ کے لیے
مُنہ موڑ لیتی ہے پھر پَچھتاوے کے سِوا کچھ نہیں بَچتا۔۔۔!!
اور مُحبتّوں کے پَچھتاوے قبروں تک ساتھ جاتے ہیں۔۔۔

ارم اور تابش آج لاشاری مینشن میں دعوت پر انوائٹ تھے ارم تو صبح سے ہی بہت اکسیڈڈ تھی۔۔ کیونکہ شادی کے کچھ ہی دنوں بعد تابش بزنس ٹرپ پے پاکستان سے باہر چلے گئے تھے،

وہ صحیح سے اپنی شادی انجوائے بھی کر نہیں سکی دو دن پہلے ہی تابش کی واپسی ہوئی تھی اس لیے لاشاری ہاؤس میں ان کی پر جوش اور دعوت کا اہتمام کیا گیا تھا!!

ارم کے ساتھ پورے گھر والے بھی انوائٹ تھے اور دوسری طرف شہریار اور حور کو بھی انوائٹ کیا گیا تھا!!

تابی۔۔میں کون سا سوٹ پہنوں ارم اپنی الماری سے سارے کپڑے نکال کر باری باری تابش کو دیکھا رہی تھی!!

تابش جو لیب ٹاپ پر ایک ضروری ای میل کرنے میں مصروف تھا وہ بار بار ارم کی طرف دیکھتا اور پھر دوبارہ لیب ٹاپ پر مصروف ہو جاتا!!

ارم نے تابش کو خود میں دلچسپی لیتے نہ دیکھ غصے سے جا کر اس کا لیپ ٹاپ بند کر دیا!!

یہ کیا بدتمیزی ہے ارم۔۔تمہیں پتہ ہے نا میں ضروری ای میل کر رہا تھا تابش غصے سے بولا!!

تو کیا شادی اسی لیے مجھ سے کی تھی کہ بعد میں کام میں مصروف ہو جائیں۔۔

مانتی ہوں آپ کا کام بہت زیادہ ہے لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ بیوی کو ہی بھول جاؤ میں کب سے آپ سے ہیلپ مانگ رہی ہوں لیکن آپ کی مجھ میں توجہ ہی نہیں ہے آپ کو ابھی تک مجھ سے محبت نہیں ہوئی!!

ارم سنجیدہ ہوتے ہوئے آنکھوں میں موٹے موٹے آنسو لے آئی تابش ہر چیز برداشت کر سکتا تھا۔۔ لیکن ارم کے آنکھوں میں آنسو نہیں۔۔وہ اپنا غصہ ختم کرتے ہوئے ارم کی طرف بڑھا اور اس کو شانوں سے تھام کر بیڈ پر لے جا کر بٹھاتا ہے!!

اور اس کے سامنے بیٹھ کر ارم کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ہاتھوں میں لیتا ہے۔۔

ارم میری جان تم بھی تو سمجھنے کی کوشش کرو نا مجھے بہت ضروری ای میل کرنی تھی۔اگر میں نے وقت پری میل نہ کی تو سارا پروجیکٹ برباد ہو جائے گا،

اس پہ میں نے اتنی محنت کی ہے بس چند منٹ کی بات ہے پھر سارا دن تمہارا ہی ہے میں کون سا بھاگا جا رہا ہوں، تابش۔۔ارم کو سمجھانے والے انداز میں بولا!!

میں نے بھی تو تھوڑی دیر کے لیے آپ سے ہیلپ مانگی تھی مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی میں کون سا ڈریس پہن کے جاؤں ماما کی طرف۔۔تو آپ مجھے بتا دیتے؟؟؟

لیکن نہیں آپ کو تو صرف کام سے پیار ہے مجھ سے نہیں ارم کی سوئی ابھی بھی وہیں پر اٹکی ہوئی تھی۔۔تابش نفی میں سر ہلاتے ہوئے دوبارہ اس کی تھوڑی اوپر کی اور کرتا ہے اور اس کے پیشانی پر اپنے لب رکھ دیتا ہے!!

میری جان میں نے کب تمہیں اگنور کیا ہے میں بس مصروف تھا چلو چھوڑو کام میں بعد میں کر لوں گا، بتاؤ کون سا سوٹ پہن کے جانا ہے میری جان نے۔۔

وہ ارم کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے بچوں کی طرح اسے پچکارتے ہوئے بولا!!!

ارم بھی اپنا غصہ بھلائے جھٹ خوشی سے چہک کر ایک ایک ڈریس دکھانے لگی تابش نے ایک سرخ کلر کی کلیوں والی فراک اس کے لیے سلیکٹ کی۔۔جس کی آستینوں پر فل گولڈن کام کیا گیا تھا۔۔اور دوپٹے پر ہیوی کام، باقی پوری فراک سمپل تھی!!!!!!!!!!!

ہاں یہ بیسٹ رہے گا تم پہ، ارم کو بھی وہ سرخ رنگ کی فراک بہت زیادہ پسند آئی تھی!!!

ٹھیک ہے میں پھر تیاری کرتی ہوں آپ جلدی سے اپنا کام نپٹا کر تیار ہو جائے۔۔ وہ اپنے کپڑے لیے واش روم میں جانے لگے لیکن پھر پلٹ آئی!!!

اب کیا ہوا تابش کو اس کا واپس پلٹ آنا سمجھ نہ آیا تبھی پوچھ بیٹھا!!

کچھ نہیں میں ذرا آنٹی کو دیکھ کر آؤں۔وہ لوگ تیار ہوئے ہیں یا نہیں ارم ایسا بول کر کمرے سے باہر جانے لگی۔جب ایسے پیچھے سے تابش کی آواز سنائی دی!!!

امی تیار ہو جائے گی انہوں نے کون سا میک اپ کرنا ہے بس تمہاری فکر ہے تم کب تک تیار ہو گئی۔۔تابش اس کو چھیڑتے ہوئے بولا!!

جی نہیں ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے میں کون سا روز روز میک اپ کرتی ہوں ارم منہ بسورے بولی!!

جی۔۔جی کوئی چڑیل ہے جو روزانہ میک اپ کر کے چلی جاتی ہے ہر دوسرے دن تو اونلائن کوئی نہ کوئی تمہارا پارسل آیا ہوتا ہے۔۔

اگر ایسے ہی روز پارسل آتے رہے تو بہت جلد ہم لوگ کٹورا ہاتھ میں پکڑے سڑکوں پر بھیک مانگتے نظر آئیں گے۔۔۔

ابھی تم میک اپ نہیں کرتی ہو۔۔تابش اپنے کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے بولا!!

تابی کے بچے مار کھالو گے ارم اس کے کشن مارتے ہوئے واش روم میں گھس گئی جبکہ تابش کا گلا پھاڑ قہقہ کمرے میں گونجا۔۔۔اور پھر دوبارہ وہ لیپ ٹاپ اٹھائے اپنے کام میں مصروف ہو گیا !!!!

💖💖💖💖💖

میں تیرے جسم کی شاخوں سے لپٹ کر رہ لوں

اور تیرے لمس کی خوشبو مجھے صندل کر دے۔

ارم نہا کر باہر نکلی تو اس نے بالوں کو ٹاول میں لپیٹ رکھا تھا گیلے بالوں سے پانی نکل نکل کر اس کی پوری کمر کو بھگو گیا۔ ریشمی فراک ہونے کی وجہ سے ارم کا گورا بدن صاف نظر آ رہا تھا ! !

ارم آئینے کے سامنے کھڑی ہو کر میک اپ کرنے لگی بال سکھانے کا ارادہ اس نے بعد پر ڈال دیا ! !

تابش کی نظر ارم کی طرف اٹھی تو پلٹنا ہی بھول گئی اس کی حلق میں جیسے کانٹے سے ابھرنے لگے ،، ارم کا گورا بدن سرخ فراک سے خاص جیسے تابش کو اپنی طرف ہمکا رہا تھا ! !

وہ اپنا لیپ ٹاپ وہیں پر چھوڑے چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتے ہوئے ارم کی طرف بڑھنے لگا!!

ارم جو میک اپ کرنے میں مصروف تھی اس کو دوپٹے کا خیال ہی نہیں تھا تابش نے اس کو بازو سے پکڑ کر اپنی طرف گھمایا اور اپنے سینے سے لگا کر بانہوں میں بھر لیا!!

یہ حرکت اتنی اچانک ہوئی تھی کہ تابی اور ارم دونوں کو ہی سمجھ نہ آیا تابش نے اس کو مضبوطی سے اپنی بانہوں کے حصار میں قید کیا ہوا تھا!!

تابش نے کبھی بھی ارم کے ساتھ ایسا نہیں کیا تھا جیسے وہ اب کر رہا تھا!!

تُمہاری بانہوں کے دائرے میں

اسیر ہونے کے بعد جانا ...

کہ گزرے سالوں کی یہ مسافت
بغیر منزل جو کٹ رہی تھی ...

بڑی کٹھن تھی
فقط تھکن تھی...

آج تم پہ بہت زیادہ پیار آرہا ہے وہ اس کے بالوں سے ٹاول نکالتے ہوئے محبت بھری لہجے سے بولا تو ارم کی پلکیں خود بخود ہی شرم سے جھک گئ ! !

اف تمہارا یہ شرمانا اس دیوانے کی جان نکال لے گا کسی دن وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے ڈرامائی انداز میں بولا ! !

ارم گھور کر اس کو دیکھنے لگی ایک تو پتہ ہی نہیں چلتا کب مسٹر رومینٹک بن جاتے ہیں اور کب فلمی ہیرو کی طرح ادائیں دکھانے لگ جاتے ہیں!!

تابش میں تمہیں بتا رہی ہوں مجھے یہ آپ کی چھچھوری حرکتیں اچھی نہیں لگتی۔اپنی حرکتیں سدھار لو!!

لو بیگم جی یہاں پہ لڑکیاں مارتی ہیں اور تمہیں مفت میں اتنا رومینٹک بندہ مل گیا تو قدر ہی نہیں کر رہی ہو!!

اللہ۔۔۔اللہ میں تمہاری قدر نہیں کرتی ہوں پوری پوری رات مجھے سونے نہیں دیتے ہیں۔۔اور میں کیا کروں آپ کے لیے،اور خبردار کسی اور چڑیل کا نام لیا!!

اس کو تو میں چھوڑوں گی نہیں پہلے تو تمہارا کام تمام کروں گی ارم اس کے سینے پر اپنے ناخن چلاتے ہوئے بولی!!

چھوڑ دو جنگلی بلی ایک تو یہ تمہارے ناخنوں کا مجھے کچھ کرنا پڑے گا۔۔جب کہیں پہ بس نہیں چلتا تو یہ ناخنوں سے مجھے زخمی کرنے لگ جاتی ہو!!

آج تو مجھے اتنی پیاری لگ رہی ہو میرا دل کر رہا ہے دعوت پہ جانا چھوڑ کر آجاؤ ہم سارا دن ایک دوسرے کے ساتھ بیتاتے ہیں تابش اس کی گالوں پر اپنے لب رکھتے ہوئے بولا!!

جی نہیں مجھے کوئی شوق نہیں ہے میں مما کی طرف جانا ہے اور مجھے پتہ ہے جو آپ میرے ساتھ ٹائم سپینڈ کرو گے، سارا دن مجھے تھکا دو گے، ارم کی تو تابش کی بات سن کر ہی جان ہوا ہونے لگی تھی!!

تابش کس قدر اس پر اپنی شدتیں نچھاور کرتا تھا وہ اچھے سے جانتی تھی اس کی ہر ممکن کوشش ہوتی تھی اس سے بچ کر رہی لیکن تابش کب اس کی جان چھوڑتا تھا!!

بڑے اچھے سے سمجھ گئی ہو مجھے جان تابش ارم کی ناک سے اپنی ناک رگڑتے ہوئے سرگوشی میں بولا!!!

جی ہاں وہ تو میں پہلی رات ہی سمجھ گئی تھی وہ بنا شرمائے صاف اس کے منہ پر بات بول گئی!!

تو کیا خیال ہے ایک راؤنڈ لگا لیا جائے تابش اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا!!

چھوڑو تابش مجھے میک اپ کرنے دیں دیر ہو رہی ہے تابش بنا اس کی بات سنا ہے
اس کے لبوں پر جھکا اور ان کی مٹھاس کو اپنے لبوں سے چرانے لگا!!

کافی دیر تک وہ اپنی من مانی کرتا رہا۔۔ارم اس کے رحم و کرم پر پڑی اپنی باہیں
اس کے گلے میں ڈال گئی!!

اور تابش اس کے لبوں پر مزید اپنے شدتیں نچھاور کرنے لگا تھوڑی دیر کے بعد
اس نے ارم کو چھوڑا تو وہ گہرے گہرے سانس لینے لگی!!

تیرے ہونٹ جیسے
گلاب کی پنکھڑی پر
کسی خواہش کا پہلا بوسہ
ان پر لکھوں تو لفظ بھی
سرخ ہو جائیں!!

ابھی تو میں چھوڑ رہا ہوں کیونکہ سچ میں دیر ہو رہی ہے لیکن رات کو بھولنا مت وہ اسے وران کرتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گیا اور پیچھے ارم اپنی سانسیں ہموار کرنے لگی۔۔آنے والی زندگی ان کی خوشگوار گزرنے والی تھی۔۔



زویا آج اسفی کی پسند کر لنچ تیار کر رہی تھی۔جب ملازمہ اس کے پاس کچن میں آئی ہے!!

زویا بی بی کوئی آپ سے ملنے آیا ہے!!

مجھ سے ملنے کون آسکتا ہے، بابا تو آ نہیں سکتے۔اور اسفی کا بھی آنے کا ٹائم نہیں ابھی۔تو پھر کون ہو سکتا ہے؟؟

کیا نام بتایا انہوں نے زویا نے ملازمہ سے پوچھا!

بی بی جی انہوں نے نام تو نہی بتایا بس یہی بولا ہے کے زویا میڈم سے ملنا ہے!!

اچھا ٹھیک ہے تم جاؤ میں بریانی کو دم دے کر آتی ہوں، جی بی بی جی۔اور سنو ملازمہ کچن نکلنے والی تھی جب زویا اسے دوبارہ بلاتی ہے!!

جی بی بی جی، جاؤ مہمان کے لیے پانی لے کر جاؤ ان کو پانی پلاؤ اور کھانے کا پوچھو میں جب تک آتی ہوں!!

زویا دوبارہ اپنے کام میں مصروف ہو گئی اور ملازمہ فرج میں سے پانی نکال کر باہر نکل گئی!!

کون ہو سکتا ہے مجھ سے ملنے کون آسکتا ہے میری تو کوئی دوست بھی نہیں ہے، تانیہ سے بھی وہ دوستی ختم کر چکی تھی، انہی سوچوں کے ساتھ بریانی کو دم دے کر اور چولہے کی آنچ دھیمی کر کے سر پر اچھے سے دوپٹہ اوڑھتے ہوئے ڈرائنگ روم کی جانب بڑھ گئی!!

جیسے ہی وہ ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی۔ سامنے والے شخص کو دیکھ کر اس کے قدم وہیں پر جم گئے تھے!!

سامنے کوئی اور نہیں بلکہ ابہام تھا، لیکن جو ابہام کی حالت تھی وہ دیکھنے لائق بالکل بھی نہیں تھی وہ کہیں سے بھی پہلے والا ابہام لگ ہی نہیں رہا تھا!!

کپڑے شکنوں سے بھرے جیسے کئی دنوں سے بدلے ہی نہ ہو آنکھوں کے گرد گہرے کالے ہلکے بال بکھرے شیو بڑی ہوئی احساس ندامت سے نگاہیں جھکائے وہ صوفے پر بیٹھا ہوا تھا!!!!!!!!

کیا لینے آئے ہو یہاں زویا اپنے لہجے کو تلخ کرتے ہوئے بولی!!

ابہام کی نظر زویا کی طرف اٹھی تو پلٹنا ہی بھول گئی تھی اس وقت اسے اپنے اندر ایک سکون سا اترتا محسوس ہوا اتنے دنوں کی جو بے چینی تھی وہ ہوا ہوتی ہوئی محسوس ہوئی اس کو اچھے سے احساس ہو گیا تھا کہ اس کے دل کا سکون صرف زویا میں ہی تھا لیکن کیا فائدہ اب؟؟

زویا اپنے زندگی میں کس قدر پر سکون تھی وہ اس کے چہرے سے صاف نظر آ رہا تھا!!

زوئی میں تم سے معافی مانگنے آیا ہوں، پلیز مجھے معاف کر دو وہ اچانک صوفے سے اٹھتے ہوئے۔ زویا کی قدموں میں گر کر گڑگڑا کر معافی مانگنے لگا!!

زویا تو حق دق ابہام کو دیکھ رہی تھی ابہام کو اپنے قدموں میں گرے دیکھ، وہ جلدی سے اپنے پاؤں پیچھے کر گئی!!

چاہے ابہام نے اس کے ساتھ کچھ بھی کیا تھا لیکن اس کا ظرف اس بات کی بالکل اجازت نہیں دیتا تھا کہ کوئی مرد اس کے پاؤں کو چھوئے،،اور وہ بھی غیر مرد!!

اب وہ اسفی کے نکاح میں تھی، وہ اس کا محرم تھا،!!

پیچھے ہٹیں کیا کر رہے ہیں آپ۔۔۔پلیز مجھے معاف کر دو ابہام دوبارہ سے اس کے پاؤں کو چھونے لگا!!

ہٹیں،،،میں نے کہا نا پیچھے ہٹیں مجھے چھونا مت زویا غصے سے اسے جھڑکتے ہوئے بولی!!

اوراب معافی مانگنے کی کیاضرورت پڑی مسٹر ابہام کوزویااپنے سینے پر دونوں بازو فولڈ کرتے ہوئے تنزیہ لہجے میں بولی!!

پلیز زویا مجھے معاف کردو کوئی دن ایسا نہیں ہے جب میں نے تمہیں یاد نہ کیا ہو۔۔اپنے رب سے معافی نہ مانگی ہو۔۔میں بہک گیا تھا، بھٹک گیا تھا،

میرے لیے عورتیں ٹشو پیپر سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں تھیں لیکن میں جان گیا ہوں کہ عورت کی عزت کیا ہوتی ہے۔۔میں نے تو کبھی کسی عورت کی عزت کی ہی نہیں تھی۔۔پہلے میں نے حور کو ٹھکرایا۔۔۔تمہاری خاطر لیکن تم سے بھی وفا نہ کر سکا!!!!!

اور کسی کو بانہوں میں گر گیا مجھے معاف کردو۔۔میں نے اپنی غلطیوں کی بہت سزا پا رہا ہوں۔۔

میرا اللہ بھی مجھے تب تک معاف نہیں کرے گا جب تک تم مجھے معاف نہیں کرو گی، دیکھو میں کتنا بدنصیب ہوں اپنے بچے کی شکل تک نہیں دیکھ سکا اپنے ان ہاتھوں سے وہ اپنے ہاتھوں کی طرف دیکھتے ہوئے بولا،، ان ہاتھوں سے میں نے اپنی خوشیاں اجاڑ دی ہیں!!

مرنا چاہتا ہوں لیکن موت نہیں آتی نہ جانے اپنے گناہوں کی اور کتنی سزا میں نے کاٹنی ہے،، تم مجھے معاف کر دو گی تو میرے دل کو کچھ سکون آجائے گا،، وہ وہیں زمین پر سر ڈھائے بلک بلک کر بچوں کی طرح رونے لگا!!

وقت ڈھلنے لگتا ہے، اور جب مکافاتِ عمل شروع ہوتا ہے تو وہی پتھر آکر آپ کو لگتے ہیں، جو کبھی آپ نے ٹھہرے ہوئے پانی میں پھینکے ہوتے ہیں!!

اتنی دیر میں اسفندیار بھی گھر آچکا تھا،،اسفی نے ابہام کی ساری باتیں سن لی تھی، زویا خاموش آنسو بہاتی جارہی تھی وہ اگے بڑھ کر زویا کو کندھوں سے تھامتا ہے!!

اور آنکھوں ہی آنکھوں میں اسے اپنے ساتھ ہونے کا یقین دلاتا ہے،،اور جیسے بول رہا ہوں کہ معاف کردو۔۔

زوئی معاف کردو اسے اللہ بھی تو بندوں کی غلطیاں معاف کردیتا ہے نا؟؟

اس کی غلطی معافی کے لائق تو نہیں ہے لیکن ہم کون ہوتے ہیں اس کو سزا دینے والے،،اپنا فیصلہ اللہ پر چھوڑ دو وہ بہترین فیصلے کرنے والا ہے!!

سورہ کہف میں ہمارے لیئے ایک سبق ہے کہ جب کچھ

ایسا ہماری زندگی میں ہو رہا ہو جسکی ہمیں سمجھ نا آئے تو ہمیں صبر کر لینا چاہیے کیونکہ ضروری نہیں ہمیں ہر چیز کی حکمت فوراً ہی سمجھ آجائے کبھی یہ باتیں وقت کے ساتھ سمجھ آتی ہیں اور وقت سارے راز کھول دیتا ہے۔ بیشک اللہ کے فیصلے ہماری چاہت سے بہتر ہیں!!!

زویا نے پہلے اسفندیار کی طرف دیکھا اور پھر ابہام کو دیکھ دھیمی سی مسکان کے ساتھ بولی:: جاؤں مسٹر ابہام میں نے تمہیں اپنے بیٹے کے صدقے معاف کیا۔۔

تم بھی کیا یاد کرو گے، لیکن دوبارہ زندگی میں کبھی بھی مجھے اپنی شکل مت دکھانا میں نہیں چاہتی کہ تم جیسے شخص کا سایہ بھی میرے بچے پر پڑے!!!

تم وہ بدنصیب شخص ہو جس نے اپنی ہاتھوں سے اولاد جیسی دولت کو ٹھکرا دیا۔۔اور میں اب کبھی بھی اپنے بچے پر تمہارا سایہ نہیں پڑھنے دوں گی،،

اس سے پہلے کہ میرا بچہ یہاں پہ آئے۔۔یہاں سے چلے جاؤ زویا نے اسے باہر کر راستہ دکھاتے ہوئے کہا!!

ابہام۔۔آج بالکل خالی ہاتھ رہ گیا تھا، وہ اتنا بدنصیب تھا کہ اپنے بچے کی شکل تک نہ دیکھ سکا ن اور خالی ہاتھ اور سست قدموں سے زویا کے گھر سے نکلتا چلا گیا۔۔

دھوکہ کھانے والے کو تو صبر آجاتا ہے لیکن دھوکہ دینے والے کو کبھی سکون نہیں آتا۔۔۔۔۔۔!!!!

نہ جانے زندگی میں اور کتنی سزا کاٹنی تھی اس نے اپنے گناہوں کی..ابھی تو شروعات تھی اور یہ ابھی سے تھک گیا تھا!!

زویا نے آسمان کی طرف دیکھا اور رب کا شکر ادا کیا جس نے اس کے صبر کا پھل اسے اسفی کی صورت میں دیا تھا!!

چلو بھئی دیر ہو رہی ہے مجھے بہت زیادہ بھوک لگی ہوئی ہے لنچ تیار ہوا کہ نہیں۔۔ اسفند یار ماحول کو ہلکا پھلکا کرنے کی خاطر بولا!!

جی جی لنچ تیار ہے زویا آنسو صاف کرتے ہوئے مسکرا کر بولی اور وہ دونوں ڈرائنگ روم کی جانب بڑھ گئے۔۔

صبر وہ چراغ ہے جو اندھیروں میں جلتا ہے۔
یہ وہ خاموشی ہے جو تقدیر پر یقین سے لبریز ہوتی ہے۔

دھوپ کتنی ہی تیز کیوں نہ ہو، صبر کا سایہ ہمیشہ ٹھنڈا رہتا ہے۔
یہ آنکھوں میں قید وہ دعا ہے جو وقت آنے پر رنگ لاتی ہے۔
صبر کرنے والے کے حصے میں ہمیشہ بہترین لکھا جاتا ہے۔

💖💖💖💖💖💖

)پانچ سال بعد(

حور کچن میں کھڑی کشش اور حماس (ماہا اور صارم کا بیٹا) کے لیے میگی بنا رہی تھی، جب اسے کشش کے چیخنے کی آوازیں سنائی دی، وہ میگی کو وہیں چھوڑے جلدی میں چولہا بند کرتی ہوئی ڈرائنگ روم میں بھاگی!!

آگے جاکر جو منظر ایسے دیکھنے کو ملا وہ حیرانگی سے دیکھنے لگی۔۔ حماس نے کشش کی لمبے گھنگرالے بالوں کی چوٹیاں اپنے ہاتھوں میں پکڑے، اس کو گھسیٹ رہا تھا!!

مما۔۔۔ مما حور کو دیکھتے ہی وہ مما مما کی گردان کرنے لگی حماس بیٹا چھوڑو بہن ہے وہ تمہاری کیوں تنگ کرتے رہتے ہیں اس کو ہر ٹائم۔۔ حور "کشش" کے بال حماس کے ہاتھوں سے چھڑواتے ہوئے نرم لہجے سے بولی!!

نہیں ہے یہ میری بہن،،، پانچ سالہ حماس غصے سے چیخ کر بولا یہ چڑیل ہے خون پینے والے چڑیل اس نے میری ساری چاکلیٹس کھالی ہیں!!!

نہیں مما یہ جھوٹ بول رہا ہے میں نے کوئی چاکلیٹس نہیں کھائی۔۔ حور نے کشش کی طرف دیکھا اور اس کی سفید جھوٹ پر اس کو بس گھور کر ہی رہ گئی!!

کیونکہ چاکلیٹ کشش کے پورے منہ پر لگی ہوئی تھی جو اس کے جھوٹ کا صاف پتہ دے رہی تھی،، کشش میں نے کتنی بار بولا ہے جھوٹ بولنا بری بات ہے۔۔آپ پھر بھی نہیں سمجھتی!!!!

کیوں ڈانٹتی ہے میری بیٹی کو اتنی دیر میں ماہا بھی اپنی ڈھائی سالہ بیٹی کو اٹھائے وہاں پر پہنچ چکی تھی!!

بھابھی دیکھیں نا ان دونوں کی لڑائی ختم ہی نہیں ہوتی۔ابھی بھی اس تمہاری لاڈلی نے حماس کی چاکلیٹس کھالی ہیں۔۔اور اوپر سے مجھے بول رہی ہے کہ یہ جھوٹ بول رہا ہے؟؟؟؟؟؟

کشش بیٹا میں نے آپ کو بولا تھا نا کہ جھوٹ نہیں بولتے ہیں ماہا کششش کو پچکارتے ہوئے بولی!!

سوری بڑی مما وہ اپنے ننھے ننھے ہاتھوں سے اپنے کانوں کو پکڑتے ہوئے اپنا نچلا ہونٹ لٹکا کر بولی تو سب کو اس کی اس حرکت پر ہنسی آگئی!!

حور نے جلدی سے اس کو اپنی گود میں لیا اور چٹا چٹ اس کے پھولے ہوئے گالوں کو چوم گی۔۔میری شہزادی میری گڑیا!!

حماس کو ان ماں بیٹے کا پیار ایک آنکھ نہیں بھاتا تھا چھوٹی مما آپ کشش سے زیادہ پیار کرتی ہیں۔۔میرے سے نہیں حماس حور کو ایموشنلی بلیک میل کرتے ہوئے بولا!!

نہیں میرے ہیرو ایسی بات نہیں ہے حور اس کو بھی اپنی گود کی دوسری سائڈ پر بٹھاتے ہوئے اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے بولی۔۔

میرے لیے تم دونوں ہی بہت عزیز ہو جیسے میری کشش ہے ویسے ہی آپ میرے لیے ہو۔۔۔ حوراس کی پیشانی کو چومتے ہوئے محبت سے بولی!!

آپ دنیا کی سب سے اچھی مما ہے حماس اور کشش ایک ساتھ بولے اور حور کے گلے سے چمٹ گئے۔۔ماہا بھی ان کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگی۔۔

حور۔ارم کے بچوں کی برتھ ڈے پر جانے کی تیاری کرلی ہے؟؟؟

جی بھابھی ساری تیاری ہو گئی ہے جانا تو شام کو ہی ہے۔۔تب تک شہریار اور صارم بھائی بھی آجائیں گے،، پھر مل کر ساتھ چلیں گے!!

آج تابش اور ارم کے جڑواں بچوں کی پہلی سالگرہ تھی اس لیے انہوں نے تمام لوگوں کو بلایا ہوا تھا کشش اور حماس تو چھوٹے بیبیز کو دیکھنے کے لیے بہت آکسائیڈ ہو رہے تھے..

ماما مجھے اپنی باربی ڈول والی فراک پہن کر تابش ماموں کے بیبیز دیکھنے جانا ہے۔۔
کشش حور کا چہرہ اپنے ننھے ہاتھوں میں لیتے ہوئے سفارش کرنے لگی!!

لگو گی تو تم پھر بھی اس میں خون پینے والی چڑیل ہی نا حماس کب پیچھے رہنے والا تھا۔۔وہ کششش کو تنگ کرنے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا تھا!!

حماس اب آپ مجھ سے پٹائی کرواؤ گے۔۔ماہا ایسے وران کرتے ہوئے بولی۔۔ چلو جاؤ اپنا ہوم ورک کمپلیٹ کرو پھر شام کو ماموں کے ہاں بھی جانا ہے نا۔۔

حماس۔۔۔کشش کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھتے ہوئے اٹھ کر میں اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔۔

ختم شد